سائرہ نے اس کا چہرہ اپنے ہاتھوں کے پیالے میں لے کر کہا۔۔۔۔!!

ممی۔۔۔۔!!

میں کسی کو پسند نہیں کرتی بس میں ہمیشہ آپ لوگوں کے ساتھ رہنا چاہتی ہوں۔۔۔۔۔میں آپ کو اور پاپا کو چھوڑ کر نہیں جانا چاہتی۔۔۔۔!!!

سعدیہ نے ماں کے کندھے سے سر ٹکائے کچھ آوارہ لٹوں کو انگلی پر لپیٹتے ہوئے کہا۔۔۔!!

ہاہاہاہاہا۔۔۔۔۔شادی سے پہلے ساری لڑکیاں ایسا ہی کہتی ہیں۔۔۔۔۔۔اور بعد میں اپنی زندگی میں ایسی مگن ہوتی ہیں کہ ماں باپ ماضی کا حصہ بن جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔!!!

سائرہ نے سعدیہ کے ماتھے پر بوسہ دیتے ہوئے مسکرا کر کہا۔۔۔۔۔!!

نہیں جی میں ایسی بلکل بھی نہیں ہوں میں ہمیشہ اپنی مما اور پاپا کو یاد رکھوں گی اور ملنے بھی آؤں گی۔۔۔۔۔ویسے آپ ایک کام کیوں نہیں کرتیں کوئی گھر داماد ڈھونڈ لیں۔۔۔۔۔!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سعدیہ اپنی ہی بات پر کھل کھلا کر ہنس پڑی۔۔۔۔

چپ۔۔۔۔۔۔۔بد تمیز کہیں کی ابھی کہہ رہی تھی میں شادی نہیں کرنا چاہتی اور ابھی کہہ رہی ہے کہ گھر داماد ڈھونڈ لو۔۔۔۔بات کرتی ہوں تمہارے پاپا سے۔۔۔۔!!

سائرہ نے منصوعی خفگی سے کہا اور بیڈ سے اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔۔۔۔!!

ممی۔۔۔۔۔پلیز پاپا کو مت بتانا میں تو مذاق کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔آپ تو میری اتنی اچھی دوست ہیں اور دوست دوسرے دوستوں کی بات کسی کو نہیں بتاتے۔۔۔۔!!!

سعدیہ نے جلدی سے ماں کے بازو سے پکڑ کر دوبارہ اپنے پاس بٹھا لیا۔۔۔۔!!!

اچھا میری جان نہیں بتاتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔!!!

سائرہ نے مسکراتے ہوئے اسے تسلی دی تو وہ خوش ہو گئی۔۔۔۔۔!!

او تھینکس ممی آپ دنیا کی سب سے ماں ہیں۔۔۔۔!!

سعدیہ نے جوش میں آکر سائرہ کو زور سے گلے لگا کر اس کا شکریہ ادا کیا۔۔۔!!

اچھا اچھا۔۔۔۔۔۔۔اب مکھن مت لگاؤ میں تمہارے لیے کافی بنا کر لاتی ہوں۔۔۔۔۔!!

سائرہ نے بڑے پیار سے اس کو پرے ہٹاتے ہوئے کہا۔۔۔!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!ہاں پلیز میں یہ تو بڑی نیکی کا کام کریں گی آپ۔۔۔۔۔قسم سے بڑی طلب ہو رہی ہے۔۔۔

!!سعدیہ نے دوبارہ وہی بک اٹھاتے ہوئے کہا۔۔

!!ابھی بنا کر لاتی ہوں۔۔۔۔

!!سائرہ نے کمرے سے نکلتے ہوئے کہا تو سعدیہ دوبارہ ادھورا ناول مکمل کرنے لگی۔۔۔۔

خوش قسمت ہیں وہ لوگ جن کی محبت اور نرم لہجے دوسروں کے دلوں سے ڈر ختم کر دیتے ہیں اور پھر وہاں عزت اور احترام کے سوا کچھ نہیں رہی جاتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن ایک بات ہمشہ یاد رہے حمزہ۔۔۔۔محبت میں منافقت نہیں ہوتی۔۔۔!!

جاوید کی باتیں حمزہ کے دل میں اتر رہی تھی وہ دونوں اس وقت جاوید کے کمرے میں موجود تھے

!!!۔۔۔۔۔۔

!!جی بھائی آپ بلکل سہی کہہ رہے ہیں۔۔۔

!!!جاوید خاموش ہوا تو حمزہ نے جواب میں کہا۔۔۔۔

کیا نام ہے اس کا۔۔۔؟

!!جاوید نے مسکراتے ہوئے نرمی سے سوال کیا۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کک۔۔۔۔کس کا نام بھائی۔۔۔؟

!!حمزہ کی دھڑکنیں تیز ہو گئیں۔۔۔

وہی جس سے محبت کرتے ہو۔۔۔اور رات کو خواب میں بھی شاید اسی سے باتیں کر رہے تھے۔۔۔۔

!!____ ساری باتیں تو مجھے یاد نہیں ہے ہاں البتہ ایک بات یاد ہے۔۔۔تم کہہ رہے تھے

!!تمہاری گالوں میں پڑنے والا ڈمپل مجھے بہت اچھا لگتا ہے۔۔۔

!!جاوید ایک بار پھر بات ختم کر کے مسکرایا۔۔۔

رر۔۔۔۔رات کو مم۔۔۔میں باتیں کر رہا تھا؟

!!حمزہ اس وقت حیرت کی انتہا پر تھا۔۔۔

ہاں جب تم بول رہے تھے پہلے تو میں نے یہ سمجھا کہ شاید مجھے سے بات کر رہے ہو لیکن جب میں نے غور

!!کیا تو پتہ چلا کہ تم تو کسی اور سے بات کر رہے تھے۔۔۔سو میں خاموشی سے سنتا رہا

!!جاوید نے اس کی حیرت میں اضافہ کیا۔۔۔

نام نہیں بتایا تم نے؟

!!اسے خاموش پا کر جاوید نے دوبارہ سوال کیا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!بھائی وہ۔۔۔۔۔۔۔۔وہ میں۔۔۔۔

!!دیکھو جھوٹ مت بولنا۔۔۔۔۔میں تمہارا بھائی ہی نہیں دوست بھی ہوں۔۔۔

!!اس سے پہلے کہ وہ کوئی بہانہ کرتا جاوید نے اسے ٹوک دیا۔۔۔۔

میرے ساتھ پڑھتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔سعدیہ نام ہے اس کا۔۔۔۔۔۔۔اور واقعی آپ سہی کہہ رہے تھے

!!!مجھے اس کے گالوں میں پڑنے والا ڈمپل بہت اچھا لگتا ہے لیکن۔۔۔۔۔

!!اس نے بات اُدھوری چھوڑ کر جاوید کی طرف دیکھا۔۔۔۔

لیکن کیا؟

!!جاوید نے اس کی خاموشی پر سوال کیا۔۔۔

لیکن وہ تھوڑی مغرور ٹائپ کی لڑکی ہے ناک پر مکھی نہیں بیٹھنے دیتی۔۔۔۔۔۔۔۔اور یہ کہ وہ حیثیت میں

!!!بھی ہم سے کافی اوپر ہے اس کا باپ ڈاکٹر ہے اور ان کا اپنا ہسپتال بھی ہے۔۔۔۔۔

!!حمزہ نے بے بسی سے اپنا اور سعدیہ موازنہ کر کے جاوید کو بتایا۔۔۔۔

محبت حیثیت دیکھ کر نہیں ہوتی اس لیے اپنی اور اس کی حیثیت کا موازنہ کرنا چھوڑ دو یہ ہمیشہ سے ہوتا آیا ہے

!!دل نا امیر کی سنتا نا غریب کی یہ اپنی من مانیاں کرتا ہے۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!جاوید نے سینے پر دل کی جگہ انگلی رکھ کر کہا۔۔۔

!!!لیکن شاید وہ مجھے ناپسند کرتی ہے۔۔۔۔۔

!!حمزہ نے ایک اور مشکل بتائی۔۔۔۔۔

یہ تم کیسے کہہ سکتے ہو کہ وہ تمہیں ناپسند کرتی ہے؟

!!جاوید نے الٹا اس سے سوال کیا۔۔۔۔

کیونکہ اس کا رویہ ہمیشہ سے میرے ساتھ روڈ سا رہا ہے باقی دوست کی طرح کبھی اس نے مجھ سے بات نہیں

!!کی۔۔۔۔۔۔۔۔

!!حمزہ نے جواب دیا۔۔۔

تم نے کبھی بات کرنے کی کوشش کی؟

!!جاوید نے پھر سوال کیا۔۔۔

دل تو بہت کرتا ہے لیکن ہمت نہیں ہوتی۔۔۔۔۔۔ڈرتا ہوں کہ وہ برا مان گئی تو؟

!!حمزہ نے ہونٹ کاٹتے ہوئے جواب دیا۔۔۔

سعدیہ کے حوالے اس کی آنکھوں میں جو خوف تھا وہ صاف محسوس ہو رہا تھا کہ وہ اسے کھونے سے ڈر رہا ہے

!!!جس کو اس نے کبھی پایا ہی نہیں۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیوفوف محبت کے بدلے محبت چاہتے ہو۔۔۔۔۔جو محبت کرتے ہیں ان کو اس چیز سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ جو ان کا محبوب ہے میں بھی اس کا محبوب ہوں کہ نہیں۔۔۔۔۔۔جو محبت کے بدلے میں محبت چاہتے ہو ہیں وہ محبت نہیں تجارت کرتے ہیں اور محبت میں تجارت کی گنجائش نہیں ہوتی۔۔۔۔۔!!!

جاوید نے مسکراتے ہوئے اس کے بالوں میں انگلیاں پھیریں اور اٹھ کر کمرے سے باہر کی جانب چل پڑا۔۔۔۔۔!!!

اور ہاں اگر تمہیں کچھ کھونے کا ڈر ہے تو محبت کرنا تمہارے بس کا کھیل نہیں ہے تم کوئی اور کام کرو۔۔۔۔!!!

جاوید اسے سوچوں میں بھٹکتا ہوا چھوڑ کر باہر نکل گیا۔۔۔۔۔۔۔!!

دل امید توڑا ہے کسی نے۔۔۔!!

سہارا دے کہ چھوڑا ہے کسی نے۔۔۔۔!!

برہان اور حمزہ ایک پارک میں بیٹھے تھے برہان کو حمزہ نے بلایا تھا کافی دیر برہان حمزہ کے بولنے کا انتظار کرتا رہا لیکن جب کافی دیر تک حمزہ نے کوئی بات نہیں کی وہ برہان نے وقت گزاری کے لیے اپنی بے سری آواز میں گنگنانا شروع کر دیا۔۔۔۔۔!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قفس کی تیلیاں رنگین کیوں ہیں

یہاں پہ سر کو پھوڑا ہے کسی نے۔۔۔۔۔

یار تم اپنے بے سری آواز پر قابو نہیں رکھ سکتے۔۔۔؟

!!حمزہ نے ڈپٹ کر کہا۔۔۔

!!دیکھو باس جو فلم تمہارے دماغ میں چل رہی ہے میں اس کا بیک گراؤنڈ میوزک گا رہا ہوں۔۔۔۔

!!!!!!!!!!برہان نے ٹانگ پر ٹانگ دھرے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔۔۔۔۔

!!!اتنا بے سرا بیک گراؤنڈ میوزک مجھے نہیں چاہیے اس لیے پلیز شٹ یور ماؤتھ۔۔۔۔۔

!!حمزہ نے اکھڑے ہوئے لہجے میں کہا۔۔۔

ٹھیک ہے میں اپنا منہ بند کر لیتا ہوں پر تم تو اپنا بوتھا شریف کھولو نا کیوں بلایا ہے کب سے تمہارا منحوس منہ تک رہا ہوں بٹوے کی طرح منہ بنا کر بیٹھے ہو بندہ کھانے کی کوئی چیز ہی منگوا لیتا ہے اور اوپر سے گانے پر بھی پابندی ہے مجھے اپنا منہ دیکھنے کے لئے بلایا ہے تو دیکھ لیا تیرا منہ سوہنا ہے اب جا رہا ہوں میں بیٹھ کر سوچتا رہ

!!حد ہو گئی ہے یار۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!! برہان نے اس کی اچھی خاصی کلاس لے لی۔۔۔۔۔

!!! باتیں کیوں سنا رہا ہے اتنا ہی تنگ ہے تو چلا کیوں نہیں جاتا دفع ہو یہاں سے۔۔۔۔۔۔

!! حمزہ بھی تپ گیا۔۔۔

ہاں ہاں جا رہا ہوں زیادہ شوخا نابن بڑا آیا سیٹھ عابد کا بچہ۔۔۔۔ مجھے بھی کوئی شوق نہیں ہے تیری باتیں سننے کا جا رہا ہوں۔۔۔۔۔!!

!! وہ اٹھا اور پارک سے باہر جانے جانے لگا۔۔۔۔

!! دفع ہو جا منحوس اور اپنی شکل مت دیکھانا مجھے۔۔۔۔۔

!! حمزہ نے اسے پیچھے سے ہانک لگائی۔۔۔۔

!! یہ الو کا پٹھا تو سچ میں چلا گیا ہے۔۔۔۔

!! حمزہ نے اس کے جانے کے بعد خود کلامی کی۔۔۔۔۔

!! او میرے خدا مجھے کیا ہو گیا ہے۔۔۔۔۔ میں نے ایسے ہی بیچارے کو ڈانٹ دیا۔۔۔۔

!! حمزہ نے اپنے سر کو تھام لیا۔۔۔۔

!! چل خیر ہے سوری کر لے پریشان نا ہو۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سر جھکائے بیٹھا تھا کہ اسے بلکل اپنے ساتھ ہی برہان کی آواز سنائی دی اس نے سر اٹھا کر دیکھا تو برہان اس کے ساتھ بیٹھا ٹانگ پر ٹانگ رکھے سینے پر ہاتھ باندھ کر اسی کی طرف دیکھ کر مسکرا رہا تھا۔۔۔!!

!!تم پھر آ گئے؟ تمہیں کہا تھا نا کہ اپنی شکل مت دیکھانا۔۔۔

!!حمزہ اس کو دیکھ کر دوبارہ تپ گیا۔۔۔

میں نے سوچا دوست پریشان ہے اور دوست کو پریشان چھوڑ کر جانے والا دوست نہیں ہوتا اس لیے تمہاری گھٹیا گھٹیا باتوں کو اگنور کیا اور چلا آیا۔۔۔۔بتا کس لیے بلایا تھا؟

!!برہان نے طنز کے تیر چلاتے ہوئے سنجیدگی سے بلانے کا مقصد پوچھا۔۔۔

سوری یار مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہی کہ میں کیا کروں۔۔۔۔؟

!!حمزہ نے برہان کی طرف دیکھ کر کہا۔۔۔

کھل کر بتا بات کیا ہے جو تجھے سکون نہیں لینے دی رہی۔۔۔؟

!!برہان نے نرمی سے اس کا ہاتھ پکڑ کر پوچھا۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سعدیہ مجھے اچھی لگتی ہے اور میں اسے کہنے سے اس لیے ڈر رہا ہوں کہ اگر اس نے انکار کر دیا تو؟ لیکن بھائی کہتا ہے جو سچی محبت کرتا ہے اسے انکار یا اقرار کی پرواہ نہیں ہوتی۔۔۔!!

حمزہ نے اسے جاوید کی کہی ہوئی بات بتائی۔۔۔!!

تجھے ایسا کیوں لگتا ہے کہ وہ انکار کر دے گی۔۔۔؟

برہان نے الٹا اس سے سوال کیا۔۔۔۔!!

کیونکہ وہ وسیم کے ساتھ کچھ زیادہ ہی اٹیچ ہے اس لیے ڈرتا ہوں کہیں وہ دونوں ایک دوسرے کو پسند تو نہیں کرتے۔۔۔۔!!!

حمزہ نے دل میں موجود خدشے کو ظاہر کیا۔۔۔!!!

یہ تیرا وہم بھی ہو سکتا ہے ہو سکتا ہے کہ وہ صرف اچھے دوست ہوں کیونکہ ایک بار پوچھنے پر وسیم نے خود بتایا تھا کہ وہ صرف دوست ہیں۔۔۔!!

برہان نے اسے یاد دہانی کروائی۔۔۔!!!

تو کیا مجھے اپنے جذبات سعدیہ سے شیئر کرنے چاہئیں؟

حمزہ نے جیسے اجازت چاہی۔۔۔۔۔۔!!!

کب تک اسے چھپ کر دیکھتے رہو گے میرے خیال میں تجھے بول نہیں دینا چاہیے۔۔۔!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!! برہان نے سنجیدگی سے کہا۔۔۔

اگر وہ برا مان گئی تو؟

!! حمزہ ابھی تک کنفیوز تھا۔۔۔۔

ابے ڈھکن محبت کرنے پر کون برا مانتا ہے۔۔۔۔۔؟

!! برہان نے قہقہہ لگاتے ہوئے جواب دیا۔۔۔۔

!! تو سچ میں ایک نمبر کا کمینہ ہے۔۔۔۔

!! حمزہ نے خفگی سے اس کی طرف سے منہ پھیر کر کہا۔۔۔۔

ہاہاہاہاہا۔۔۔۔۔ڈرتا کیوں ہے یار محبت کی ہے گناہ نہیں اور نا ہی فلحال کوئی ایسا قانون آیا ہے جو محبت کو جرم ثابت کر دے اگر ثابت ہو بھی کہ محبت کرنا قانوناً جرم ہے تو تمہاری جگہ اس جرم کا ارتکاب عدالت کے سامنے میں کروں گا۔۔۔۔۔ !!

!! جج صاحب یہ محبت کرنے کا جرم میں نے کیا ہے میرا دوست بلکل بے قصور ہے اس کو پھنسایا جا رہا ہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

برہان نے معصوم سی شکل بنا کر باقاعدہ ایکٹنگ کر کے دیکھائی اس کے اس انداز پر حمزہ دل کھول کر ہنسا۔۔۔!!

کمینے تجھے تو بالی ووڈ میں کام کرنا چاہیے تو یہاں کیا کر رہا ہے۔۔۔؟؟

حمزہ نے بمشکل اپنی ہنسی روکتے ہوئے کہا

اس دو ٹکے کی انڈسٹری کی یہ اوقات کہ میں وہاں کام کروں مائی فٹ۔۔۔ہاں البتہ چانس ملا تو پاکستانی انڈسٹری میں ضرور کام کروں گا۔۔۔!!

اس نے بلکل فلمی انداز میں ایک مشہور پاکستانی ڈرامے کے ڈائیلاگ کی ایسی کی تیسی کرتے ہوئے بعد میں دانتوں کی نمائش کی۔۔۔!!

دانت مضبوط ہیں بس ذرا برش وقت پر کر لیا کر۔۔۔!!

حمزہ نے جملہ کسا تو فوری اس کا منہ بن گیا۔۔۔!!

اچھا خفا نا ہو چل تجھے اچھی سے کافی پلاتا ہوں۔۔۔!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حمزہ نے اٹھتے ہوئے اسے بھی اٹھنے کا اشارہ کیا کافی کے نام پر ایک بار پھر اس نے دانت دیکھائے۔۔۔اور فوری اٹھ کر اسے کے ساتھ چل پڑا

حمزہ نے کئی بار سعدیہ سے بات کرنے کی کوشش کی لیکن عین موقع پر آکر اس کی بولتی بند ہو جاتی تھی اور وہ ادھر ادھر کی باتیں کر کے وہاں سے بھاگ جاتا تھا زویا سے بھی اس کی دوبارہ دوستی ہو چکی تھی !!۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زویا ایک بات کہوں برا تو نہیں مانو گئی۔۔۔۔۔۔؟

!!حمزہ نے جھجھکتے ہوئے سوالیہ نظروں سے زویا کی طرف دیکھا۔۔۔۔۔

!!ہاں ہاں کہوں کیا بات ہے شرما کیوں رہے ہو۔۔۔۔۔

زویا نے سامنے پڑا چائے کا کپ اٹھا کر ایک گھونٹ حلق میں اتارتے ہوئے اسے اجازت دی وہ دونوں کنٹین !!میں بیٹھے تھے۔۔۔۔۔

سعدیہ کسی کو پسند کرتی ہے کیا؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حمزہ کے سوال پر پہلے تو زویا نے چونک کر اس کی طرف دیکھا اور پھر ہلکی سی مسکراہٹ اس کے چہرے پر نمودار ہوئی۔۔۔!!

کیا بات ہے حمزہ تم کیوں پوچھ رہے ہو کہیں دل تو نہیں آ گیا میڈم پر۔۔۔۔۔۔؟

زویا نے مسکراتے ہوئے ساتھ ساتھ آنکھوں کے اشاروں سے بھی پوچھا۔۔۔!!

کسی کو بتاؤ گئی تو نہیں؟

حمزہ نے ڈرتے ڈرتے پوچھا۔۔۔۔۔!!

بلکل بھی نہیں لیکن مجھے بتاؤ مسئلہ کیا ہے؟

زویا نے کرسی تھوڑی قریب کھسکاتے ہوئے پوچھا۔۔۔۔۔!!

سعدیہ مجھے اچھی لگتی ہے۔۔۔۔۔۔!!

حمزہ نے مختصر سا جواب دیا۔۔۔۔۔!!

او میرے خدا تم تو کتنے تیز نکلے ہو کب سے چل رہا ہے یہ سب؟

زویا نے حیرت کا اظہار کیا۔۔۔!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!چل کچھ بھی نہیں بس اسے پسند کرتا ہوں۔۔۔

حمزہ نے جواب دیا

تو اس کو بولا کیوں نہیں ابھی تک ؟

!!زویا بہت ایکسائٹڈ ہو رہی تھی۔۔۔

!!ڈرتا ہوں کہیں وہ برا نا مان جائے۔۔۔

!!حمزہ نے اپنے اندر کا ڈر بتایا۔۔۔۔

ایسا کچھ بھی نہیں ہے حمزہ شاید وہ بھی تمہیں پسند کرتی ہے اور اکثر باتوں باتوں میں تمہارا ذکر بھی کرتی ہے

!!مجھے تو لگتا ہے تمہاری طرف سے دیر ہے فٹ سے بول دو۔۔۔۔

!!زویا نے چٹکی بجاتے ہوئے کہا۔۔۔

کیا تم سچ کہہ رہی ہو زویا۔۔۔۔؟

!!خوشی سے حمزہ کی باچھیں کھل گئی۔۔۔

!!ہاں نا یار میں بلکل سچ کہہ رہی ہوں یقین نہیں آتا تو خود بات کر کے دیکھ لو۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!زویانے اس کے جواب میں کہا۔۔۔

!!اچھا۔۔۔۔۔مم۔۔۔۔۔میں ابھی آتا ہوں۔۔۔۔

خوشی حمزہ سے سنبھالی نہیں جا رہی تھی وہ جلد از جلد یہ بات برہان کو بتانا چاہتا تھا وہ بات کر کے کہ فوری

!!وہاں سے بھاگ گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!!جاؤ جاو۔۔۔۔۔مسٹر حمزہ علی تمہیں بھی تو پتہ چلے کہ ٹھکرائے جانے کا غم کیا ہوتا ہے۔۔۔۔

اس کے جانے کے بعد زویا کے ہونٹوں پر ایک شیطانی مسکراہٹ ابھری اور وہ جلد از جلد حمزہ کا انجام دیکھنے

!!....کے لئے بے چین تھی

!!جو میرا نہیں۔۔۔۔۔وہ کسی کام کا نہیں۔۔۔۔

زویا بڑبڑائی اور بڑے آرام سے چائے کا خالی کپ ٹیبل پر رکھ کر وہاں سے چل دی

!!پھر تو تیری مشکل ہی آسان ہو گئی ہے پیارے اب جلدی جلدی بول ڈال اپنے دل کی بات۔۔۔۔۔

!!حمزہ نے برہان کو زویا سے ہونے والی گفتگو کے متعلق بتایا تو اس نے جواب میں کہا۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!لیکن۔۔۔۔۔

!!!لیکن ویکن کچھ نہیں بس آج کہہ دے جو بھی کہنا ہے۔۔۔۔

!!برہان نے اس کی بات کاٹ کر کہا۔۔۔۔۔

!!اچھا کچھ سوچتا ہوں۔۔۔۔۔

!!!حمزہ نے دھیمے سے لہجے میں جواب دیا۔۔۔۔

!!سوچنا چھوڑ وہ دیکھو وہ آرہی ہے چل بول ڈال۔۔۔۔

برہان نے سعدیہ کو دیکھ کر اس کو دھکا دیا جو اس وقت کلاس روم سے نکل کر شاید کنٹین کی طرف جارہی تھی!!!!۔۔۔۔۔۔

ہائے سعدیہ کیسی ہو۔۔۔۔؟

!!حمزہ نے ہمت جمع کر کے کہا اس کا دل بڑی سپیڈ سے دھڑک رہا تھا۔۔۔۔

!!!ہائے حمزہ کہاں تھے تم آج کلاس میں کیوں نہیں آئے۔۔۔۔

سعدیہ نے مسکراتے ہوئے اس کی ہائے کا جواب دیا اس کے منہ سے اپنا نام سن کر اس کی دھڑکن نے اور !!سپیڈ پکڑی۔۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ۔۔۔۔۔وہ۔۔۔۔۔مم۔۔۔۔۔میں تھوڑا لیٹ ہو گیا تھا تو پھر زویا کے ساتھ کنٹین پر چائے پینے چلا گیا۔۔۔۔!!

حمزہ نے جواب دیا۔۔۔!!

خود بھی نکمی ہے اور ساتھ میں تجھے بھی اپنے جیسا بنا رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔حمزہ صاحب وہ تو بڑے باپ کی بیٹی ہے اس کو کوئی فرق نہیں پڑتا پڑھے یا نا پڑھے لیکن تمہارے گھر والوں کو تم سے بڑی امیدیں ہو نگی اس لیے اچھے بچوں کی طرح پڑھائی پر توجہ دو۔۔۔۔!!!

سعدیہ نے مسکراتے ہوئے اسے سمجھانے کی کوشش کی۔۔۔۔!!!

ہائے اللہ کتنی فکر کرتی ہے میری۔۔۔۔زویا سچ کہہ رہی تھی کہ دیر صرف میری طرف سے ہے۔۔۔۔۔!!

اس نے دل ہی دل میں سوچا اور مسکرایا لیکن یہ مسکراہٹ سعدیہ سے چھپی نا رہ سکی۔۔۔۔!!!

کیا بات ہے حمزہ تم کچھ کہنا چاہتے ہو؟

حمزہ کو خاموش دیکھ کر سعدیہ نے پوچھ ہی لیا۔۔۔۔!!!!

جج۔۔۔۔۔جی وہ ایک بات کہنی تھی آپ سے۔۔۔۔!!

حمزہ نے تھوڑا سنبھل کر کہا۔۔۔۔!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!ہاں بولو۔۔۔

!!اجازت دیتے وقت سعدیہ کی آنکھوں میں کئی سوال تھے

!!وہ۔۔۔۔۔وہ آپ مجھے اچھی لگتی ہیں آئی لو یو۔۔۔۔

حمزہ نے ڈرتے ڈرتے بول دیا

!!!سعدیہ اس کی بات پر مسکرائی اچھا تھنک یو۔۔۔۔۔

!!سعدیہ نے ایک نظر اس پر ڈالتے ہوئے کہا اور چل پڑی۔۔۔۔۔

آپ نے جواب نہیں دیا۔۔۔؟

!!!!ہمت کر کے حمزہ نے پیچھے سے آواز دی۔۔۔۔۔

!!!ملتے ہیں شام کو کسی اچھے سے ریسٹورنٹ میں اپنا جواب وہاں دوں گی کال کروں گی اجانا۔۔۔۔

سعدیہ نے مڑ کر جواب دیا اور مسکراتی ہوئی وہاں سے چلی گئی۔۔۔۔۔اور حمزہ کا دل ہواؤں میں اڑ رہا تھا اس اپنی فتح کر یقین ہو چلا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!مجھے تو یقین ہی نہیں ہو رہا کہ اس نے تم سے ایسا کہا۔۔۔۔

!! برہان کو جب اس نے سعدیہ سے ہونی والی گفتگو کے بارے میں بتایا تو وہ کافی حیران ہوا۔۔۔۔

!! دیکھ لینا جب شام کو اکیلے ملنے جاؤں گا تو یقین آ جائے گا تمہیں بھی۔۔۔۔۔

!! حمزہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔۔۔۔

!! اچھا یار بیسٹ آف لک۔۔۔۔

!! برہان نے اسے تھپکی دیتے ہوئے کہا۔۔۔۔

حمزہ اور سعدیہ اس وقت پاکستان کے معروف ترین ریسٹورنٹ میں موجود تھے بہت بڑی بلڈنگ وی آئی پی پروٹوکول اور ہر چیز بڑی نفاست سے سجائی گئی تھی جس ٹیبل پر وہ دونوں بیٹھے تھے اس پر تازہ 🌹 کا ایک گلدستہ پڑا ہوا تھا جس کی مہک سے حمزہ سرشار تھا لیکن اس کی باوجود حمزہ تھوڑا کنفیوز تھا وہ پہلے بار کسی ایسی جگہ پر آیا تھا وہ بار بار نظر اٹھا کر اس بڑے سے خوبصورت ریسٹورنٹ کو سراہنے والی نظروں سے دیکھ رہا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھوڑی دیر بعد ان کو کھانا سرو کیا گیا ایسی ایسی ڈیشز کے سامنے پیش کی گئیں جس کا حمزہ نے صرف نام ہی سنا تھا تھوڑی ہلکی پھلکی گفتگو چل رہی تھی کہ سعدیہ کا فون آ گیا۔۔۔۔۔!!

سوری آپ ویٹ کریں میں ابھی آتی ہوں ایک ضروری کال ہے۔۔۔۔۔۔۔!!

کہتے ہوئے سعدیہ نے موبائل کان سے لگایا اور باہر نکل گئی۔۔۔۔!!

کافی دیر بعد بھی جب سعدیہ نہیں آئی تو حمزہ کو پریشانی ہوئی۔۔۔۔وہ بے چین ہو کر ادھر ادھر دیکھنے لگا۔۔۔۔!!!

سر یہ سامنے کاؤنٹر پر بل دے دیں پلیز۔۔۔۔!!

ویٹر نے بڑے ادب سے بل کی پرچی اس کے سامنے رکھی اور چلا گیا۔۔۔۔بل دیکھ کر تو حمزہ کے ہوش پھر گے اس نے جیب میں ہاتھ ڈالا لیکن جیب نے اس بل کا بوجھ اٹھانے سے انکار کر دیا پریشانی سے اس کا برا حال تھا۔۔۔۔۔!!

کہاں رہ گئی یار۔۔۔۔۔ابھی تک آئی کیوں نہیں۔۔۔۔۔!!!!

وہ پریشانی کے عالم میں بڑبڑایا۔۔۔۔!!

سر پلیز کاؤنٹر پر بل پے کر دیں۔۔۔۔!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!ویٹر نے اس دوبارہ یاد دہانی کروائی۔۔۔۔

جی ضرور اس نے ناچاہتے ہوئے بھی مسکرا کر اثبات میں سر ہلایا۔۔۔۔اور بل کی پرچی لے کر کاؤنٹر کی جانب بڑھا۔۔۔!!

!!سر بل والی پرچی دے دیں۔۔۔

!!کاؤنٹر پر بیٹھے شخص نے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا تو مجبوراً اسے وہ پرچی دینی پڑی۔۔۔

پیسے کیش میں دیں گے یا کریڈیٹ کارڈ پر؟

!!کیشیئر نے پوچھا تو ہڑبڑا گیا۔۔۔

!!جج۔۔۔۔جی سر۔۔۔۔

سر بل کیش میں دیں گے یا کریڈٹ کارڈ پر پے کریں گے۔۔۔۔؟

!!اس نے اپنی بات دوہرائی۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سوری۔۔۔۔ سر وہ دراصل۔۔۔۔ میری مس کسی کام سے باہر گئی ہیں اور میرا کارڈ ان کے پاس ہے اور کیش میں میرا پاس اتنے پیسے نہیں ہیں اس لیے آپ کو انکے آنے تک انتظار کرنا پڑے گا۔۔۔۔!!

حمزہ نے اس امید پر کہ شاید وہ آجائے ایک بہانہ بنایا تاکہ کچھ وقت مل سکے۔۔۔۔۔!!!

کیوں جھوٹ بول رہے ہیں صاحب وہی میڈیم تو بول کر گئی ہیں کہ صاحب سے بل لے لینا۔۔۔۔!!

کیشیر نے فوری اس کا جھوٹ پکڑ لیا۔۔۔۔!!

اچھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن میرے۔۔۔۔۔۔ پاس تو۔۔۔۔!!!

ابھی وہ بات کر رہا تھا کہ اسے سعدیہ آتی دیکھائی دی تو اس کی جان میں جان آئی۔۔۔۔!!

او سوری میں بھول گئی تھی پرس تو میرے ہی رہ گیا تھا جی کتنا بل ہوا۔۔۔۔؟

کیشیر نے بل بتایا اور اس نے فوری پے کیا اور وہاں سے چل دی حمزہ اس کے پیچھے تھا۔۔۔!!!!

پہلے کبھی اس طرح کے کسی ریسٹورنٹ میں آئے ہو؟

سعدیہ نے مسکراتے ہوئے اس سے سوال کیا۔۔۔۔!!

وہ واپس آکر سعدیہ کی گاڑی میں بیٹھ کر واپس جا رہے تھے حمزہ نے خاموشی سے نفی میں سر ہلایا۔۔۔۔!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!میں ہفتے میں کم از کم پانچ بار یہاں آتی ہوں۔۔۔۔۔

!!!سعدیہ کے لہجے میں طنز تھا یا اطلاع حمزہ سمجھ نہیں سکا۔۔۔۔۔

!!حمزہ نے خاموشی سے مسکراتے ہوئے سر ہلانے پر ہی اکتفا کیا۔۔۔۔

وہ بہت الجھا ہوا تھا اور بل والے واقعے کے بعد وہ کافی نروس لگ رہا تھا وہ سعدیہ کی طرف دیکھنے سے گریز کر رہا تھا۔۔۔۔!!!

میرے پاپا مجھے پڑھائی کے خرچے کے علاوہ لاکھوں روپے صرف میری جیب خرچی کے لیے دیتے ہیں !!۔۔۔۔

!!!بات کرتے ہوئے ساتھ ساتھ وہ ڈرائیو بھی کر رہی تھی۔۔۔۔

!! ہمممم گڈ۔۔۔۔

!!حمزہ نے منصوعی مسکراہٹ چہرے پر سجا کر کہا۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے علاوہ ہر سال گاڑی چینج کرتی ہوں۔۔۔۔۔اور شاپنگ کا تو مجھے بہت شوق ہے جب کوئی کام نہیں ہوتا شاپنگ کرنے چلی جاتی ہوں اور پانچ ہزار سے کم والے جوتے تو میں پہنتی ہی نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔کپڑے میں صرف برانڈڈ لیتی ہوں۔۔۔۔۔۔!!!

سعدیہ بات کرتے ہوئے بغور حمزہ کے ایکسپریشن بھی چیک کر رہی تھی جس کو سردی میں بھی پسینہ آرہا تھا ۔۔۔۔!!

کیا تم میرے لیے یہ سب کر سکتے ہو؟

یہ سوال نہیں طنز کا کوئی تیر تھا جو حمزہ کے دل کے آر پار ہو گیا تھا اور وہ حیران آنکھوں سے دیکھے جا رہا تھا۔۔۔

تم یہ سب افورڈ کر سکتے ہو حمزہ۔۔۔۔۔؟

ایک بار پھر سعدیہ کی آواز اس کی سماعتوں کی نذر ہوئی۔۔ لیکن پہلے کی طرح اس بار بھی حمزہ کے پاس اس کے سوال کا جواب نہیں تھا۔۔۔!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے ان چیزوں کی عادت ہے اور میں ان سب کے بغیر نہیں رہہ سکتی۔۔۔۔۔۔۔۔ تمہیں پتہ ہے ریسٹورنٹ سے میں جان بوجھ کر گئی تھیں کیونکہ مجھے پتہ تھا کہ تمہارے پاس اتنے پیسے نہیں ہونگے اور اگر میں واپس نا آتی تو تمہاری کیا عزت رہہ جاتی سب کے سامنے۔۔۔۔۔۔۔۔!!

حمزہ نے اس کی بات پر ایک بار پھر سر اٹھا کر اسے دیکھا اس کی آنکھوں میں شکوہ تھا اور شکایت بھی۔۔۔۔۔!!

جتنا بل کھانے کا بنا ہے یہ رقم میرے لیے معمولی رقم ہے لیکن شاید اتنے پیسے تیرا باپ مہینے میں کماتا ہو گا۔۔۔۔۔!!!!

ایک اور کاری ضرب لگی لیکن وہ یہ بھی خاموشی سے سہہ گیا۔۔۔!!

حمزہ تم اچھے لڑکے ہو۔۔۔۔میں نے یونیورسٹی میں بھی کافی لوگوں سے تمہارے بارے میں سنا ہے زیادہ تر لوگ تمہارے بارے میں اچھی رائے رکھتے ہیں لیکن سوری حمزہ میرا ہاتھ مانگنے کے لیے پہلے تمہیں خود کو اس قابل بنانا ہو گا کہ میری ضروریات کو آسانی سے پورا کر سکو خود کو اس قابل بناؤ کہ میرے باپ سے بات کرنے سے پہلے تمہیں کسی طرح کا احساس کمتری نا ہو۔۔۔۔۔میرے پاپا نے بہت لاڈوں سے پالا ہے مجھے مجھے نہیں لگتا کہ وہ میرا رشتہ کسی ایسے لڑکے کو دینے کے لیے راضی ہو گا جس کا مستقبل خود ایک سوالیہ نشان ہو۔۔۔۔۔!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس بار لہجہ نرم اور انداز سمجھانے والا تھا سعدیہ کی باتیں حقیقت پر مبنی تھی لیکن پھر بھی اسے اندر سے کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز صاف سنائی دی اسے لگا جیسے وہ اس پر طنز کر رہی ہے اسے یاد دلا رہی ہے کہ حمزہ علی تمہاری یہ اوقات ہے تم خود اپنی مرضی سے کچھ نہیں لے سکتے مجھے کیا خوش رکھو گے محبت میں صرف محبت سے گزارہ نہیں ہوتا زندہ رہنے کے لیے زندگی کی بنیادی ضروریات کو بھی پورا کرنا پڑتا ہے کیونکہ صرف محبت سے پیٹ نہیں بھرتا۔۔۔!!

حمزہ ہم صرف اچھے دوست ہیں اور کچھ نہیں۔۔۔۔!!

سعدیہ کی بات پر بے اختیار اس کی ہونٹوں پر ایک مسکراہٹ پھیل گئی اور وہ حمزہ کے گھر کے قریب پہنچ چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔!!

تمہارا گھر آگیا ہے حمزہ۔۔۔۔!!!

سعدیہ کی آواز پر اس نے چونک کر دیکھا اور مسکراتے ہوئے دروازہ کھول کر گاڑی سے اتر گیا۔۔۔!!

بہت شکریہ۔۔۔۔!!

اس نے شکریہ ادا کیا اور جانے کے لیے واپس مڑا۔۔۔!!

حمزہ۔۔۔۔

سعدیہ کی آواز پر اس کے اٹھتے ہوئے قدم رک گئے اور اس نے مڑ کر سعدیہ کی طرف دیکھا۔۔۔!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!! مجھے امید ہے تم نے میری کسی بات کا برا نہیں منایا ہو گا۔۔

!! سعدیہ نے کہا تو اس نے مسکراتے ہوئے ہلکا سا سر جھکایا اور گھر جانے کے لیے مڑا۔۔۔۔

کیا بات ہے حمزہ تم کچھ بول کیوں نہیں رہے خاموش کیوں ہو؟

جاوید کو اس کی خاموشی سے الجھن ہو رہی تھی وہ کب سے اس کے پاس آ کر بیٹھا تھا اور وہ نا جانے کن سوچ میں گم تھا جاوید کوئی بات بھی کرتا تو وہ ہوں ہاں میں جواب دے کر خاموش ہو جاتا جاوید نے یہ بات نوٹس کر لی اور آخر کار اس کی خاموشی کا سبب پوچھ ہی لیا

بھائی آپ تو کہتے ہیں کہ محبت سچی ہو تو پھر حیثیت کوئی اہمیت نہیں رکھتی لیکن جو باتیں اس نے کہی اس کے !! مطابق تو محبت کرنے کے لیے آپ کا اور سامنے والا کا اسٹیٹس برابر کا ہونا چاہیے۔۔۔۔

!! حمزہ اچانک گویا ہوا۔۔۔۔

کس نے کہا تم سے یہ سب۔؟

!! جاوید اس کی بات کو سمجھ نہیں سکا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سعدیہ نے۔۔۔۔۔۔۔۔جب میں نے اس سے کہا کہ میں تم سے محبت کرتا ہوں تو پتہ اس نے کیا کہا۔۔۔۔؟

اس نے بات کرتے کرتے ڈرامائی انداز میں وقفہ لیا جاوید نے منہ سے کچھ نہیں کہا لیکن اس کی آنکھوں میں یہی سوال تھا کہ کیا کہا۔۔۔؟

!!پہلے تو وہ میری بات سن کر مسکرائی اور پھر کہنے لگی تھینک یو۔۔۔۔

!!حمزہ بات کر کے رکا۔۔۔

تو اس کا مطلب ہے وہ بھی تم سے محبت کرتی ہے؟

!!جاوید نے اس کی بات سن کر مسکراتے ہوئے پوچھا۔۔۔۔

نہیں اسے مجھ سے محبت نہیں ہے بھائی اسے تو شاید مجھ سے ہمدردی ہے کہنے لگی سوری حمزہ ہم اچھے دوست تو ہو سکتے ہیں لیکن جو تم سوچ رہے ہو ایسا نہیں ہو سکتا اس کے لیے تمہیں خود کو اس قابل بنانا پڑے گا کہ میرے باپ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہہ سکو کہ ہاں میں تمہاری بیٹی کو پھولوں کی طرح سجا کر رکھوں گا اس کی ہر فرمائش اس کے لبوں تک آنے سے پہلے پورے کروں گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ساتھ ہی یہ بھی بتا گئی کہ میں برانڈ کے علاوہ کچھ نہیں پہنتی اور جتنے کا وہ دوستوں کے ساتھ ایک وقت کا کھانا کھاتی ہے اتنی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمہارے باپ کی مہینے کی تنخواہ ہو گی۔۔۔۔۔تو آپ خود ہی سوچیں ایسی لڑکی مجھ جیسے کنگلے سے کیونکر پیار کرے گی؟

!!حمزہ نے الٹا جاوید سے سوال کیا۔۔۔

محبت سے بڑا کوئی برانڈ نہیں ہوتا اس کے آگے دنیا کا ہر برانڈ معمولی لگتا ہے اور جس کو اس برانڈ کی عادت پڑ جائے تو پھر وہ اس کے علاوہ کوئی برانڈ نہیں پہنتا اس کا اوڑھنا بچھونا ہی محبت ہوتا ہے_____ وہ اور !!تجھے بتا نہیں رہی تھی شاید سمجھا رہی تھی۔۔۔۔

!!جاوید نے اسے تسلی دی۔۔۔

اس طرح سمجھاتے ہیں پتہ ہی نہیں چل رہا تھا کہ سمجھا رہی ہے یا طنز کر رہی ہے اور ایسے سمجھانے کا کیا فائدہ !!جس سے اگلے کی عزت نفس مجروح ہو۔۔۔۔۔

حمزہ نے افسردگی سے جواب دیا

اچھا تو پریشان نا ہو اللہ پاک کوئی نا کوئی بہتر حل نکالے گا اٹھو اور نماز پڑھو اور اسی سے دعا کرو شاید وہ تیری !!مشکلات کو آسان کر دے۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جاوید نے مسکراتے ہوئے اس کی پیٹھ پر تھپکی دی اور خود بھی نماز پڑھنے کے لئے آٹھ گیا۔۔۔۔۔۔حمزہ خاموشی سے اٹھا وضو کر کے اور اپنے رب کے آگے سجدہ ریز ہو گیا وہ جو امیر کا بھی رب ہے اور غریب کا بھی ۔۔۔۔۔۔۔جو نافرمانی کرنے والے کو بھی بھوکا نہیں سونے دیتا اور فرمانبرداری کرنے والے سے بھی امتحان لیتا ہے وہ سب جانتا ہے کہ کیا کس لیے بہتر ہے۔۔۔۔۔۔نماز کے بعد اس نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھا دیئے۔۔۔!!

اے مالک و مولا کوئی چیز تجھ سے چھپی نہیں تو سب رازوں سے واقف ہے مالک میں تو گناہگار اور نادان ہوں لیکن تو وہی کرنا جو میرے حق میں بہتر ہو۔۔۔۔

اور اگر تم اس قابل ہو گے تو کیا وہ تم سے محبت کرے گی۔۔۔۔؟

برہان نے اس کی ساری بات سن کر سوال کیا۔۔۔۔!!

محبت شرطوں پر نہیں ہوتی پیارے۔۔۔۔اس لیے میں کسی غلط فہمی میں نہیں پڑنا چاہتا۔۔۔!!

حمزہ برہان کی بات پر ہلکا سا مسکرایا۔۔۔!!

کیا اس نے تمہارے ساتھ بد تمیزی کی؟

برہان نے سنجیدگی سے پوچھا۔۔۔۔۔!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بد تمیزی۔۔۔۔۔۔بد تمیزی کیوں کرنی تھی اس نے تو مجھے بڑے ہی شریں لہجے میں سمجھایا اس کا لہجہ بہت نرم تھا ایسے لگ رہا تھا جیسے سمجھا رہی ہے۔۔۔۔بد تمیزی تو میں کی جو اس سے اپنی محبت کا اظہار کر دیا۔۔۔!!

حمزہ نے چہرے پر منصوعی مسکراہٹ سجا کر جواب دیا حالانکہ کہ اس کے چہرے پر اس کے اندر کا کرب جھلک رہا تھا

بھول جانے کی دعا نہ دے

اندھیرا ہی اچھا دیا نہ دے

مجھ سے نرم لہجے میں بات مت کر

اس طرح وفاؤں کا صلہ نہ دے۔۔

تم تو آشنا ہو میری ہر ادا سے۔۔۔

تو تو بے رخی کا گلہ نہ دے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں زخموں سے چور چور ہی اچھا۔۔۔۔

کوئی مرہم نہ کر دوا نہ دے

وسیم تجھ کو میں بھول جاؤں۔۔۔

!! کبھی وقت ایسا خدا نہ دے۔۔۔

(از قلم محمد وسیم بلوچ)

کچھ عرصے بعد فائنل ائیر کا رزلٹ آیا حمزہ اور برہان نے امتحان اچھے نمبروں سے پاس کر لیا اس دوران حمزہ زویا اور سعدیہ کی دوستی برقرار رہی سب دوستوں نے مل کر ایک الوداعی اور یادگار پارٹی کرنے کا اعلان کیا جس میں سب کلاس فیلو اور دوست شامل ہوں گے سب نے

اتفاق کیا اور پارٹی کے لیے ایک دن مختص کر دیا جس دن سب دوستوں نے مل کر انجوائے کرنا تھا لیکن سب دوستوں کے گمان میں بھی نہیں تھا کہ آگے کیا ہونے والا ہے۔۔۔۔!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پارٹی چل رہی تھی سب دوست اور کلاس فیلو آ چکے تھے سارے انتظامات مکمل ہو چکے تھے خوب ہلہ گلہ ہو رہا تھا کھانا پینا ڈانس موسیقی اور اتنا شور کہ نیا آنے والا ایک بار تو کانوں پر ہاتھ رکھ لیتا لیکن یہ سب ہونے کے باوجود سعدیہ دور ایک کونے میں خوبصورت سرخ رنگ کی ساڑھی پہنے اور ہلکا سا میک اپ کیے بڑی خوبصورت لگ رہی تھی وہ ہمیشہ ہلکا سا میک اپ کرتی تھی اسے ہیوی میک اپ بلکل بھی پسند نہیں تھا ہاتھ میں کولڈ ڈرنکس کا گلاس پکڑے وہ بار بار داخلی دروازے کی طرف دیکھ رہی تھی جیسے کسی کے آنے کا انتظار کر رہی ہو اور زویا نے نوٹس کر لیا۔۔۔!!

سعدیہ کیا بات ہے سب دوست آ گے ہیں اور تم یہاں کھڑی ہو کسی خاص بندے کا انتظار ہو رہا ہے کیا؟

زویا نے اس کی طرف آتے ہوئے سوال کیا اس کی آنکھوں میں شرارت تھی۔۔۔!!

نہیں کچھ خاص نہیں۔۔۔ برہان اور حمزہ کیوں نہیں آئے ابھی تک۔۔۔۔۔؟

اس نے داخلی دروازے کی طرف ایک نظر دیکھتے ہوئے عام سے لہجے میں پوچھا۔۔۔۔!!

(کیوں آج یہ حمزہ اور برہان کا کیوں پوچھ رہی ہے کہیں کوئی گڑ بڑ تو نہیں)

اس نے دل ہی دل میں سوچا

آ جائیں گے تم تو آؤ۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے سعدیہ کا ہاتھ پکڑ کر کھینچا۔۔۔!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہائے لیڈیز کیسی ہیں آپ؟

!!آواز پر چونک کر سعدیہ نے آواز کی سمت دیکھا یہ برہان کی آواز تھی لیکن وہ اکیلا نظر آرہا تھا۔۔۔

ہائے برہان حمزہ کہاں ہے۔۔۔؟

!!سعدیہ نے ایک بار پھر دروازے کی طرف دیکھا۔۔۔

اس کو حمزہ کی اتنی فکر کیوں ہو رہی ہے؟

!!!ایک بار پھر زویا کو اس کا بار بار حمزہ کا پوچھنا برا لگا لیکن وہ اپنے دل کی بات زبان تک نا لا سکی۔۔۔۔

کیا وہ یہاں نہیں آیا؟ وہ تو گھر بھی نہیں ہے اور اس کا نمبر بھی بند جا رہا ہے میں نے سمجھا شاید یہاں پہنچ گیا ہے۔۔۔۔!!

!!سعدیہ کے سوال پر برہان نے حیران ہو کر بتایا۔۔۔

لیکن وہ یہاں تو نہیں آیا۔۔۔۔ لیکن پھر کہاں چلا گیا؟

پہلی بار سعدیہ کی آنکھوں میں حمزہ کے لیے تشویش دیکھی گئی جس پر برہان کو بھی تھوڑی حیرت ہوئی لیکن اس وقت وہ واقعی حمزہ کے لیے فکر

!!!مند تھا۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!! برہان کے پاس سعدیہ کے سوال کا جواب نہیں تھا اس لیے خاموش ہو کر سوچنے لگا۔۔۔

کسی کو حمزہ کا اتا پتہ نہیں تھا کہ وہ کہاں چلا گیا ہے اور نا ہی اس نے گھر سے جاتے وقت کسی کو بتایا تھا بس اتنا پتہ چلا تھا کہ اس کا سامان غائب ہے جس کا مطلب تھا کہ وہ گھر سے اپنی مرضی سے گیا ہے لیکن کیوں گیا ہے؟ کوئی نہیں جانتا تھا اور یہ خبر سعدیہ اور زویا تک بھی پہنچ چکی تھی سعدیہ کو یہ خبر سن کر بہت افسوس ہوا وہ اس معاملے میں خود کو قصوروار ٹھہرا رہی تھی اس کے جانے کی خبر سن کر اس کو اس دن ریسٹورنٹ والا واقعہ یاد آ گیا جس میں اس نے حمزہ کی اچھی خاصی انسلٹ کی تھی

چار سال بعد۔۔۔۔

اس وقت میٹنگ روم میں جی ایم 'ڈی جی ایم مینجر لا جسٹک حمزہ علی اور ایڈمن سخاوت صاحب بھی میٹنگ میں بھی CSO اور CEO موجود تھے جبکہ ان کے علاوہ جنرل سپر وائزر اور اسلام آباد سے کمپنی کے سکائپ پر آن لائن تھے.....!!

جی حمزہ صاحب رات والے واقعے کے بارے میں آپ کا جواز پیش کرنا چاہیں گے اگر اسی طرح آئے دن لیبر اپنی من مرضیاں کرتی رہی اور اپنی مرضی سے چھٹیاں کرتی رہی پھر تو کام ہو گیا.....رات کو پلانٹ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چل رہا تھا لیکن لیبر نہیں تھی اور آپ کو پتہ ہے کہ سخاوت صاحب کو کتنی مشکل ہوئی ہے مینج کرنے میں.... آپ کے پاس کوئی جواب ہے تو بتائیں یا پھر ایسا کریں کہ خاموشی سے ریزائن کریں اور گھر چلے جائیں کیونکہ مجھے لگتا ہے کہ لاجسٹک ڈیپارٹمنٹ آپ سے سہی طرح سے چل نہیں رہا آئے دن کوئی نہ کوئی مسئلہ رہتا ہے کبھی ورکر پورے نہیں ہوتے کبھی ورکر دوران ڈیوٹی سوئے ہوئے پائے جاتے ہیں اور ویسے بھی آپ کا رویہ ورکرز کے ساتھ کچھ زیادہ ہی دوستانہ ہے ورکرز کے ساتھ دوستانہ ماحول بناؤ گے تو وہ سر پر چڑھ جائے گے یہ سب کیا ہو رہا ہے حمزہ؟

جی ایم نے اپنی بات ختم کر کے حمزہ کی طرف سوالیہ نظروں سے دیکھا اور وہ حمزہ سے کافی برہم نظر آ رہا تھا جبکہ حمزہ نے ساری بات بڑے تحمل سے سنی اس کا چہرہ بلکل پر سکون لگ رہا تھا یوں جیسے جی ایم صاحب اس سے نہیں کسی اور سے مخاطب ہیں الٹا جواب دینے کی بجائے وہ زیر لب مسکرایا!

میں آپ سے مخاطب ہوں حمزہ صاحب اور آپ ہیں کہ جواب دینے کی بجائے الٹا مسکرائے جا رہے ہیں....؟

....جی ایم حمزہ کی بے فکری پر مزید برہم ہوا!

آپ سہی کہہ رہے ہیں سر یہ ڈیپارٹمنٹ مجھ سے نہیں چل رہا اس لیے میں آپ کے مشورے پر عمل کرتے ہوئے ریزائن کر رہا ہوں..... میرا ریزینیشن لیٹر آپ کو آج ہی مل جائے گا!!....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے اپنی بات بڑے آرام سے مکمل کی اور اپنی سیٹ سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا بے فکر اور روڈ سا حمزہ جا ہی رہا تھا کہ اسے ایک آواز سنائی دی....!!!

حمزہ کہاں جا رہے ہیں آپ؟

اعجاز شاہ اس کمپنی کے مالک جو سکائپ پر لائیو ساری باتیں سن رہے تھے اس نے حمزہ کو اپنی CEO اچانک سیٹ سے اٹھتے دیکھ کر پوچھا!

اپنے آفس جا رہا ہوں سر...!!

حمزہ نے پر سکون لہجے میں جواب دیا جب کہ وہاں موجود سارے آفیسرز حمزہ کی اس جسارت پر حیران تھے صاحب CEO کیونکہ میٹنگ کے دوران اٹھ کر جانے کی اجازت کسی کو نہیں تھی اور اس معاملے میں بہت سخت تھے وہ ایک اکثر ایک ہی بات بولتے تھے کہ اصولوں پر نو سمجھوتہ.... لیکن سب لوگ یہ بھی صاحب کا کتنا لاڈلہ ہے وہ اس کا ہر جائز اور ناجائز مطالبہ بغیر کسی چوں چراں CEO جانتے تھے کہ حمزہ کے مان لیتا تھا کیونکہ جب کمپنی نقصان میں جا رہی تھی تو اس وقت حمزہ نے چارج سنبھالا تھا اور دن رات صاحب اعجاز شاہ کے پلانٹ CEO محنت کر کے ہر چیز کو اپنی جگہ پر لے کر آیا تھا اسی طرح جہاں جہاں تھے اس نے ہر جگہ حمزہ کو بھیجا اور اس نے اپنی سمجھداری اور غیر معمولی کارکردگی سے ہر جگہ کام کر کے صاحب کا دل جیت لیا تھا سب آفیسرز میں واحد بندہ حمزہ علی تھا جو کسی بھی بات پر جی ایم سمیت CEO

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کسی بھی آفیسر کو کھری کھری سنا دیتا تھا اس لیے زیادہ تر آفیسر اس کے روڈ رویے کی وجہ سے ڈرتے اس سے کوئی بات نہیں کرتے تھے کیونکہ وہ جانتے تھے کہ اگر کوئی غلط بات کہہ دی تو حمزہ کسی کا لحاظ نہیں کرے گا اعجاز شاہ کو بھی کھری کھری سنا دیں تھی لیکن اس کے باوجود CEO ایک دو دفعہ تو کسی بات پر اس نے وہ ان کا چہیتا تھا اس کا یہ رویہ اس لیے سخت نہیں تھا کہ اعجاز شاہ اس کو سپورٹ کرتا تھا بلکہ اس کا رویہ سنیئرز کے ساتھ اس لیے سخت تھا کہ اسے کام کرنا آتا تھا وہ باقی آفیسرز کی طرح مالکوں کی چاپلوسی کر کے داد نہیں لے رہا تھا بلکہ اپنی کارکردگی کی وجہ سے مالکوں کی آنکھوں کا تارا تھا جب سے وہ لاہور کے پلانٹ میں آیا تھا سخاوت صاحب اس سے جیلس تھا اور کیونکہ وہ بھی مالکوں کے بہت قریب تھا لیکن وہ دیکھ رہا تھا کہ اعجاز شاہ CSO ہو یا CEO جب سے حمزہ لاہور میں آیا ہے سخاوت کی ویلیو تقریباً ختم ہوتی جا رہی ہے صاحب سب حمزہ علی کی رائے کو ترجیح دیتے تھے اس لیے اس نے حمزہ کا ریکارڈ خراب کرنے اور مالکوں کی نظروں میں اپنے نمبر بڑھانے کے لیے اوچھے ہتھکنڈوں کا استعمال کرنا شروع کر دیا وہ آئے روز حمزہ کے ساتھ کام کرنے والے کسی نا کسی ورکر کی شکایت لے کر جی ایم کے آفس میں پہنچ جاتا اور روزانہ میٹنگ میں حمزہ کو کوئی نا کوئی بہانہ کر کے جان چھڑوانی پڑتی.....اب تو کچھ دنوں سے حد ہی ہو گئی تھی کبھی کسی ورکر کے سونے کی تصویر لے کر پہنچ جاتا اور کبھی کسی ورکر کی چھٹی کا بہانہ بنا کر حمزہ کو ناکام کرنے کی کوشش میں تھا اور حمزہ اس بات سے اچھی طرح واقف تھا لیکن وہ خاموش تھا حمزہ سمیت کمپنی کا ادنی سے ملازم بھی سخاوت صاحب کے بارے میں کوئی اچھی رائے نہیں رکھتا تھا سب آفیسرز اور ورکرز اس سے تنگ تھے کیونکہ اسے چغلی کرنے کی عادت تھی وہ بلاوجہ ورکرز پر رعب جھاڑتا رہتا تھا جبکہ حمزہ پوری کمپنی میں ورکرز

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور آفیسرز سمیت ہر دل عزیز تھا چند ایک آفیسرز کو چھوڑ کر جن میں سخاوت صاحب کے حامی شامل تھے....!!

لیکن کیوں حمزہ میٹنگ ابھی ختم نہیں ہوئی اور تم اچھی طرح جانتے ہو کہ کسی کا دوران میٹنگ اس طرح سے اٹھ کر جانا مجھے سخت ناپسند ہے....!!

اعجاز شاہ نے حمزہ کی بات پر جواب میں کہا حمزہ کے علاوہ کوئی بھی ہوتا تو شاید اعجاز شاہ اس نرمی سے بات نا کرتا۔۔۔

مجھے افسوس ہے سر کہ میں یہ جسارت کر رہا ہوں لیکن آئندہ میں اس کا کمپنی کا حصہ نہیں رہوں گا تو ضروری نہیں ہے کہ میں آپ کے اصولوں کو فالو کروں...!

حمزہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا حمزہ کے علاوہ کسی میں اتنی ہمت نہیں تھی کہ اعجاز شاہ کے منہ پر اس طرح کھل کر کوئی بات کرے۔۔۔

جی ایم صاحب کے چہرے پر ہوائیاں اڑ رہی تھی اس کو تو بلکل بھی اندازہ نہیں تھا کہ حمزہ اتنے آرام سے اپنی صفائی دینے کی بجائے رائزین دینے پر راضی ہو جائے گا اور ویسے بھی رائزین کا تو اس نے ایسے ہی غصے میں کہہ دیا تھا ورنہ اس کا اس طرح کا کوئی ارادہ نہیں تھا کیونکہ وہ حمزہ کی کمپنی کے لیے خدمات سے اچھی طرح واقف تھا اور باقی سب کی طرح وہ بھی حمزہ کی غیر معمولی کارکردگی کا معترف تھا!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!کیاہو گیاہے حمزہ کوئی بھی کہہ دے گااور تم رائزین دے دو گئے چلو واپس اپنی سیٹ پر بیٹھو

اعجاز احمد کے لہجے میں ڈانٹ اور پیار دونوں شامل تھے

دیکھیں سر اگر میرے سینئرز میری کار گرد کی سے مطمئن نہیں ہیں تو پھر میں کمپنی پر بوجھ کیوں بنوں مجھے

!.... کسی پر بوجھ بننے کی عادت نہیں ہے اس لیے میرا جانا ہی بہتر ہے

حمزہ نے کھڑے کھڑے جواب دیا اور یہ بات حمزہ ہی کر سکتا تھا۔۔۔۔

کوئی مطمئن ہو نا ہوں لیکن میں تمہارے کام سے مطمئن ہوں اس لیے یہ حماقت کرنے کی کوئی ضرورت

!! نہیں ہے۔۔۔۔۔۔

اعجاز شاہ نے ڈانٹتے ہوئے کہا

کیاہو گیاہے حمزہ یار تم تو ناراض ہی ہو گئے میں نے تو بس غصے میں ایسا کہہ دیا ورنہ میرا ایسا کوئی ارادے نہیں

!... تھا

!... نواز صاحب (جی ایم) نے حمزہ کو منانے کی کوشش کی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیکھیں سر سیدھی سی بات ہے میں اپنے کام میں کسی کی مداخلت پسند نہیں کرتا اور یہاں کچھ لوگ ہیں جو میرے کام میں مداخلت کر رہے ہیں اس لیے بہتر ہے کہ آپ یہ سارا کام ان کو سونپ دیں ہو سکتا ہے وہ مجھ سے بہتر طریقے سے ہینڈل کر لیں بلکہ مجھے امید ہے وہ ضرور کر لیں گے...!!

حمزہ نے کسی کا نام لیے بغیر بات کی لیکن زیادہ تر لوگ جانتے تھے کہ حمزہ کا اشارہ سخاوت صاحب کی طرف ہے اور سخاوت صاحب بھی یہ بات اچھی طرح سمجھ رہے تھے..!

حمزہ آرام سے بیٹھ کر بات کرو اور یہ بتاؤ کہ کون مداخلت کر رہا ہے تمہارے کام میں؟

اعجاز شاہ نے ایک بار پھر حمزہ کو بیٹھنے کے لیے کہا!

..... چھوڑیں سر سب جانتے ہیں کہ میں کس کی بات کر رہا ہوں

حمزہ نے بے باکی سے جواب دیا

حمزہ صاحب آپ کھل کر بتائیں کہ کون آپ کے کام میں مداخلت کر رہا ہے؟

.... سخاوت صاحب نے پہلی بار لب کشائی کی!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....آپ مداخلت کر رہے ہیں سخاوت صاحب

حمزہ نے سیدھا اس کے منہ پر کہہ دیا

میں...؟میں کیوں مداخلت کروں گا آپ کے کام میں مجھے کیا مسئلہ ہے؟

!سخاوت صاحب نے حیرت سے پوچھا

یہی سوال تو میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ کو کیا مسئلہ ہے مجھ سے کہ آپ ہر روز میری کوئی نا کوئی کمپلین لے کر جی ایم صاحب کے پاس پہنچ جاتے ہیں.....؟

حمزہ نے الٹا اس سے سوال کیا

میں تو صرف اپنی ڈیوٹی کر رہا ہوں یہ میری ڈیوٹی میں شامل ہے کہ اگر کسی جگہ پر کوئی غلط کام ہو رہا ہے تو میں !!....اس کی اطلاع مالکوں کو کروں کیونکہ میں اسی چیز کی تنخواہ لیتا ہوں

سخاوت صاحب نے اکھڑے لہجے میں جواب دیا

ایک سئینر آفیسر کا کام صرف شکایتیں لگانا نہیں ہوتا سخاوت صاحب.....(حمزہ کی آواز کچھ اونچی تھی) اگر کسی کام میں کوئی مسئلہ آ رہا اس کو حل کروائیں ایک ورکرز کم ہیں تو بقایا ورکرز کو مینج کریں تاکہ کام چل

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سکے نہ کہ اپنے نمبرز بڑھانے کے لیے شکایتوں کے انبار لے کر جی ایم صاحب کے آفس میں پہنچ جائیں۔۔۔۔ لیکن افسوس کہ آپ کام کے علاوہ چغلی غیبت چاپلوسی سب کرتے ہیں اور ہاں میں مانتا ہوں کہ میرا رویہ ورکرز کے ساتھ زیادہ ہی نرم ہے لیکن ضرورت پڑنے پر میں ان سے زیادہ کام بھی لیتا ہوں اور بخوشی کام کرتے ہیں کیونکہ میں انکی بات سنتا ہوں ان کے لیے فائٹ کرتا ہوں جو ان کا حق ہے لیکن معذرت کے ساتھ سر مجھے نہیں لگتا کہ ضرورت پڑنے پر کوئی ورکرز آپ کے لیے خوشی خوشی کام کرنے کے لیے راضی ہو جائے گا!!

حمزہ نے جوش میں آکر سامنے پڑی ٹیبل پر ہاتھ مارتے ہوئے سب کے سامنے سخاوت صاحب کو کھری کھری سنادیں...!!

حمزہ تم حد سے بڑھ رہے ہو اور ذاتیات پر اتر آئے اور اپنی ذات پر بات میں کسی صورت برداشت نہیں کروں گا....!!

سخاوت صاحب ہتھے سے اکھڑ گئے.....!!

حمزہ بات کرنے کا یہ کونسا طریقہ ہے اگر تمہیں سخاوت صاحب سے کوئی مسئلہ ہے تو آپ وہ مسئلہ بتائیں نا کہ انکی ذات پر فقرے کسنا شروع کر دیں...!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اعجاز شاہ حمزہ کی بات پر خفا ہو گیا

سر مجھے مجبور کر دیا گیا ہے کہ میں بولوں ایک بار پھر معذرت کے ساتھ چاپلوسی کرنا سخاوت صاحب کی عادت ہے اور وہ صرف اسی چیز کی تنخواہ لے رہے ہیں...!!

حمزہ بے جھجک بول رہا تھا کئی آفیسرز حمزہ کے بے باک لہجے پر شاکڈ تھے

حمزہ یہ پروفیشنل رویہ نہیں ہے بات کرنے کا... مجھے تم سے ایسے رویئے کی بلکل بھی توقع نہیں تھی تم تو ہمیشہ نرمی سے بات کرنے والے انسان ہو... تمہیں سخاوت صاحب سے فوری معذرت کرنی چاہیے!!

اعجاز شاہ نے حمزہ کو سختی سے کہا جبکہ باقی تمام آفیسرز مجسمہ حیرت بنے خاموشی سے تماشا دیکھ رہے تھے.....!!

سوری سر میں سخاوت صاحب سے معذرت نہیں کروں گا کیونکہ میں نے انکے بارے میں جو بھی کہا ہے وہ ایک ایک لفظ سچ ہے...!!

حمزہ نے دوٹوک جواب دیا

سر حمزہ صاحب حد سے بڑھ رہے ہیں.....!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سخاوت صاحب نے احتجاج کیا

!!.....حمزہ سوری کرو ورنہ مجھے بھی تمہارے بارے میں وہی فیصلہ کرنا پڑے گا جو میں نہیں کرنا چاہتا

اعجاز شاہ نے برہمی سے کہا

ہونہہہہہ.....پتہ ہے سر مجھے آپ کے کسی بھی فیصلے پر حیرت نہیں ہوگئی پتہ ہے کیوں؟.....وہ اس لیے مجھے کسی نے کہا تھا کہ تم جتنا مرضی اچھا کام کر لو لیکن یہ بات ہمیشہ یاد رکھنا پرائیوٹ اداروں میں تمہاری پہلی غلطی ہی تمہارے سارے اچھے ریکارڈ کو مٹا دے گئی پہلے میں اس بات کو نہیں مانتا تھا لیکن اب !!.....مان گیا ہوں.....اس لیے میں خود ریزاین کر کے جا رہا ہوں

ٹھنڈے مزاج کا حمزہ آج جارحانہ موڈ میں لگ رہا تھا اور وہ مزید کسی کی بات سے میٹنگ روم سے نکل گیا جبکہ !!....صاحب اس کو آوازیں دیتے رہے لیکن وہ رکا نہیں CSO

****

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اپنے کوارٹر میں آیا غصے میں ٹائی اتار کر ایک طرف پھینک دی اور خود بیڈ پر بیٹھ گیا ابھی بیٹھا ہی تھا کہ اس کے نمبر پر جی ایم صاحب کی کال آنے لگی اس نے فون بھی بند کر دیا تاکہ کوئی اسے ڈسٹرب نا کریں کچھ دیر بعد اس نے آستینوں کو اوپر کیا اور کچن میں گھس گیا فریج سے دودھ نکالا اور اپنے لیے ایک کپ چائے کا بنانے لگا جب چائے تیار ہو گئی تو اس نے چائے کپ میں ڈالی اور جا کر صوفے پر بیٹھ گیا چائے کا کپ اس نے سامنے رکھا اور آہستہ آہستہ چائے کی سپ لینے لگا چائے ختم کرنے کے بعد وہ تھوڑا پر سکون ہو گیا وقت گزاری کے لیے اس نے سامنے پڑا سگریٹ کا پیکٹ اٹھایا اور اس میں سے ایک سگریٹ نکال کر سلگا لی وہ عادی نہیں تھا لیکن جب کبھی وہ پریشانی یا غصے میں ہوتا تو پی لیتا تھا اسنے صوفے کی گدی سے ٹیک لگائی اور کش لگاتے ہوئے اپنے ماضی کے بارے میں سوچنے لگا ان چاروں سالوں میں اس نے بڑے اتار چڑھاؤ دیکھے تھے وہ اس جگہ تک کیسے پہنچا تھا اسے سب یاد آ رہا تھا اسے یہ بھی یاد تھا جب وہ گھر سے کسی کو بتائے بغیر نکلا تھا اپنے نامکمل خوابوں کی تکمیل کے لیے جب وہ گھر سے نکلا تھا تو ایک عزم کے ساتھ نکلا تھا کہ اگر میں کسی قابل بنا سکا تو واپس آؤں گا ورنہ مر جاؤں گا لیکن ساری زندگی واپس گھر نہیں جاؤں گا ایسا نہیں تھا کہ اسے اپنے باپ یا بہن بھائی کی یاد نہیں آتی تھی اسے سب یاد آتے تھے خاص کر برہان اسے بہت یاد آتا تھا اس کی چٹ پٹی باتیں اور کا ہر وقت کا ہنستا مسکراتا چہرہ اسے بہت یاد آتا تھا پتہ نہیں کیا کر رہا ہو گا۔۔۔۔مجھے یاد تو کرتا ہو گا۔۔۔۔؟

وہ خود سے سوال کرتا۔۔۔۔

!!ہاں اور نہیں تو کیا ضرور یاد کرتا ہو گا آخر کو میرا سب سے اچھا دوست تھا۔۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!وہ خود اپنے دماغ میں آنے والے سوال کا جواب دیتا۔۔۔

سعدیہ۔۔۔۔۔۔کیا وہ بھی مجھے یاد کرتی ہو گی۔۔۔۔۔؟

!!اس نے بوجھل دل سے سوچا۔۔۔

وہ کیوں یاد کرے گی مجھے۔۔۔۔۔میں تو صرف اس کے لیے بس ایک دوست تھا اور کچھ نہیں۔۔۔۔۔۔۔

!!لیکن وہ میرا سب کچھ کیوں تھی؟۔۔۔

!!!انہی سوچوں میں گم وہ صوفے پر ہی کب سو گیا اسے پتہ نہیں چلا۔۔۔

!!چار سال پہلے جب حمزہ گھر سے نکلا تھا۔۔۔

سعدیہ بیٹی کیا بات ہے تم کچھ اداس ہو۔۔۔۔؟

!!اس کی ماں سائرہ نے اس کو خاموش دیکھ کر پوچھا۔۔۔

!!کچھ نہیں ممی بس ایسے ہی۔۔۔۔

!!سعدیہ نے بے دلی سے جواب دیا۔۔۔

کیا ہوا میری جان مما کو بھی نہیں بتاؤ گی۔۔۔۔؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!سائرہ نے اس پر نثار ہوتے ہوئے پیار سے پوچھا۔۔۔

ممی میرا ایک یونیورسٹی فیلو تھا پتہ نہیں وہ گھر چھوڑ کر کہاں چلا گیا ہے ایک ہفتہ ہو گیا ہے اس کی کچھ خبر نہیں۔۔۔۔!!!

!!سعدیہ نے پریشانی کے عالم میں بتایا۔۔۔

چلو اللہ خیر کرے گا وہ خیریت سے ہو گا مل جائے گا۔۔۔۔آج کل کے بچوں کو بھی پتہ نہیں کیا ہو گیا ہے ماں باپ کے منہ سے کوئی بات نکلتی نہیں اور وہ گھر چھوڑ کر نکل پڑتے ہیں۔۔۔۔!!!

!!سائرہ کو لگا شاید وہ گھر والوں سے ناراض ہو کر نکلا ہے اس لیے اس نے سعدیہ کو تسلی دی۔۔۔

!!نہیں ممی وہ باپ سے لڑ کر گھر سے نہیں نکلا۔۔۔

سعدیہ نے بتایا

تو؟

!!سائرہ نے سوالیہ نظروں سے دیکھ کر پوچھا۔۔۔

!!کسی کو کچھ پتہ نہیں کیوں گیا ہے بس چلا گیا ہے۔۔۔

!!سعدیہ کے جواب پر سائرہ کو حیرت ہوئی۔۔۔۔

اچھا مل جائے گا چھوڑو اسے تم اس کی فکر کیوں کر رہی ہو۔۔۔؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سائرہ نے بات بدلنا چاہی

ممی وہ میرا اچھا دوست تھا اور بہت اچھا انسان بھی۔۔۔ایک دوست اچانک کہیں چلا جائے تو باقی دوستوں کو فکر تو ہوتی ہے نا؟

سعدیہ کے جواب پر سائرہ نے غور سے سعدیہ کے چہرے کو دیکھا اس کی آنکھوں میں واقعی اس کے فکر تھی۔۔۔!!

سعدیہ کیا بات ہے وہ صرف دوست ہی تھا نا؟

سائرہ نے عجیب نظروں سے دیکھتے ہوئے سوال کیا۔۔۔!!

اوہو مما۔۔۔آپ بھی پتہ نہیں کیا سوچنے لگ جاتی ہیں ہاں صرف دوست ہی تھا اور کچھ نہیں۔۔۔۔!!

سعدیہ نے ماں کی بات کا مطلب سمجھتے ہوئے جواب دیا۔۔۔!!!

دراصل میں نے آج تک تمہیں کسی کے لیے اتنا فکر مند نہیں دیکھا اس لیے پوچھ بیٹھی۔۔۔!!

سائرہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔۔۔!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس سے پہلے کہ سعدیہ کوئی جواب دیتی اس کے موبائل پر زویا کی کال آنے لگی اس نے یس کا بٹن دبایا اور موبائل کان سے لگا کر اندر کمرے کی طرف جانے لگی۔۔۔!!

ہیلو زویا کیسی ہو؟

سعدیہ نے کال اٹھاتے ہی کہا

میں ٹھیک ہوں تم سناؤ کیسی ہو اور کیا ہو رہا ہے کہاں ہو؟

کچھ نہیں بس گھر میں ہی ہوں تم سناؤ حمزہ کا کچھ پتہ چلا۔۔۔!!!

سعدیہ نے سوال کیا۔۔!!

سعدیہ لگتا ہے تمہارا دماغ ہل گیا ہے میں جب بھی تمہیں کال کرتی ہوں تو حمزہ کا ذکر لے کر بیٹھ جاتی ہو ۔۔۔۔۔۔بھاڑ میں گیا حمزہ یار ہمیں کیا جہاں مرضی جائے جہاں مرضی رہے ہمیں اس سے کیا؟

زویا سعدیہ کی بات سن کر برس پڑی۔۔۔!!!

زویا کیا ہو گیا ہے یار وہ ہمارا دوست تھا۔۔۔!!

سعدیہ نے جیسے اسے یاد دلایا۔۔!!

تم تو اس کے لیے ایسے فکر مند ہو رہی ہو جیسے وہ تمہارا دوست نہیں کچھ اور ہی تھا۔۔۔!!

زویا نے کاٹ دار لہجے میں کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!کیا بکواس کر رہی ہو زویا۔۔۔۔کچھ بھی بول دیتی ہو۔۔۔۔

!!سعدیہ نے احتجاج کیا۔۔۔۔

اچھا چھوڑو اس کو یہ بتاؤ کہیں باہر چل کر کھانے کا پروگرام ہے تمہارا کیا موڈ ہے۔۔۔۔؟

!!زویا نے فوری بات بدلی۔۔۔

!!میرا موڈ نہیں ہے زویا تم چلی جاؤ۔۔۔۔

!!!سعدیہ نے معذرت کر لی۔۔۔

!!بھاڑ میں جاؤ تم۔۔۔۔

!!...کہتے ہوئے زویا نے کال کاٹ دی۔

!!زویا۔۔۔۔۔۔زویا میری۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
ہائے سعدیہ کیسی ہو؟ میں کب سے تمہارا نمبر ٹرائی کر رہی تھی لیکن تم مسلسل کسی سے باتیں کرنے میں مصروف تھی۔۔۔۔۔۔ !!

زویا نے فوری شکوہ کیا۔۔۔ !!

سوری یار وہ میں برہان سے بات کر رہی تھی تو بات کچھ لمبی ہو گی۔۔۔ تم سناؤ آج کیسے یاد کر لیا۔۔۔ !!

سعدیہ نے فوری معذرت کر لی۔۔۔۔۔۔۔۔ !!

سعدیہ میں تم سے ایک بات کرنا چاہتی ہوں برا تو نہیں مانو گی؟

زویا نے ڈرتے ڈرتے پوچھا

ارے بھئی ایسی بھی کون سی بات ہے کہ تم بات کرتے ہوئے ڈر رہی ہو کھل کر بتاؤ کیا بات کرنی ہے؟

سعدیہ کے لہجے سے لگ رہا تھا کہ اس کا موڈ اچھا ہے۔۔۔ !!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سعدیہ میں نے حمزہ سے جھوٹ بولا تھا تھا کہ تم اور وسیم ایک دوسرے سے محبت کرتے ہو حالانکہ میں جان گئی تھی کہ تمہارا جھکاو حمزہ کی طرف زیادہ ہے۔۔۔۔۔اور یہ بھی کہ وسیم اور تم صرف دوست ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔اور شاید اسی بات سے ہرٹ ہو کر حمزہ گھر چھوڑ کر چلا گیا تھا۔۔۔

!!آخر کار زویا نے اپنے دل کا بوجھ ہلکا کر ہی لیا۔۔۔

کیا؟تم نے حمزہ سے یہ کہا کہا کہ میں وسیم سے پیار کرتی ہوں؟یہی کہا یا مجھے سننے میں ایسا لگا؟

!!سعدیہ کو ایک زبردست قسم کا شاک لگا تھا۔۔۔

!!تم نے سہی سنا ہے سعدیہ میں نے ایسا ہی کہا ہے۔۔۔۔

!!زویا نے دھیمے لہجے میں جواب دیا۔۔۔

لیکن تم نے ایسا کیوں کیا زویا تم تو میری سب سے اچھی دوست تھی اور میں نے تم پر بھروسا کیا تھا اور مجھے !!تمہاری دوستی پر بڑا مان تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

سعدیہ تو جیسے پھٹ پڑی۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم اچھی طرح جانتی ہو سعدیہ کہ میں بھی حمزہ سے پیار کرتی ہوں اور محبت میں حریف کوئی بھی پسند نہیں کرتا۔۔۔۔!!

زویا نے شکست خوردہ لہجے میں جواب دیا

تو پھر اب یہ بات مجھے بتانے کا کیا مقصد ہے؟

سعدیہ کا لہجہ تھوڑا تیکھا تھا

کیونکہ میں ڈر گئی ہوں حمزہ کے لئے تمہاری دیوانگی دیکھ کر۔۔۔۔جو تڑپ اور جنون میں نے تمہاری محبت میں دیکھا ہے وہ شاید میری محبت میں نہیں ہے۔۔۔۔میں حمزہ سے پیار کرتی تھی اور کرتی ہوں۔۔۔۔ لیکن میں نے تمہاری طرح خود کو ویران نہیں کیا میری آنکھوں میں حمزہ کی تصویر نظر نہیں آتی جب کہ تمہاری آنکھوں میں وہ صاف نظر آتا ہے۔۔۔۔اگر وہ مجھے نہ ملا تو میں اس کے بغیر مروں گی نہیں۔۔۔۔ لیکن میں یقین سے کہتی ہوں کہ اگر حمزہ علی تجھے نہ ملا تو تم زندہ نہیں رہو گی یوں ہی تڑپ تڑپ کر مر جاؤ گی۔۔۔!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!اتنا تو وہ خود بھی اپنے بارے میں نہیں جانتی تھی جتنا زویا اس کے بارے میں جان گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

کیا وہ واقعی میری آنکھوں میں نظر آتا ہے؟

!!اس نے خود سے سوال کیا۔۔۔۔۔۔

کیا زویا سچ کہہ رہی ہے کہ اگر وہ مجھے نا ملا تو میں مر جاؤں گی۔۔۔۔۔۔؟

!!!نہیں اب ایسا بھی نہیں ہے کہ وہ مجھے نا ملا تو۔۔۔۔۔۔۔

اس کی سانس تو پر ہی رکنا شروع ہو گئی اس کی سوچ اس سے آگے نا جا سکی ایسا سوچنے پر ہی اس کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑ گئے تھے اس کے ہاتھ کسی سو سال کے نحیف بوڑھے کی طرح کانپنے شروع ہو گئے تھے وہ بولنا چاہتی تھی لیکن ہونٹوں کی لرزش اسے بولنے سے روک رہی تھی اس کی آواز کہیں گلے میں ہی اٹک گئی تھی۔۔۔۔۔۔اسے اپنے سوال کا جواب مل گیا تھا کہ ہاں وہ واقعی حمزہ علی کو اتنا چاہنے لگی ہے کہ وہ نا ملا تو وہ سچ !!میں ہی مر جائے گی۔۔۔

!!سوری سعدیہ۔۔۔

کافی دیر خاموشی کے وقفے کے بعد اسے زویا کی آواز سنائی دی لیکن جواب میں اس نے جلدی سے فون کاٹ کر بیڈ پر پھینک دیا اور جلدی سے ماتھے پر آیا پسینہ صاف کیا۔۔۔اچانک اس کی نظر سامنے شیشے پر پڑی جس

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں اس کی صورت نظر آ رہی تھی وہ خود کو دیکھ کر ہی چونک گئی سردی میں بھی اس کا جسم سر سے لے کر پاؤں تک پسینے میں شرابور تھا گورا رنگ لٹھے کی طرح سفید ہو رہا تھا اس کی یہ حالت صرف یہ سوچنے پر ہی ہوئی تھی کہ اگر حمزہ اسے نا ملا تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟

!! پھر اس سے آگے وہ کچھ سوچ نہیں سکی۔۔۔۔

وہ الماری میں کپڑے تلاش کر رہا تھا وہ آج فہد کی طرف انوائٹڈ تھا

بہت سلیکشن کے بعد اسنے شام کے لیے بلیک کاٹن کا شلوار سوٹ منتخب کیا

جب تیار ہو کر جانے کے لیے باہر نکلا پیچھے سے دلآویز سی آواز نے اسکے قدم روک دیے

آج کالا جوڑا پا ساڈی فرمائش تے ذرا پا کے سامنے آ ساڈی فرمائش تے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وسیم کے لب مدھم سی مسکراہٹ میں ڈھل گئے آواز پیچھلے صحن سے آرہی تھی ایک پل کو اس نے اپنا کالا سوٹ دیکھا اور پیچھلے صحن کی طرف برھ گیا

لیں جی آ گئے کال سوٹ پہن کے آپکے سامنے اب کوئی اور حکم ؟

بھوری آنکھوں میں ایک دم غصہ چھا گیا

میرے زیادہ منہ مت لگیں اور فوراً بھاگ جائیں ورنہ ؟

ورنہ کیا مارو گی چلو مارو وسیم آگے بڑھا

.....فاریہ گھبرا کر پیچھے ہٹی دیکھیں میں کہہ رہی ہوں حد میں رہا کریں ورنہ

ورنہ کیا وسیم شرارت پر مائل تھا

ورنہ تائی امی فاریہ نے زور سے آواز لگائی وسیم گڑبڑا کر واپس پلٹا پھر سے فاریہ کی نقرائی ہنسی نے اسکے قدم روک لیے

وہ کافی دیر ہنسنے کے بعد بولی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہاں جانے کی تیاری ہے ویسے ؟

وسیم نے مسکراتے ہوئے رخ پھیرا وہ دونوں ہاتھ پیچھے کمر پر باندھے اپنی خوبصورت بھوری آنکھوں سے اسے گھورے جا رہی تھی اس کی کچھ آوارہ لٹیں اس کے چہرے کا طواف کر رہی تھیں وہ بھی مسکراتے ہوئے بنا کوئی بات کیے اس دیکھے جا رہا تھا۔۔

کیا بات ہے ایسے کیا گھور رہے ہیں کبھی کوئی خوبصورت لڑکی نہیں دیکھی یا نظر لگانے کا پروگرام ہے.....؟

اس نے وسیم کو اپنی طرف گھورتے پا کر منہ بسور کر کہا

لڑکیاں تو بڑی خوبصورت دیکھی ہیں..... لیکن اتنی خوبصورت بھوری آنکھوں والی بلی کبھی نہیں دیکھی ..... !!!

وہ اسے ہمیشہ بھوری آنکھوں والی بلی کہہ کر چھیڑتا تھا اور کبھی کبھی وہ اس کی اس بات کا برا بھی مان جاتی تھی لیکن وسیم اس کے غصے سے بھی لطف اندوز ہوتا تھا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ وہ زیادہ دیر اس سے ناراض نہیں رہ سکتی اور وہ بھی اسے پاگلوں کی طرح چاہتا تھا اس کی ہر بات پر بلا چوں وچراں عمل کرتا تھا خاص کر اسے کیا پہننا ہے کیا نہیں وہ سب وہی طے کرتی تھی....!! یہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.....کہتے ہوئے وسیم تھوڑا قریب ہوا جس پر وہ اچانک سے گھبرا گئی

کیا کر رہے ہو چندا..... پیچھے ہٹو کسی نے دیکھ لیا تو اچھا نہیں ہو گا ہم دونوں مارے جائیں گے جانتے ہو نا پاپا کو ....؟اس نے گھبرا کر ادھر ادھر دیکھتے ہوئے کہا

وہ اسے پیار سے چندا کہتی تھی

!! .....ہاہاہاہا.....چندا کہو گی تو پیچھے تھوڑی ہٹوں گا

اس نے ہلکا سا قہقہہ لگاتے ہوئے اس نے اسکی ایک آوارہ لٹ کو واپس اپنی جگہ پر پہنچایا...وہ اس کے اتنا نزدیک تھا کہ اسے اپنی سانس رکتی ہوئی محسوس ہوئی کیونکہ اس کے سانسوں کی تپش اس کے چہرے کو جھلسا رہی تھی وہ الٹے قدموں سے پیچھے ہٹی!!....

!!!....چندا پلیز

اس نے جیسے احتجاج کیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا بات ہے ڈر رہی ہو نا؟

!!.....وسیم نے مسکراتے ہوئے پوچھا

اس نے جواب دینے کی بجائے صرف سر ہلانے پر ہی اکتفا کیا اور دوبارہ سر جھکا لیا اس کی یہی معصومیت اس کا !!....دل موہ لیتی تھی

!!.....اچھا ٹھیک ہے ڈرو مت میں جا رہا ہوں اور ہاں میں ڈرتا نہیں تمہارے اس کھڑوس باپ سے

!!....وسیم نے مسکراتے ہوئے کہا جانے کے لیے مڑا

!!..چندا....بات سنیں

فاریہ کی آواز پر اس کے قدم فوری رک گئے اور اس نے دوبارہ پلٹ کر دیکھا

!!یہ دیکھو میں نے تمہارے لئے کچھ خریدا ہے

!!....اس نے ایک چھوٹا سا خوبصورتی سے پیک کیا گیا ایک ڈبہ وسیم کی طرف بڑھایا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ کیا ہے؟اور کس خوشی میں.....؟

!!.....وسیم نے حیرت اور تجسس سے پوچھا لیکن وہ ڈبہ اس کے ہاتھ سے لیا نہیں

اس میں ایک خوبصورت سی گھڑی ہے میرے چندا کے لیے.....اور یہ اس لیے ہے کہ آج میرے چاند کی سالگرہ ہے.....!!

اس نے مسکراتے ہوئے اسے یاد دلایا وہ ہمیشہ اسی طرح ہر سال اسے سرپرائز دیا کرتی تھی اور ہر بار کی طرح اس بار بھی حیرت سے تک رہا تھا کیونکہ کو یاد ہونا ہو فاریہ کو اس کی سالگرہ ہمیشہ یاد رہتی تھی

ایسے کیا دیکھ رہے ہو پکڑو اسے.....آپ کی یہی عادت مجھے بہت بری لگتی ہے منہ سے کچھ نہیں کہتے بس گھورتے رہتے ہیں نظر لگ گئی تو بیمار ہو جاؤں گی ...

.....اس نے لبوں پر مسکان سجائے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کی ایک بڑی بری عادت تھی وہ ہمیشہ وسیم کو کچھ نا کچھ گفٹ کرتی رہتی تھی لیکن اس نے کبھی بھی وسیم سے کسی چیز کی ڈیمانڈ نہیں کی تھی اور اکثر بیشتر وسیم اس سے خفا بھی ہو جاتا تھا لیکن وہ کسی نا کسی طرح اسے منا ہی لیتی تھی....

جب ہمیشہ کے لیے تمہاری ہو جاؤں گئی تو پھر ساری ادھوری خواہشات پوری کروں گی ہر روز کسی نا کسی چیز کے لیے ضد کروں گی.....دیکھنا پھر آپ مجھ سے تنگ آجائیں گے لیکن میں پھر ضد کروں گی.....!!

وہ بڑے مان سے کہتی تو وہ فوری مان جاتا..... !!!

ایک شرط پر گفٹ لوں گا؟

وسیم نے اس کے جواب میں کہا.....!!

شرط؟ کیسی شرط؟

وہ تھوڑا حیران ہوئی....!!

کہ یہ گھڑی تم خود مجھے پہناؤ گی.....!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....اس نے شرط بتائی تو وہ مسکرا کر رہ گئی

!!....بڑے شریر ہیں آپ

!!!.....کہتے ہوئے اس نے ڈبہ سے گھڑی نکال کر اپنے ہاتھوں سے پہنائی

آج کے بعد یہ گھڑی آپ کے ہاتھ سے اترنی نہیں چاہیے ورنہ میں سمجھوں گی کہ آپ کو میرا گفٹ پسند نہیں آیا.....!!!

...یہ بات اس نے بڑے مان سے کہی تھی کیونکہ وہ جانتی تھی کہ وہ اس کی بات کبھی نہیں ٹالے گا

!!...بہت خوبصورت ہے..... تھینکس

!!...وسیم نے مسکراتے ہوئے اس کا شکریہ ادا کیا تو وہ بچوں کی طرح خوش ہو گئی

تمہیں پسند آئی....؟

!!...اس نے جھجک کر پوچھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....ہاں....بہت پسند آئی

وسیم لگاتار اسے دیکھ رہا تھا بلکہ معصوم اور سیدھی سادھی لڑکی کو جو اس کے لیے جنون کی حد تک پاگل تھی..... وہ اس کے اس طرح دیکھنے پر ہڑبڑا گئی اور ادھر ادھر دیکھنے لگی !!!! .....

اللہ پاک ضرور مجھ پر مہربان ہے جو تم جیسی پیار کرنی والی لڑکی دی تم میرے لیے اللہ کی طرف سے دیا گیا ایک خوبصورت تحفہ ہو؟

!!....وسیم کی آواز پر ایک بار سر اٹھا کر اس نے دیکھا لیکن بولی کچھ نہیں

کیوں چاہتی ہو مجھے.....؟

!!...وہ دوبارہ گویا ہوا

محبت میں کیوں کا جواب نہیں ہوتا جناب مجھے تو بس اتنا پتہ ہے کہ آپ نا ملے تو مر جاؤں گی لیکن آپ کی اس !!....کیوں کا جواب نہیں ہے میرے پاس

وسیم اس کے جواب پر بے اختیار مسکرایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سچ کہا ہے کسی نے کہ عورت وفا کی دیوی ہوتی ہے چاہے وہ بیوی کے روپ میں ہو ماں کے روپ میں بہن کے روپ میں ہو یا بیٹی کے ہر رشتے سے وفا کرنا خوب جانتی ہیں.....!!!

اچھا اب مکھن مت لگائیں اور جائیں یہاں سے یہ نا ہو کہ آپ کی یہ بھوری آنکھوں والی بلی آپ سے باتیں کرتی ہوئی پکڑی جائے اور فوری اس کا گلہ دبا دیا جائے.....!!

اس کی بات سن کر وہ مسکراتے ہوئے جانے کے لیے پلٹا ابھی وہ چند قدم دور ہی گیا تھا کہ اس کی آواز پر رک گیا....!!

ویسے ایک بات کہوں آپ پر کالے رنگ کا سوٹ جچ رہا ہے مجھے تو ڈر ہے کہ کہیں آپ کو میری نظر ہی نا لگ جائے.....!!!

لیکن وہ دونوں اس بات سے بے خبر تھے کہ انکے پیار کو کسی کی نظر لگ گئی ہے کوئی تھا جو ان دونوں کی باتیں خاموشی سے سن رہا تھا وہ تو بڑے عرصے سے موقع کی تلاش میں تھا اور آج اسے یہ موقع مل ہی گیا تھا تو بھلا وہ اس موقع کا فائدہ کیوں نا اٹھاتا....!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم کچھ دن اور نہیں رک سکتے ؟

!!... برہان حمزہ کے جانے سے اداس لگ رہا تھا وہ واپس اسلام آباد جا رہا تھا

نہیں یار ابھی نیا ہوں اس پوسٹ پر سیٹ ہونے میں کچھ وقت لگے گا اس لیے شروع میں ہی اتنی چھٹیاں

!!..... کروں گا تو اعجاز شاہ صاحب خفا ہو جائیں گے

!!.... حمزہ نے مزید نار کنے کی وجہ بتائی

اچھا پھر وعدہ کر جلدی واپس آئے گا..... ؟

!!!.... برہان نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا

!!..... ہاں ان شاءاللہ کوشش کروں گا

!!..... حمزہ نے اسے گلے لگاتے ہوئے کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

....اوکے اللہ حافظ میں انتظار کروں گا

برہان سے گلے ملنے کے بعد حمزہ گاڑی میں بیٹھا اور وہاں سے چلا گیا ابھی وہ شہر سے نکلا ہی تھا کے اس کے نمبر پر اعجاز شاہ کی کال آنے لگی

اسلام علیکم سر کیسے ہیں آپ؟

...حمزہ نے کال اٹھاتے ہیں سب سے پہلے سلام کیا

وعلیکم السلام اللہ کا شکر ہے حمزہ تم سناؤ کہاں پہنچے ہو؟

اعجاز شاہ نے خوش اخلاقی سے اس کے سلام کا جواب دیا اور حال چال بھی پوچھا

!!.....بس سر ابھی نکل آیا ہوں گھر سے رستے میں ہوں ان شاءاللہ شام تک پہنچ جاؤں گا

.....حمزہ بات کرتے ہوئے ساتھ ساتھ ڈرائیو بھی کر رہا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچانک ایک زوردار دھماکہ ہوااور حمزہ کی گاڑی کاٹائر پھٹ گیاڈرائیونگ پر مکمل توجہ ناہونے کی وجہ سے گاڑی کاتوازن بگڑااور گاڑی سامنے سے آتے ایک ٹرک سے ٹکرائی اور کئی کلابازیاں کھاتی ہوئی فٹ پاتھ سے جاٹکرائی لیکن تب تک حمزہ علی اپنے حواسوں میں نہیں رہاتھادھماکے کی آوازدوسری طرف لائن پر موجوداعجاز شاہ سن چکاتھا

ہیلوحمزہ تم ٹھیک توہونا؟

لیکن اعجاز شاہ کی آوازاس کے کانوں تک نہیں پہنچ سکی

موقعے پر موجود کچھ لوگوں خون میں لت پت حمزہ کو تشویشناک حالت میں ہسپتال پہنچادیااس کابہت سا خون بہہ چکاتھاحمزہ کے موبائل سے کسی نے نمبر نکال کر جاوید کو بھی اطلاع کردی تھی.....!!

جاویداس وقت ڈیوٹی پر تھااس نے فوری برہان کوکال کی اور خود تھانے سے نکل پڑا.....برہان جب ہسپتال پہنچاتھاتوحمزہ اس وقت ایمرجنسی وارڈ میں تھا.....تھوڑی دیر بعد جاوید بھی پہنچ گیاتھا....!!

برہان....حمزہ کیساہے؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....جاوید بہت گھبرایاہوا لگ رہا تھا

پتہ نہیں بھائی ابھی تک ڈاکٹرز باہر نہیں نکلے اور نا ہی کچھ بتایا ہے.....؟

!!...برہان نے پریشانی کے عالم میں جواب دیا

ہادیہ اور ابو کو تو کچھ نہیں بتایا؟

جاوید نے سوالیہ نظروں سے برہان کو دیکھا

!!.....نہیں ان لوگوں کو کچھ پتہ نہیں ہے

برہان نے جواب دیا

!!.....یہ تو اچھا کیا ورنہ ہادیہ نے تو رو رو کر ہسپتال سر پر اٹھا لینا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈاکٹر صاحب حمزہ اب ٹھیک تو ہے نا؟

!!!.....ڈاکٹر جیسے ہی باہر نکلا برہان فوری اس کی طرف لپکا

سوری جناب ابھی تک حمزہ کی حالت نازک ہے ان کو کافی چوٹیں آئی ہیں اور ان کا خون بھی کافی بہہ گیا ہے اور وہ ابھی تک بے ہوش بھی ہیں جب تک ان کو ہوش نہیں آتا ہم کچھ نہیں کہہ سکتے.....ہم دوا کر رہے ہیں آپ بس دعا کریں!!!....

.....کہتے ہوئے ڈاکٹر صاحب آگے بڑھ گئے

او میرے خدا یہ ہوا کیسے ؟

!!.....اس نے سر پر ہاتھ رکھ لیا

برہان اور جاوید پریشانی کے عالم میں ایک دوسرے سے بھی بات نہیں کر پا رہے تھے اچانک برہان کے نمبر پر سعدیہ کی کال آنے لگی.....کچھ دیر سوچنے کے بعد برہان نے اس کی کال پک کر لی.....

کیسے ہو برہان....؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.....سعدیہ نے چھوٹتے ہی پوچھا

میں ٹھیک ہوں تم کیسی ہو؟

!!....برہان نے دھیمی آواز میں جواب دیا

کیا بات ہے برہان تم کچھ پریشان لگ رہے ہو؟

!!.....سعدیہ نے اس کے لہجے میں چھپی پریشانی کو محسوس کر لیا

!!.....ہاں وہ میں ہسپتال میں ہوں

برہان نے بس اتنا ہی کہا

ہسپتال؟سب خیریت تو ہے برہان.....؟

!!....سعدیہ بھی ہسپتال کا نام سن کر پریشان ہو گئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں خیریت نہیں ہے؟

!! ... برہان کی بات سن کر سعدیہ کے چہرے کا رنگ بدلا

برہان ہوا کیا ہے؟

!!.....سعدیہ کو بے چینی ہو رہی تھی

!!!.....حمزہ.....کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے.....اور وہ اس وقت ایمر جنسی میں ہے

حمزہ کے ایکسیڈنٹ کا سن کر سعدیہ کے تو ہاتھ پاؤں ہی پھول گئے اس کی آواز کہیں حلق میں ہی اٹک گئی تھی.....!!!

وہ.....وہ.....ٹھیک تو ہے نا؟

!!.....سعدیہ کو صرف یہ پوچھنے کے لیے ہی اپنی ساری قوت صرف کرنی پڑی تھی

!!!وہ ابھی تک بیہوش ہے ڈاکٹر نے دعا کے لیے کہا ہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.....مم.....میں بھی آرہی ہوں

!!....اتنا کہہ کر سعدیہ نے جواب سنے بغیر ہی فون بند کر دیا

سر جہاں پر حمزہ صاحب کی گاڑی کا ایکسیڈنٹ ہوا ہے ہم نے اس جگہ کا معائنہ کیا ہے اور گاڑی بھی چیک کی ہے.....حادثہ گاڑی کا ٹائر پھٹنے کی وجہ سے ہوا ہے جس کی وجہ سے شاید حمزہ صاحب گاڑی کو قابو نہیں کر سکے.....لیکن....سر.....!

لیکن کیا؟

جاوید فوری سوال داغ دیا بات کرتے کرتے سپاہی کا ایک دم سے رک جانا اسے کھٹک رہا تھا اس کی چھٹی حس اسے کچھ غلط ہونے کا اشارہ دے رہی تھی وہ اس وقت ہسپتال میں ہی موجود تھا جبکہ برہان اس وقت وہاں موجود نہیں تھا.....!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن سر.... گاڑی کا ٹائر گولی لگنے سے پھٹا ہے ایک گولی کا نشان بونٹ پر بھی پایا گیا ہے لگتا ہے کسی نے حمزہ صاحب پر قاتلانہ حملہ کیا ہے.....!!

سپاہی نے اپنی بات مکمل کی تو جاوید کی حیرت کی انتہا نا رہی.....!!

کیا؟

جاوید جیسے اچھل پڑا.....!!

جی سر یہ سچ ہے حالات اور واقعات یہی کہہ رہے ہیں....!!

سپاہی نے جواب میں کہا.....!!

کون ہو سکتا ہے جو میرے بھائی کی جان لینا چاہتا ہے؟ ایک بار میرے ہتھے چڑھ گیا تو اس کو چھوڑوں گا نہیں ____!!

جاوید نے غصے سے دانت پیس کر کہا....!!

ٹھیک ہے تم جاؤ اور پتہ لگاؤ کہ وہ کون تھا مجھے جلد از جلد وہ بندہ چاہیے...!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!.....جاوید نے تحکمانہ انداز میں کہا تو سپاہی سیلوٹ کرتا ہوا وہاں سے چلا گیا

تھوڑی دیر بعد برہان بھی واپس آ گیا اس کے ساتھ سعدیہ بھی تھی اور وہ کافی پریشان لگ رہی تھی اور گھبرائی ہوئی لگ رہی تھی

جاوید بھائی حمزہ ٹھیک تو ہے نا اسے کیا ہوا ہے؟

سعدیہ نے آتے ہی سوال کیا

!!.....ان شاءاللہ ٹھیک ہو جائے گا تم فکر مت کرو

جاوید نے اسے تسلی دی حالانکہ وہ خود اس وقت بہت ٹینشن میں تھا اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ حمزہ کی کس کے ساتھ دشمنی تھی کہ وہ اس مارنا چاہتا تھا پچھلے چار سال سے وہ ان کے ساتھ بھی نہیں رہا تھا اس لیے وہ اندازہ لگانے سے بھی قاصر تھا کہ کون ہو سکتا ہے جو اس حد تک جا سکتا ہے

جاوید بھائی کچھ پتہ چلا کہ حمزہ کا ایکسیڈنٹ کیسے ہوا تھا؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....کچھ دیر بعد برہان نے پوچھا

کسی نے حمزہ کو مارنے کی کوشش کی تھی گاڑی کی بونٹ اور ٹائر میں گولی کے نشان ملے ہیں وہ صرف ایک

!!...حادثہ نہیں پلان تھا حمزہ کو ختم کرنے کا

!!...جاوید کے انکشاف پر جہاں برہان کو حیرت کا جھٹکا لگا وہی سعدیہ بھی چونک گئی

!!.....نن.....نہیں وہ ایسا نہیں کر سکتا

بے اختیار سعدیہ کے منہ سے نکلا

کک....کیا مطلب؟ کون ایسا نہیں کر سکتا؟

!!....جاوید نے سعدیہ سے پوچھا

کک.....کچھ نہیں...؟

!!....سعدیہ کو فوری اپنی بیوقوفی کا احساس ہوا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سعدیہ پلیز اگر تمہیں کچھ پتہ ہے تو بھائی کو جلدی سے بتادو وہ دوبارہ بھی حمزہ پر حملہ کر سکتا ہے اس لیے ہمیں پہلے ہی اس سے خبردار رہنا ہوگا.....!!

برہان نے سعدیہ کو قائل کرنے کی کوشش کی...

سعدیہ کشمکش کا شکار تھی کہ اب کیا کرے.....!!

مم.....مجھے شک ہے کہ حمزہ پر حملہ کرنے والا شیراز ہے کیونکہ وہ حمزہ کو ہسپتال والے واقعہ کے بعد سخت نا پسند کرتا ہے اور ایک دو بار مجھ سے بھی اسکا جھگڑا حمزہ کی وجہ سے ہوا تھا.....!!

سعدیہ کی بات سن کر برہان اور جاوید نے ایک دوسرے کو دیکھا.....!!

لیکن کیوں؟

جاوید کے لہجے میں حیرت تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.....کیونکہ.....اسے لگتا ہے میں اور حمزہ

!!...اس سے آگے وہ بول نہیں پائی.....لیکن سمجھنے والے سب سمجھ گئے تھے

حمزہ علی کہ ساتھ کون ہے؟

!!...اچانک کسی کی آواز سنائی دی تو تینوں مڑ کر دیکھا وہ کوئی نرس تھی

جی میں ہوں بتائیں؟

جاوید کا دل دھک دھک کرنے لگا تھا اور سعدیہ دل ہی دل میں حمزہ کی سلامتی کی دعائیں مانگنے لگی تھی برہان

!!....کی حالت بھی ان دونوں سے مختلف نہیں تھی

سر حمزہ کو ہوش آگیا ہے انکی حالت اب خطرے سے باہر ہے ابھی ہم نے ان کو انجکشن لگا دیا ہے وہ سو رہے

!!.....ہیں جیسے ہی وہ اٹھ جاتے ہیں آپ ان سے مل سکتے ہیں

!!.....نرس نے گویا حمزہ کی زندگی کی نوید سنائی تو سب کے چہروں پر خوشی کہ لہر دوڑ گئی

!!.....او تھنکس گاڈ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ان لفظوں کے ساتھ دو آنسوؤں کے قطرے بھی سعدیہ کی آنکھوں سے نکل کر زمین پر جا گرے تھے لیکن شاید یہ خوشی کے آنسو تھے.....جاوید اسی کی طرف دیکھ رہا تھا لیکن وہ آنکھیں بند کیے منہ آسمان کی طرف کر کے اپنے مالک کی شکر گزار تھی ایک لمحے کے لیے جاوید کے لبوں پر مسکراہٹ دوڑ گئی....!!

.....!! پتہ نہیں ایسا کیا جادو کر دیا ہے کمینے نے اس بیچاری معصوم سی بچی پر

..جاوید دل ہی دل میں سوچتے ہوئے مسکرایا

.....!!! اچانک اس کے موبائل پر کسی انجان نمبر سے کال آنے لگی

جی کون؟

جاوید نے سلام کا جواب دینے کے بعد پوچھا

.....!! میں اعجاز احمد شاہ بول رہا ہوں حمزہ علی کا باس

....!! دوسری طرف سے بڑی نرمی سے جواب آیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی.... شاہ جی پہچان لیا کیسے ہیں آپ....؟

!!.... جاوید نے بھی مسکرا کر جواب دیا

کل سے حمزہ کا نمبر بند جا رہا ہے سب خیریت تو ہے نا.....؟ وہ تو کل واپس آ رہا تھا؟

!!..... اعجاز شاہ کے لہجے میں تشویش شامل تھی

!!!..... جواب میں جاوید نے سارا واقعہ اعجاز شاہ کے گوش گزار کر دیا

ہونہہ یہ تو بہت برا ہوا..... لیکن ایک بات کی سمجھ نہیں آئی ایسا کون ہے جو حمزہ کی جان لینا چاہتا ہے....؟

!!... اعجاز شاہ نے سوال کیا

!!اس کا بھی پتہ چل جائے گا کل تک

!!.... جاوید نے جواب دیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!...اچھا ٹھیک ہے بیٹا میں بھی کل تک پہنچ رہا ہوں ان شاءاللہ پھر وہی ملاقات ہو جائے گئ

!!...جی ضرور

!!.....کہتے ہوئے جاوید نے کال کاٹ دی

سعدیہ کدھر گئی ہیں نظر نہیں آرہی اسلام آباد سے آئی ہے اور مجھے ملی بھی نہیں؟

ڈاکٹر ارمان صدیقی نے اپنی بیوی سائرہ سے پوچھا وہ دونوں اس وقت رات کے کھانے کے لئے بیٹھے تھے

!!...اس کے کسی دوست کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے وہ اس کی خیریت معلوم کرنے ہاسپٹل گئی ہے

!!....سائرہ نے ایک پلیٹ میں تھوڑی سے چاول ڈال کر اس کے آگے رکھتے ہوئے جواب دیا

سائرہ تمہیں منع کرنا چاہیے تھا اس کو تم اچھی طرح جانتی ہو اس کی شادی کے دن قریب آتے جا رہے ہیں

!!.....اور ایسے دنوں میں لڑکیاں باہر نہیں نکلتی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈاکٹر عرفان صدیقی کو سعدیہ کا اتنی دیر تک گھر سے باہر رہنا پسند نہیں آیا

ڈاکٹر صاحب میں نے اسے روکنے کی کوشش کی تھی لیکن وہ میری کوئی بات ماننے کو تیار ہی نہیں تھی

!!....حالانکہ کچھ دیر پہلے ہی اسلام آباد سے آئی تھی

!!!.....سائرہ نے اپنی بے بسی ظاہر کی

مجھے اس بات کی سمجھ نہیں آتی کہ پتا نہیں اس لڑکی کو ہو کیا گیا ہے.....واپس آتی ہے تو میں بات کرتا ہوں .....اس سے

ڈاکٹر صاحب کافی برہم ہوئے لیکن سائرہ خاموشی سے کھانا کھاتی رہی

حمزہ کے ہوش میں آنے کے بعد جاوید نے کال کر کے اپنے ابو اور ہادیہ کو بھی بتا دیا پہلے تو وہ بہت پریشان ہوئے لیکن جاوید نے ان کو تسلی دی کہ وہ بالکل ٹھیک ہے اور ہوش میں آگیا ہے اس لیے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں لیکن ہادیہ پھر بھی نہیں مان رہی تھی اس لیے جاوید کو مجبوراً ان کے لیے ایک گاڑی بھجوانی پڑی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جب حمزہ کی آنکھ کھلی تو وہ ہاسپٹل کے بستر پر تھا اس کی نظر سامنے دیوار پر لگی گھڑی پر پڑی وہ نو بجے کا وقت بتا رہی تھی.... حمزہ نے اٹھنے کی کوشش کی لیکن اسے ناکامی کا سامنا کرنا پڑا اس کو اپنا سر چکراتا ہوا محسوس ہوا اس کا پورا جسم درد کر رہا تھا وہ کوشش کے باوجود اٹھ نہیں سکا اس کو پانی کی شدید طلب محسوس ہو رہی تھی لیکن اسے اپنے اس پاس ایسا کوئی کوئی شخص نظر نہیں آ رہا تھا جس سے وہ پانی مانگتا اچانک اس کی نظر اپنے بیڈ کی دائیں طرف پڑی وہاں سعدیہ نماز پڑھنے کے بعد شاید دعا مانگ رہی تھی ایک لمحے کے لیے اسے حیرت کا جھٹکا لگا لیکن اسے خوشی بھی ہو رہی تھی اس کا سارا درد رفو چکر ہو گیا ایک بار تو اسے ایسا لگا جیسے وہ خواب دیکھ رہا ہے..... وہ ٹک ٹکی باندھے اسے دیکھے جا رہا تھا کافی دیر بعد جب سعدیہ نے دعا ختم ہوئی تو اچانک حمزہ کے منہ سے پانی نکلا..... سعدیہ نے چونک کر حمزہ کی طرف دیکھا جو سر پر ایک ہاتھ رکھے اٹھنے کی کوشش کر رہا تھا..... وہ بجلی کی سی تیزی سے حرکت میں آئی اور حمزہ کو اٹھنے سے منع کر دیا!!

!!..... پلیز حمزہ آپ لیٹے رہیں..... میں پانی دیتی ہوں

سعدیہ نے اس کے سینے پر ہاتھ رکھ کر اسے اٹھنے سے روک دیا اور جلدی سے ساتھ ٹیبل پر پڑے جگ سے تھوڑا سا پانی گلاس میں ڈال کر ایک ہاتھ حمزہ کے سر کے پیچھے رکھا اور دوسرے ہاتھ سے گلاس حمزہ کے منہ سے لگایا وہ شاکڈ سا سعدیہ کے اس بدلے ہوئے روپ کو دیکھ رہا تھا!!.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایسے کیا دیکھ رہے ہو حمزہ.....؟

سعدیہ نے گلاس دوبارہ ساتھ ٹیبل پر رکھ کر آرام سے حمزہ کو دوبارہ بیڈ پر لٹا دیا اور خود بیڈ کے ساتھ ہی پڑی کرسی پر بیٹھ گئی....

دیکھ رہا ہوں کہ میں کہیں خواب تو نہیں دیکھ رہا..... شاید خواب ہی دیکھ رہا ہوں ورنہ اتنا خوبصورت منظر حقیقت تو ہو نہیں سکتا.....!!

حمزہ کی آواز سن کر وارڈ میں داخل ہوتی ہادیہ کے قدم وہی رک گئے کیونکہ وہ سعدیہ اور حمزہ کو دیکھ چکی تھی لیکن ان دونوں کی نظر ان پر نہیں پڑی تھی.....!!!

جی نہیں جناب یہ حقیقت ہے آپ سچ میں ہسپتال کے بستر پر لیٹے ہیں اور سب لوگ تمہارے بارے میں سوچ سوچ کر ہلکان ہو رہے ہیں.....؟

سعدیہ ہلکا سا مسکرائی....!!

لیکن یہ خوبصورت پری ہسپتال میں کیا کر رہی ہے؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!...حمزہ نے بھی ہونٹوں پر تبسم سجائے ہوئے کہا

کیونکہ اس پری کا بہت اچھا جن دوست ہسپتال کے بستر پر پڑا ہے تو پھر یہ پری کیسے آرام سے بیٹھ سکتی تھی سو

!!!.....خبر سنتے ہی بھاگی چلی آئی

!!.....سعدیہ نے بھی فوری جواب دیا

اچھا یہ بتاؤ برہان اور بھائی کہاں ہیں اور زویا بھی آئی ہے؟

!!....حمزہ نے بات بدلی

!!....وہ دونوں نماز پڑھنے گئے ہیں مسجد میں

!!.....سعدیہ نے جواب دیا لیکن زویا والی بات گول کر گئی

اور زویا کا نہیں بتایا تم نے؟

حمزہ نے دوبارہ پوچھ لیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.... نہیں وہ نہیں آئی

سعدیہ نے دھیمے سے لہجے میں جواب دیا

سوری آپ کو میری وجہ سے تکلیف کا سامنا کرنا پڑا..... مجھے بلکل بھی اچھا نہیں لگ رہا کہ آپ میری وجہ سے ابھی تک ہسپتال میں ہیں.....!!!

!!..... حمزہ نے مسکراتے ہوئے کہا

یہ تو ایک دن کی تکلیف تھی حمزہ صاحب..... لیکن جو تکلیف میں پچھلے چار سال سے برداشت کر رہی ہوں اس کے لیے کتنی بار سوری کرو گے؟

سعدیہ اس بار سنجیدہ لگ رہی تھی حمزہ کو اپنے کانوں پر یقین نا آیا اسے لگا کہ شاید اسے سننے میں غلطی ہوئی ہے.....!!!

چار سال سے تکلیف میں ہو لیکن کیوں؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.....حمزہ نے حیرت سے سوال کیا

آپ تو بڑے خود غرض نکلے ہو یار..... محبت کا دعویٰ تو کرتے ہو لیکن جن سے محبت کرتے ہیں بس ان کی پرواہ نہیں کرتے.....انکی مسکراہٹ میں چھپی اذیت کو محسوس نہیں کر سکتے ان کی آنکھوں میں اپنے لیے محبت دیکھائی نہیں دیتی.... میں نے تو سنا تھا محبت میں الہام ہوتے ہیں..... پھر تمہیں الہام کیوں نہیں ہوا کہ تمہارے جانے سے کوئی کتنا تڑپا ہے تمہاری ایک جھلک دیکھنے کے لیے اور تمہاری سلامتی کے لیے کسی نے کتنی دعائیں مانگی ہیں.....!!!!!!!!!

اس کی جھیل کی طرح گہری اور خوبصورت آنکھوں سے پانی کے چشمے ابل پڑے بستر پر پڑا حمزہ یہ سوچ رہا تھا کہ وہ اس حادثے میں مر کیوں نہیں گیا وہ بھی ایک لمحے کے لیے تڑپ گیا تھا.....!!

آج سے چار سال پہلے تم نے مجھ سے کہا تھا کہ سعدیہ میں تم سے پیار کرتا ہوں..... تمہارا تو پتہ نہیں حمزہ لیکن میں سچ میں مر مٹی ہوں تم پر.....!!

تھوڑی دیر خاموشی کے بعد ایک بار پھر سعدیہ کی آواز کمرے میں گونجی لیکن جواب میں اب بھی حمزہ خاموش تھا اس کہ وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ سعدیہ کے اس کے لیے جذبات ایسے ہو سکتے ہیں پھر اسے دبئی میں وسیم سے ہونے والی ملاقات یاد آئی.....!!!

حمزہ میں اور سعدیہ اچھے دوست ہیں بس ہمارا تعلق اتنا ہی ہے.....!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے وسیم کی وہ کہی بات یاد آئی

اگر ایک خوبصورت پری اور ایک زخمی جن کی باتیں ختم ہو گئی ہوں تو کیا میں اندر آسکتی ہوں.....؟

اس بار خاموشی ہادیہ کی آواز سے ٹوٹی..... سعدیہ اور حمزہ نے چونک کر دروازے کی طرف دیکھا جہاں ہادیہ کھڑی مسکرا رہی تھی سعدیہ نے جلدی سے اپنے آنسو پونچھے اور کرسی سے اٹھ کر کھڑی ہو گئی.....!!!

.....!! حمزہ میں تم سے سخت ناراض ہوں

.....!! ہادیہ نے حمزہ کے بیڈ کے ساتھ پڑی کرسی پر بیٹھتے ہوئے شکوہ کیا

آپی ابو کہاں ہیں.....؟

...!! حمزہ نے ہادیہ کی بات کا جواب دینے کی بجائے سر اٹھا کر دروازے کی طرف دیکھنے کی کوشش کی

..ڈرومت ابو بھی آتے ہی پہلے ہسپتال کی مسجد میں عشاء کی نماز پڑھنے چلے گئے ہیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہادیہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا تو اس نے سکھ کا سانس لیا ورنہ وہ سمجھ رہا تھا کہ شاید ہادیہ کی طرح اس کے ابو نے بھی ساری باتیں سن لی ہونگی.....!!

سعدیہ نام ہے نا تمہارا....؟

.....!!ہادیہ نے سعدیہ کے ہاتھ کو تھام کر پوچھا

....!!جی

....!!وہ بس اتنا ہی کہہ پائی

....!!حمزہ بھابھی تو بڑی خوبصورت ہے ماشاءاللہ تمہاری پسند کی داد دینی پڑے گی

....!!ہادیہ نے محبت سے اس کے رخساروں کو چھوا تو وہ شرم سے پانی پانی ہو گئی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حمزہ اس کے گالوں میں توڈمپل بھی پڑتے ہیں..... تمہیں یاد ہے ناجب تم چھوٹے تھے تم کہتے تھے میں اس لڑکی سے شادی کروں گا جو مسکرائے تو اس کی گالوں میں ڈمپل نظر آئیں.....لو دیکھ لو اللہ نے تمہاری یہ خواہش بھی پوری کر دی.... !!

سعدیہ تم فکر مت کرو میرا بھائی تم سے بہت پیار کرتا ہے اور تمہیں ہمیشہ خوش رکھے گا جیسے ہی حمزہ گھر جاتا ہے میں خود تمہارے گھر آؤں گئی تمہارے ممی پاپا سے تمہارا رشتہ لینے...!!!

ہادیہ نے سعدیہ کے دونوں ہاتھوں کو مضبوطی سے تھام کر کہا

آپی اسی مہینے میری شادی ہونے والی ہے....!!

اور ساتھ ہی ایک بار پھر دو نمکین پانی قطرے اس کے رخساروں کو تر کرتے ہوئے ہادیہ کے ہاتھوں پر جا گرے

کیا تمہاری شادی ہو رہی ہے....؟

.....ہادیہ کو حیرت کا جھٹکا لگا اور بیڈ پر پڑے حمزہ نے آنکھیں بند کر کے درد کی شدت کو کچھ کم کرنا چاہا

درد درد ہی رہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

الٹا بھی لکھا سیدھا بھی

لیکن آنکھیں بند کر لینے سے درد کی شدت میں کمی تھوڑی آتی ہے اتنے سال جس کے لیے تڑپتا رہا جس کو ہر دعا میں مانگا تھا جس کی محبت پانے کے لیے وہ پل پل مرتا رہا آج اس کی محبت تو مل گئی تھی پر کچھ لمحوں کے لیے.....!!

ہاں آپی.....اس مہینے کی 26 تاریخ کو میری شادی ہو رہی ہے میرے کزن شیراز کے ساتھ.....!!

سعدیہ نے اپنے آنسو پونچھتے ہوئے جواب دیا....!!

لیکن تم تو حمزہ سے محبت کرتی ہو تو پھر شادی شیراز سے کیوں؟

ہادیہ الجھن کا شکار تھی....!!

بہت انتظار کیا تھا حمزہ کا لیکن اس نے آنے میں دیر کر دی.....!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سعدیہ کی بات پر ایک بار پھر اس کی تکلیف میں اضافہ ہوا ایک بار پھر اسے اپنا سر چکراتا ہوا محسوس ہوا....!!!!

حمزہ تھینکس گاڈ کہ تمہیں ہوش آ گیا.....!!

برہان آتے ہی حمزہ سے لپٹ گیا لیکن حمزہ نے برہان کو دیکھ کر بھی مسکرانے کی کوشش نہیں کی.... جاوید اور ظفر صاحب بھی برہان کے ساتھ ہی کمرے میں داخل ہوئے تھے..... ظفر صاحب نے آگے بڑھ کر حمزہ کے ماتھے پر بوسہ دیا اور کچھ پڑھ کر اس پر پھونکا.....جواب میں حمزہ نے ہلکا سا مسکرانے کی کوشش کی...!!!!!

اسلام علیکم انکل....!!

سعدیہ نے سلام کیا تو ظفر صاحب نے مسکراتے ہوئے اس کے سر پر ہاتھ رکھا....!!

جیتی رہو بیٹی معاف کرنا میں نے تمہیں پہچانا نہیں ہے.....؟

ظفر صاحب نے معذرت کی.....!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!...ابو یہ سعدیہ ہے برہان اور حمزہ کی کلاس فیلو تھی

!!!..سعدیہ کی بجائے ہادیہ نے جواب دیا

!!.....اچھا اچھا جیتی رہو

!!..... ظفر صاحب نے اثبات میں سر ہلاتے ہوئے دعا دی

!!....آپی اچھا میں چلتی ہوں.....کافی دیر ہو گئی ہے

سعدیہ نے ہادیہ سے اجازت چاہی جبکہ اس کی آنکھیں حمزہ کو تک رہی تھی حمزہ کا دل بیٹھنے لگا وہ اسے روکنا چاہتا تھا لیکن روک نا سکا دروازے سے نکلنے تک اس نے کئی بار پیچھے مڑ کر دیکھا تھا!!.....

کیا بات ہے سعدیہ میں کافی دنوں سے نوٹ کر رہا ہوں تم کچھ ڈسٹرب سی لگ رہی ہو.....سب ٹھیک تو ہے نا؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دوسرے دن صبح جب وہ ناشتہ کرنے کے لیے ٹیبل پر پہنچی تو اس کے باپ ڈاکٹر ارمان صدیقی نے پوچھ ہی لیا.....!!

پاپا میں آپ لوگوں سے ایک بات کرنا چاہتی ہوں.....!!

سعدیہ نے سر جھکائے جواب دیا.....!!

ہاں بیٹا کھل کر کہو کیا بات کرنی ہے؟

ڈاکٹر ارمان نے مسکراتے ہوئے پوچھا

پاپا.....میں.....شیراز سے شادی نہیں کرنا چاہتی.....!!

ڈاکٹر ارمان صدیقی کا نوالہ منہ تک نا جا سکا اس کا ہاتھ ہوا میں ہی معلق رہہ گیا اور حیران کن نظروں سے سعدیہ کو دیکھ رہا تھا.....!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سعدیہ یہ کیسی باتیں کر رہی ہو تم تمہاری ڈیٹ فائنل ہو گئی ہے ابھی دن ہی کتنے رہہ گے ہیں دونوں طرف سے تیاریاں مکمل ہیں ہم لوگوں کو کیا جواب دیں گے.....؟؟

!!.....سائرہ کو سعدیہ کے فیصلے نے حیران کر دیا تھا اور وہ تو جیسے پھٹ پڑی تھی

ممی شیراز مجھے پسند نہیں ہے اور میں ایک غلط فیصلہ کر کے اپنی ساری زندگی ایک غلط انسان کے ساتھ نہیں گزار سکتی....!!

!!...سعدیہ نے جواب دیا

یہ بات تمہیں دو سال بعد یاد آ رہی ہے؟

!!!....ڈاکٹر ارمان کا لہجہ تھوڑا تلخ تھا

سوری پاپا میں کسی اور کو پسند کرتی ہوں.....میں اس کے ساتھ بہت خوش رہوں گی پاپا میں شیراز سے شادی کر کے میاں بیوی جیسے پاکیزہ رشتے کو دھوکہ نہیں دے سکتی کیونکہ میں مر کر بھی شیراز کو تسلیم نہیں کر پاؤں گی اور میں اس رشتے سے منافقت نہیں کر سکتی....!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سعدیہ نے باپ کے سامنے بھی کھل کر کہہ دیا

کون ہے وہ جس کی محبت اچانک جاگ اٹھی ہے؟

!!....ارمان صدیقی نے برہمی سے پوچھا

!!...حمزہ علی.....میرا کلاس فیلو تھا

!!!!....سعدیہ نے سر جھکا کر جواب دیا

میری بات کان کھل کر سن لو سعدیہ....اب بہت دیر ہو چکی ہے اور میں اپنے فیصلے سے پیچھے نہیں ہٹ سکتا تمہاری شادی شیراز سے ہی ہو گی.....لہذا اس حمزہ علی کو اپنے دل و دماغ سے نکال دو..... سمجھی تم....؟

!!....ڈاکٹر ارمان غصے سے پھنکارا اور ناشتے کی ٹیبل سے اٹھ کر جانے لگا

!!.....پاپا پلیز میری بات تو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....جسٹ شٹ اپ.....میں نے کہانا میں فیصلہ کر چکا ہوں

سعدیہ کی بات ادھوری ہی رہہ گئی اور ڈاکٹر ارمان صدیقی غصے میں اسے وارن کرتا ہوا وہاں سے چلا گیا وہ بت بنی اپنے باپ کو جاتے دیکھتی رہی زندگی میں پہلی بار اس کے باپ نے اسے ڈانٹا تھا اور وہ بھی اتنے سخت لہجے میں.....!!

!!!.....مما پلیز آپ پاپا سے بات کریں.....میں حمزہ کے بغیر مر جاؤں گی

!.....وہ روتے ہوئے سائرہ کے پاؤں پڑ گئی

!!...سوری بیٹی....میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتی

!!...اتنا کہہ کر سائرہ بھی ناشتے کی ٹیبل سے اٹھ کر چلی گئی

اور وہ وہی فرش پر بیٹھ کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی

دوسرے دن صبح صبح ہی جاوید کے آرڈر پر شیراز کو گرفتار کر لیا گیا اس کے باپ نے بڑا شور مچایا اور برے انجام کی دھمکیاں دی لیکن جاوید کسی دھمکی کو خاطر میں نا لایا اور اسے اٹھا کر تھانے لے آیا.....شیراز کی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گرفتاری کی خبر ڈاکٹر ارمان صدیقی تک بھی پہنچ چکی تھی.....جس پر وہ مزید آگ بگولہ ہو گیا .....!!

!! .....میں اس سب انسپکٹر کی وردی اتروادوں گا اس کی جرأت کیسے ہوئی شیراز کو گرفتار کرنے کی

گھر میں داخل ہوتے ہی وہ غصے سے چلایا اور گاڑی کی چابیاں زور سے سامنے پڑے صوفے پر دے ماریں اور !!....خود بھی وہی بیٹھ گیا سائرہ ڈاکٹر ارمان صدیقی کی آواز سن کر دوڑتی ہوئی وہاں پہنچ گئی

کک.....کیا ہوا ڈاکٹر صاحب آپ غصے میں کیوں ہیں؟

وہ بوکھلائی ہوئی وہاں پہنچی.....! جبکہ اپنے کمرے میں موجود سعدیہ بھی آواز سن کر باہر نکلی لیکن وہ باپ !!.....کے سامنے نہیں آئی اور چپ کر کھڑی ان کی باتیں سننے لگی

!!.....اس دو ٹکے کے پولیس والے نے شیراز کو گرفتار کر لیا ہے

!!....ڈاکٹر صاحب نے تلخی سے جواب دیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کون پولیس والا اور شیراز کو کیوں گرفتار کیا ہے؟

!!!!....سائرہ کو کچھ سمجھ نہیں آرہی تھی لیکن چپ کر کھڑی سعدیہ کو ساری بات سمجھ آچکی تھی

وہی حمزہ علی جس کی محبت اچانک سے تمہاری بیٹی کے دل میں جاگ اٹھی ہے اس کے بڑے بھائی نے شیراز

!!.....کو گرفتار کر لیا ہے اس نے شیراز پر الزام لگایا ہے اس نے حمزہ علی پر قاتلانہ حملہ کیا ہے

ڈاکٹر ارمان غصے سے ہانپ رہا تھا سائرہ بھاگتی ہوئی اس کے لیے پانی کا ایک گلاس لے کر آئی اور اسے تھمایا جسے

!!.....اس نے ایک ہی سانس میں ختم کر کے سائیڈ پر رکھ دیا

لیکن شیراز کی حمزہ کے ساتھ کیا دشمنی ہے؟

!!...سائرہ بھی اس کے ساتھ صوفے پر بیٹھ گئی

دشمنی کوئی نہیں ہے بس وہ شیراز کو رستے سے ہٹانا چاہتے ہیں تاکہ ہم بدگمان ہو کر اس سے سعدیہ کا رشتہ ختم

!!....کر دیں.....یہ سب سعدیہ کا کیا دھرا ہے

!!.....وہ غصے میں بولتا چلا گیا وہ نہیں جانتا تھا کہ وہ سب باتیں سن رہی ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.....آہستہ بولیں ڈاکٹر صاحب وہ کمرے میں سو رہی ہے اس نے سن لیا تو

!!...سائرہ نے ڈرتے ڈرتے ڈاکٹر صاحب سے کہا

کیا کچھ نہیں کیا میں نے اس کے لیے.....اتنا تو کوئی سگی بیٹی کے لیے بھی نہیں کرتا جتنا میں نے اس کے لیے کیا ہے اس کو مہنگے سے مہنگے سکولوں میں پڑھایا اس کو برانڈ سے کم کچھ لے کر نہیں دیا اس کے ناز اٹھائے اس کو محبت دی کسی چیز کی کمی محسوس نہیں ہونے دی اس کو تو کیا آج تک کسی کو بھی محسوس نہیں ہوا کہ وہ ہماری سگی بیٹی نہیں ہے بلکہ ہم نے اسے اڈاپٹ کیا ہے.....پھر بھی وہ ہماری محبت کا یہ صلہ دے رہی ہے....!!

سعدیہ کے تو پاؤں کے نیچے سے تو زمین ہی کھسک گئی اس کی آنکھیں ساون کی بارش کی طرح چھم چھم برسنے لگیں اس کے قدم من من بھر کے ہو گئے اور گویا قوت گویائی چھن گئی ہو اس کے حلق سے آواز بھی نہیں نکل رہی تھی وہ زور زور سے چیخنا چاہتی تھی لیکن اس کی آواز ہی نہیں نکل رہی تھی ڈاکٹر ارمان تو پتہ نہیں کیا کیا بول رہا تھا لیکن اس کو اب کچھ بھی سنائی نہیں دے رہا تھا اس پر تو گویا آسمان ٹوٹ پڑا تھا....!!

کیا میں یتیم ہوں میرا کوئی نہیں...؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے خود سے سوال کیا اور آہستہ آہستہ قدم اٹھاتی ہوئی کمرے میں داخل ہو گئی جہاں سائرہ اور ڈاکٹر ارمان بیٹھے باتیں کر رہے تھے....!!

ڈاکٹر صاحب خدا کے لیے چپ ہو جائیں..... اگر اس نے سن لیا تو وہ مر.....!!

اس کا فقرہ مکمل نا ہو سکا کیونکہ اس کی نظر سامنے دروازے پر کھڑی سعدیہ پر پڑ چکی تھی سائرہ کے تو ہاتھ پاؤں ہی پھول گئے وہ اس کی حالت دیکھ کر اندازہ کر چکی تھی کہ وہ سب کچھ سن چکی ہے.....

!!!

تمہیں کیا لگتا ہے کہ میں اس سے محبت نہیں کرتا..... میں تو اس کو دیکھ دیکھ کر جیتا ہوں میں اس کو ایک پل کے لیے بھی اداس نہیں دیکھ سکتا..... لیکن اس نے شیراز کے رشتے سے انکار کر کے میرا دل دکھایا ہے اگر وہ پہلے مجھے بتا دیتی تو میں کبھی بھی شیراز سے اس کی منگنی نہیں کرتا لیکن اب جب سب کچھ فائنل ہو چکا ہے تو وہ انکار کر رہی ہے.....!!

ڈاکٹر ارمان سر جھکائے باتیں کیے جا رہا تھا اس کی نظر ابھی تک سعدیہ پر نہیں پڑی تھی اور نا ہی اس نے یہ محسوس کیا تھا کہ سائرہ نے اپنی بات ادھوری کیوں چھوڑی ہے.....!!

پپ..... پاپا.....!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے اپنی ساری قوت صرف کر کے بس اتنا ہی کہا اس کی آواز لڑکھڑا رہی تھی اس کا چہرہ آنسوؤں سے تر تھا وہ بے آواز رو رہی تھی

ڈاکٹر ارمان صدیقی کو تو کرنٹ لگا تھا اس نے چونک کر دروازے کی سمت دیکھا تو اس کے حواس ہی گم ہو گئے !!.....اس کا سارا غصہ رفو چکر ہو گیا ہے

سس.....سعدیہ.....مم.....میری گڑیا تم دروازے پر کیوں کھڑی ہو اندر آؤ.....اور.....اور تم رو !!.....کیوں رہی ہو کسی نے کچھ کہا ہے میری بچی سے

ڈاکٹر ارمان صدیقی سعدیہ کو دیکھ کر بوکھلا گیا تھا اور جلدی سے صوفے سے اٹھ کر سعدیہ کے پاس آ گیا چاہے غصے میں وہ جو کچھ بھی بول گیا تھا لیکن سچ تو یہ تھا کہ وہ واقعی سعدیہ پر جان چھڑکتا تھا لیکن اب تیر کمان سے نکل چکا تھا

پپ.....پاپا.....کیا.....میں.....آپ کی بیٹی.....نہیں ہوں.....؟

!!.....وہ سسک رہی تھی تڑپ رہی تھی کتنا درد تھا اس کے لہجے میں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.....نن.... نہیں میری جان ایسا کچھ نہیں ہے تم تو ہماری جان ہو

!!....سائرہ نے جلدی سے اس کو گلے سے لگایا

مما.....کیا آپ بھی....میری ممی نہیں ہیں.....مم.....میں لاوارث ہوں نا؟

!!.....اس کے لہجے میں اتنا درد تھا کہ سائرہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی

!!.....چپ کرو میری گڑیا.....یہ کیسی باتیں کر رہی ہو تم لاوارث نہیں ہو ہم ہی تمہارے ماں باپ ہیں

سائرہ نے روتے ہوئے اس کو سینے سے لگایا ڈاکٹر ارمان اب ہاتھ مل رہا تھا اور تڑپ رہا تھا اسے اپنے اوپر غصے

!!..... بھی آ رہا تھا

لل...لیکن پاپا....تو کہہ.....رہے تھے کہ.....میں.....انکی.....سگی بیٹی.....نہیں ہوں....؟

!!.....روتے روتے اس کی ہچکی بندھ گئی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!.....تمہارے پاپا جھوٹ بولتے ہیں

!!!....سائرہ نے سعدیہ کو خود سے روز سے لپٹا لیا

!!....لیکن سعدیہ روتے روتے انکی بانہوں میں ہی جھول گئی اس کی آنکھیں بند ہو گئیں

سعدیہ.....سعدیہ....کیا ہوا میری گڑیا آنکھیں کھولو مم.....میں سوری کرتا ہوں.....میں.....

!!.....جھوٹ بول رہا تھا.....تم میری بیٹی ہوا گر تمہیں کچھ ہو گیا تو میں مر جاؤں گا پلیز آنکھیں کھولو

ڈاکٹر ارمان صدیقی پاگلوں کی طرح چلایا لیکن سعدیہ اب چپ ہو گئی تھی اب وہ بات نہیں کر رہی تھی اور نا

!!.....ہی رو رہی تھی اس کا جسم اب بلکل ٹھنڈا ہو رہا تھا وہ بلکل ساکت تھی

!!.....ڈرائیور.....ڈرائیور گاڑی نکالو.....جلدی گاڑی نکالو

ڈاکٹر ارمان چلاتا ہوا باہر کی طرف دوڑا جبکہ سائرہ فرش پر بیٹھی سعدیہ کو سینے سے لپٹائے دھاڑیں مار مار کر رو

!!.....رہی تھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور کوئی روئے تو آواز کانوں پہ پڑے

تیری ہائے ہے مگر وہ کہ دل کے خانوں پہ پڑے

میں فقط یہ چاہتا ہوں عشق اب ناپید ہو

میرے پیچھے نہ ستم یہ اور جانوں پہ پڑے

میں کسی جانب کو چل دوں کوئی نہ آواز دے

یہ سمجھ لینا کہ تالے ہیں زبانوں پہ پڑے

(انتخاب)

تم بہت بڑی غلطی کر رہے ہو تم نہیں جانتے میں کیا کر سکتا ہوں.....؟

!!!.....شیراز نے جاوید کو دھمکی دی وہ اس وقت تھانے میں جاوید کے سامنے کرسی پر بیٹھا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....چٹاخ

!!.....تم جو کر سکتے تھے وہ تم نے کر لیا اب یہ بتاؤ تم حمزہ کو کیوں مارنا چاہتے تھے

اس کی بات ختم ہوتے ہی جاوید نے بڑی بے رحمی سے ایک زوردار تھپڑ دے مارا اس کا ہونٹ پھٹ گیا اور

!!.....وہاں سے خون رسنے لگا

!!....میں تمہاری وردی اتروادوں گا.....تم نہیں جانتے میں کتنا بڑا وکیل ہوں

!!.....ایک اور زوردار تھپڑ

ہاں اچھی طرح جانتا ہوں تم بہت بڑے وکیل ہو بندے کو دلیلوں سے مار دیتے ہو.....لیکن میں بندے

کو تھپڑ مار مار کر مار دیتا ہوں اب سیدھی طرح بتاؤ حمزہ پر حملہ کیوں کیا تھا.....؟

جاوید نے اس کی دھمکی کو خاطر میں نالاتے ہوئے ایک اور تھپڑ جڑ دیا اس بار ناک سے بھی خون رسنے

!!.....لگا

!!.....میں آئی جی کو کال کر کے تمہاری شکایت کر دوں گا تم نہیں جانتے ہماری بہت اوپر تک پہنچ ہے

...ایک اور تھپڑ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آئی جی تمہارا باپ لگتا ہے جس کو کال کر کے میری شکایت کر دو گے..... تمہاری کمپلین میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتی اتنی جان پہچان تو میری بھی ہے آئی جی صاحب سے...!!

جاوید نے شیراز کو تھپڑ مار مار کر ادھ موا کر دیا تھا....!!

یار تم بغیر تھپڑ مارے بات نہیں کر سکتے.....؟؟

شیراز نے اپنے ہونٹوں سے خون صاف کرتے ہوئے شکایتی انداز میں کہا....!!

بلکل کر سکتا ہوں اگر تم میرے سوال کا جواب دے دو تو کہ حمزہ کو کیوں مارنا چاہتے تھے.....!!!

جاوید نے سختی سے اپنا سوال دوہرایا.....!!

آپ کو شاید غلط فہمی ہوئی ہے میں نے ایسا کچھ نہیں کیا.....!!

شیراز نے ڈرتے ڈرتے جواب دیا.....!!

اس بار تھپڑ کے ساتھ ایک لات بھی پڑی تھی.....!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مارواس کمینے کواور تب تک مارتے رہو جب تک طوطے کی طرح فرفر بولنا شروع نہیں کر دیتا.....بس !!!.....پھراس کی چیخیں پوری حوالات نے سنی ہوگئی پانچ منٹ بعد اس نے سچ بولنے کا فیصلہ کر لیا

سعدیہ میری منگیتر ہے اور وہ حمزہ کی وجہ سے مجھے اگنور کر رہی ہے کیونکہ مجھے لگتا ہے کہ وہ حمزہ کو پسند کرتی ہے اور مجھے ڈر تھا کہ وہ شاید میرے ساتھ شادی سے انکار کر دے گئی اس لیے میں نے حمزہ کو رستے سے ہٹانے کا فیصلہ کیا اور ایک بندے کو ہائر کیا جس نے مجھ سے وعدہ کیا کہ وہ حمزہ کو ایسے مارے گا کہ وہ بلکل !!!.....حادثہ لگے گا کسی کو شک نہیں ہوگا کہ یہ قتل تھا یا ایکسیڈنٹ

!!....جاوید نے اس کے بیان کی وڈیو بنا کر اپنے پاس رکھ لی

!!.....وکیل صاحب اب تم یہ دیکھو کہ میں تمہارے ساتھ کرتا کیا ہوں

!!.....جاوید نے اس کا بیان ریکارڈ کرنے بعد اس کو وارن کیا اور وہاں سے جانے لگا

!!.....حوالدار

!!....وہ جاتے جاتے رکا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....جی صاحب

!!...فوری جواب آیا

یار وکیل صاحب ہمارے مہمان ہیں کوئی کنجوسی نا کریں بلکہ دل کھول کر ان کی خدمت کریں مجھے کسی شکایت کا موقع نہیں ملنا چاہیئے.....!!

!!!.....جاوید نے حوالدار کو آنکھ ماری اور مسکراتا ہوا وہاں سے چلا گیا

!!.....جو حکم سرکار

....حوالدار بھی اس کا اشارہ سمجھ چکا تھا

!!....اعجاز شاہ بھی حمزہ علی کی خیریت دریافت کرنے پہنچ گیا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....کیسے ہو چمپیئن باس کیا بنایا تم تو بستر سے ہی لگ گئے

!!....اعجاز شاہ نے مسکراتے ہوئے حمزہ علی سے کہا

!!....بس سر یہ تو سب آپ کی مہربانیاں ہیں ورنہ ہم باس بننے کے قابل کہاں ہیں

!!!.....حمزہ علی نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

اچھا جاوید یہ بتاؤ حملہ کرنے والے کا کچھ پتہ چلا....؟

اعجاز شاہ نے مسکراتے ہوئے اپنا رخ جاوید کی طرف کیا

....جی پتہ چل گیا ہے اور وہ پکڑا بھی گیا ہے اس نے اعتراف بھی کر لیا ہے

وہ حمزہ کو کرائے کے قاتل سے مروانا چاہتا تھا ہم نے اس بندے کو بھی پکڑ لیا ہے جس نے حمزہ پر فائر کیے

تھے..!!

!!....جاوید نے جواب دیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!...حمزہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا اور وہاں سے چلا گیا وہ اسے جاتے ہوئے دیکھ کر مسکراتی رہی

!!....ماموں میں پاکستان چھوڑ کر کہیں نہیں جاؤں گا

!!....وسیم نے صاف انکار کر دیا

تمہارا دماغ خراب ہو گیا ہے وسیم تم اچھی طرح جانتے ہو حمید احمد کو کہ وہ کتنا اثر رسوخ رکھتا ہے وہ تمہیں

!!....جیل سے باہر نہیں آنے دے گا

!!....اس کے ماموں نے سخت لہجے میں جواب دیا

لیکن میں فاریہ کو چھوڑ کر کہیں نہیں جاؤں گا.....اور اگر اب بھی انکل نے فاریہ کی شادی اکبر سے کرنی

!!....کی کوشش کی تو میں اس بار اسے جان سے مار دوں گا

!!...وسیم غصے سے چلایا

ہوش میں رہہ کر بات کرو...تم پہلے ہی بہت بڑی بیوقوفی کر چکے ہو اب مزید کوئی غلطی مت کرنا....میں

اب بھی تمہیں کہہ رہا ہوں دبئی چلے جاؤ کچھ عرصے کے لیے.....میں بھائی صاحب سے بات کر لوں

!!...گا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!..اس کے ماموں نے نرمی لہجے میں اس سمجھانا چاہا

!!...لیکن ماموں

لیکن ویکن کچھ نہیں اگر تم میری بات نہیں مانو گے تو میرا مرا ہوا منہ دیکھو گے کیونکہ میں تمہارے باپ سے وعدہ کر چکا ہوں کہ وہ اب یہاں نہیں رہے گا اب تم خود ہی فیصلہ کر لو تمہارے لئے میں ضروری ہوں یا تمہاری محبت...؟

!...ماموں کی بات سن کر وہ شاک میں آ گیا اس نے بے بسی سے ماموں کی طرف دیکھا

! ..ماموں یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں.....میں اس کے بغیر مر جاؤں گا

!!...اس کا لہجہ زخمی تھا

میں حمید احمد سے بات کرو گا اور اس کو مجبور کروں گا کہ وہ فاریہ کا رشتہ تمہیں دے لیکن ابھی یہ وقت مناسب نہیں ہے کچھ وقت گزرنے دو اس کا غصہ بھی کم ہو جائے گا اور پھر میں مناسب وقت دیکھ کر بات کر لوں گا لیکن تمہیں فوری یہاں سے نکلنا ہے ... !!

!!.....اس کے ماموں نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے تسلی دی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ٹھیک ہے لیکن پکا آپ بات کریں گے نا؟

!!...وسیم نے بوجھل دل کے ساتھ وہاں جانے کی ہامی بھری

!!...ہاں پکا

!!...ماموں نے اس کو گلے سے لگاتے ہوئے کہا

اسی رات کی فلائٹ سے ہی وسیم دبئی پہنچ چکا تھا اور یہ وہی وقت تھا جب اس کی ملاقات دبئی میں حمزہ سے .....ہوئی تھی

وسیم کے جانے کے کچھ عرصے بعد اس کے ماموں نے ایک بار پھر حمید احمد سے بات کی لیکن اس نے سختی سے اس موضوع پر بات کرنے سے منع کر دیا اور جب اکبر چلنے پھرنے کے قابل ہو گیا تو روتی بلکتی فاریہ کو اکبر کے ساتھ بیاہ دیا گیا وسیم کے دبئی چلے جانے سے فاریہ کو یہی لگا کہ وہ ڈر کر بھاگ گیا ہے وہ اس سے جی بھر کر بدگمان ہوئی....فاریہ کی شادی کی خبر وسیم تک بھی پہنچ چکی تھی اس خبر کے بعد وسیم نے واپس پاکستان آنے سے انکار کر دیا کہ وہ اب کبھی پاکستان نہیں آئے گا اس کے بعد پاکستان میں اس کا سوائے اپنے ماموں اور ممانی کے کبھی کسی سے رابطہ نہیں تھا ماموں اور ممانی سے بھی بس حال چال پوچھ کر وہ فون بند کر دیتا تھا اس کو فاریہ کے متعلق کوئی خبر نہیں تھی اور نا ہی اب وہ اس کے متعلق جاننا چاہتا تھا وہ تو اب اسے !! .....بھولنے کی کوشش میں لگا ہوا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ سالوں بعد پاکستان نا آنے کے فیصلے سے اسے پیچھے ہٹنا پڑا کیونکہ اس کی ماموں کی حالت بہت سیریس تھی ان کی ہارٹ اٹیک ہوا تھا اور وہ بڑی مشکل سے جانبر ہوئے تھے اس لیے وسیم کو فوری پاکستان آنا پڑا اور ان دنوں میں ہی اس کی بات حمزہ اور سعدیہ سے ہوئی تھی اور اسے برہان اور جاوید کی شادی کا پتہ چلا تھا تو اس نے شادی پر آنے کا وعدہ کر لیا.....!!

تو نے نفرت سے جو دیکھا تو مجھے یاد آیا

کیسے رشتے تیری خاطر یونہی توڑ آیا ہوں

کتنے دھندلے ہیں یہ چہرے جنہیں اپنایا ہے

کتنی اُجلی تھیں وہ آنکھیں جنہیں چھوڑ آیا ہوں

شکر ہے یار تم آ گئے ہو ورنہ میں تو سمجھ رہا تھا کہ وعدہ کر کے مکر گئے ہو.....؟

....!! حمزہ نے وسیم کو گلے سے لگاتے ہوئے کہا

.....!! وسیم ابھی ابھی پہنچا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.....سوری یار میں پہلے آنا چاہتا تھا لیکن ماموں کی طبیعت بہت خراب تھی جس کی وجہ سے لیٹ ہو گیا

!!...وسیم نے معذرت کی

!!...اوااللہ پاک آپ کے ماموں کو صحت اور لمبی عمر دے

!!...حمزہ کے کہنے پر اس نے آمین کہا تھا

آج مہندی ہے نا؟

!!....وسیم نے اپنے چاروں طرف دیکھ کر پوچھا

!!...ہاں

!!...حمزہ نے جواب دیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

واویار بہت زبردست انتظامات ہیں ہر چیز بڑی نفاست سے سجائی گئی ہے

I am very Impressed...

وسیم نے پھولوں اور برقی لائٹس سے سجے ہوئے سٹیج کو دیکھ کر کہا جہاں دلہے اور دلہن کو مہندی لگائی جانی تھی.....صوفوں کے سامنے میز پر تازہ گلاب کے پھولوں کا گلدستہ بھی پڑا تھا...!!

جس نے بھی یہ سب انتظامات کیے ہیں اس کو داد دینی پڑے گی....!!

وسیم نے مسکراتے ہوئے کہا

اچھا اس کو بھی داد دے لینا آؤ پہلے تمہیں سعدیہ اور زویا سے ملاؤں وہ سب آپ کا انتظار کر رہے ہیں جاوید بھی ادھر ہی ہے.....!!

حمزہ نے اس کو ہاتھ سے پکڑ کر ایک طرف لے جاتے ہوئے کہا...!!

اومائی گاڈ...وسیم تم آ گئے....سعدیہ اس کو دیکھ کر بہت خوش ہوئی...!

زویا تم کچھ کمزور لگ رہی ہو کچھ کھایا پیا کرو یار...؟

وسیم نے زویا کو دیکھ کر تبصرہ کیا تو سب نے ہنسنے لگے.....!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.....کمزور نہیں جی ڈائٹ پر ہوں

!!..زویا نے منہ بسور کر کہا

!!...اچھا اچھا خفامت ہو میں تو مذاق کر رہا تھا

!!.....جاوید بھائی مائی فرینڈ وسیم

!!...حمزہ نے جاوید سے تعارف کروایا

!!....بڑا ذکر سنا تھا تمہارا آج مل بھی لیا

!!...جاوید نے وسیم سے ہاتھ ملاتے ہوئے کہا وسیم جواب میں ہلکا سا مسکرایا

!!...تھوڑی دیر گپ شپ لگانے کے بعد وسیم حمزہ کو لے کر فریش ہونے کے لیے چلا گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہانے کے بعد فریش ہو کر اس نے کپڑے بدلے.....اور آج پھر کافی عرصے بعد اس نے کالے رنگ کا سوٹ پہنا تھا جو ہمیشہ کی طرح اس پر جچ رہا تھا آئینے کے سامنے کھڑا وہ بڑی زخمی نظروں سے خود کو دیکھ رہا تھا....!!

.....!!!ویسے ایک بات کہوں_____کالے رنگ کا سوٹ تم پر بہت جچتا ہے

فاریہ کی چہتی اور زندگی سے بھرپور آواز اس کے کانوں میں گونجی تھی ہلکی سی مسکراہٹ اس کے لبوں پر پھیل گئی...!!

....!!کالا رنگ تو سوگ کا ہوتا ہے اور آج میں کالے رنگ کا سوٹ پہن کر تیرا سوگ مناؤں گا

.....!!آئینے کو دیکھتے ہوئے اس نے خود کلامی کی

.....!!اللہ ہو اکبر اللہ ہو اکبر

...!!قریبی مسجد سے عشاء کی اذان کی آواز سنائی دی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سچ سچ بتاؤ نماز پڑھی تم نے.....؟

!!...اذان کی آواز سن کر اسے ایک بار پھر فاریہ کی بات یاد آئی

!!....سوری.....یاد نہیں رہا

!!...اس نے سر کجھاتے ہوئے جواب دیا تھا

بہت بری بات ہے اللہ ناراض ہوتا ہے اور جن سے اللہ ناراض ہو جائے نا پھر وہ کہیں کے نہیں رہتے وعدہ

!!....کرو نماز کبھی نہیں چھوڑو گے

!!....فاریہ کی غصے سے بھری آواز اس کے کانوں میں گونجی

اس کی نظر بیڈ کے ساتھ ٹیبل پر پڑی جائے نماز پر پڑی اس نے وضو کر کے وہی کمرے میں جائے نماز بچھائی

!!....اور پشمانی کی حالت میں اپنے مالک کے حضور جھک گیا اپنی غلطیوں پر شرمندہ تھا

فاریہ تم سچ کہتی تھی جن سے اللہ ناراض ہو جائے پھر وہ کہیں کے بھی نہیں رہتے_____ مجھے سے

میرا اللہ ناراض ہو گیا ہے اور میں بھی اب کہیں کا نہیں رہا_____ سب لوگ مجھ سے ناراض ہیں پاپا

نے کبھی مجھ سے بات تک نہیں کی کال کر کے میرا حال تک نہیں پوچھا بھائی بھی کال نہیں کرتے.....بس

ایک ماموں ہیں اس کے علاوہ سب لوگ مجھے بہت برا سمجھتے ہیں_____ کیا میں برا ہوں؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے دعا کے لیے اٹھے ہاتھ کپکپا رہے تھے سالوں سے رکا ہوا بند ھ ٹوٹ گیا تھا آج اس کے آنکھیں جم کر برس رہیں تھیں اور ایک سکون سا اس کے دل میں اترتا جا رہا تھا کیونکہ اس کے یہ آنسو بلکل خالص تھے وہ (واقعی پشیمان تھا اور جو دل سے شرمسار ہوں اللہ انکی توبہ قبول کر لیتا ہے

پتر اپنے آنسو اپنے رب کے سوا کسی کے سامنے مت بہنے دینا _____ اسے عاجزی اور انکساری بہت پسند ہے اوپر والے کے سامنے جھک جاؤ پھر وہ تمہیں کسی اور کے سامنے جھکنے نہیں دے گا لوگوں کے سامنے گڑگڑانے سے اچھا ہے اپنے رب کے سامنے گڑگڑاؤ وہ تمہاری خالی جھولی کو بھر دے گا _____ وہ مالک ہے انسانوں کی طرح احسان کر کے جتاتا نہیں _____ بلکہ وہ تو خوش ہوتا ہے جب اس کا بندہ اس کے سامنے گڑگڑاتا ہے روتا ہے اور اس کی عظمت کا اعتراف کرتا ہے اور اپنی غلطیوں کا اعتراف کرتا ہے _____ اور پھر وہ اس شخص سے راضی ہو جاتا ہے _____ اور جب اللہ کسی سے راضی ہو جائے تو پھر اس کی دنیا بھی سنور جاتی اور آخرت بھی _____ یہ تو انسان ہے جو دل میں بغض پالے پھرتا ہے انسان روٹھ جائے تو اس کو منانا مشکل ہے لیکن رب کو منانا بڑا آسان ہے پتر ایک خالص آنسو کا قطرہ بہہ جائے تو وہ مان جاتا ہے _____ !!

اسے اپنے دادا ابو کی وہ باتیں یاد آ رہی تھی جن کو وہ سن تو لیتا تھا پر ان کی باتوں پر عمل نہیں کرتا تھا اس کے اشکوں کی روانی میں تیزی آ گئی تھی اس کے صرف ہاتھ اٹھے ہوئے تھے اور وہ رو رہا تھا لیکن کچھ بھی مانگنے سے قاصر تھا اس کے ہونٹ لرز رہے تھے وہ کچھ مانگنا چاہتا تھا لیکن الفاظ نہیں رہے تھے لیکن وہ تو رب ہے نا جو دل میں ہے جان لیتا ہے اور جو اس کے دل میں تھا مالک نے جان لیا تھا _____ !!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!____جانے وہ کیسے لوگ تھے جن کے پیار کو پیار ملا

!!!_____ہم نے تو خوشیاں مانگیں کانٹوں کا ہار ملا

بلیک سوٹ پہنے ہاتھ میں پیش قیمتی گھڑی پہنے وہ گنگناتا ہوا سٹرھیوں سے اتر رہا تھا اس کا رخ سٹیج کی طرف تھا جہاں جاوید اور برہان کو منہدی لگائی جا رہی تھی ایک جانی پہچانی آواز پر اس کے قدموں کو تالے لگ گئے !!....اور اسنے چونک کر آواز کی سمت دیکھا

!!....سوری میم غلطی ہو گئی آئندہ ایسا نہیں ہو گا

!!....ایک لڑکا سر جھکائے ایک خوبصورت لڑکی کے سامنے کھڑا شرمندہ نظر آ رہا تھا

!!!.....سوری کے بچے بھاگ کر جاؤ اور جلدی سے تازہ پھول لے کر آؤ فنکشن سٹارٹ ہونے والا ہے

!!....اس نے ڈانٹ کر سامنے کھڑے ہوئے شخص کو جانے کا اشارہ کیا

!!..... وسیم پر تو جیسے حیرت کے پہاڑ ٹوٹ پڑے فاریہ کو دیکھ کر

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فاریہ یہاں کیا کر رہی ہے؟

وسیم منہ ہی منہ میں بڑبڑایا

!!...اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ اب زندگی میں دوبارہ کبھی فاریہ سے ملاقات ہو گی

!!.....وسیم یار تم یہاں کیا کر رہے ہو سب لوگ وہاں کب سے تمہارا انتظار کر رہے ہیں

!!...حمزہ کی آواز پر وہ چونکا

حمزہ یہ لڑکی یہاں کیا کر رہی ہے؟

!!...وسیم نے اس کے سوال کا جواب دینے سے پہلے فاریہ کی طرف اشارہ کر کے پوچھا

!!.....چھوڑو یار کبھی خوبصورت لڑکی نہیں دیکھی.....یہ ایونٹ آرگنائزر ہے فا

!!...بات کرتے کرتے حمزہ خود بھی چونک گیا اور مکمل نام لیتے لیتے رک گیا

!!...وسیم جس سے پیار کرتا تھا اس لڑکی کا نام بھی فاریہ ہے

!!.....اسے سعدیہ کی بات یاد آئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حمزہ نے حیرت سے پہلے وسیم کی طرف دیکھا اور پھر فاریہ کی طرف دیکھا جو کسی لڑکے کو کچھ ہدایات دی رہی تھی.....!!

رک کیوں گئے ہو بولتے کیوں نہیں....؟

...!!وسیم دوبارہ گویا ہوا

کہیں یہ تمہاری کزن تو جس سے تم پیار کرتے تھے....؟اب جھوٹ مت بولنا مجھے سعدیہ نے بتایا تھا کہ تمہاری کزن کا نام بھی فاریہ ہی ہے ... !!

....!!حمزہ نے حیرت اور تجسس سے سوال کیا

.....!!!ہاں لیکن یہ

...!!وسیم نے ماتھے پر ہاتھ رکھ لیا اس کے سر میں درد کی لہر دوڑ گئی

تم ٹھیک تو ہو نا؟

...!!حمزہ اس کو پریشان دیکھ کر گھبرا گیا

....!!ہاں میں ٹھیک ہوں

...!!وسیم نے پیشانی مسلتے ہوئے جواب دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میرا خیال ہے کہ تم ٹھیک نہیں ہو_____ ریلیکس یار تم اتنے پریشان کیوں ہو گئے ہو...؟

!!...حمزہ نے اسے تسلی دی

!!...ایکسکیوزمی بات سنیں پلیز

وہ فاریہ تھی جس نے حمزہ کو مخاطب کیا تھا لیکن ساتھ میں وسیم کو دیکھ کر اس کی زبان کو تالے لگ گئے اور ٹرانس کی کیفت میں بنا پلک جھپکے وسیم کو دیکھے جا رہی تھی اس نے اسی کی پسند کا کالے رنگ کا سوٹ پہن رکھا تھا ہلکی ہلکی شیو میں وہ اسے پہلے سے بھی زیادہ دلکش لگ رہا تھا!!...

اگر کالا رنگ تمہیں اتنا ہی پسند ہے تو میں اب سے کالا رنگ ہی پہنوں گا بلکہ میں ایسا کرتا ہوں منہ پر بھی کالے رنگ کا پینٹ کروالیتا ہوں!!....

پہلی بار جب وسیم نے اس کے کہنے پر کالے رنگ کا سوٹ پہنا تھا فاریہ کو بہت اچھا لگا تھا جس کے جواب میں وسیم نے قہقہہ لگاتے ہوئے یہ کہا تھا!!...

وسیم.....تم؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!...کافی دیر بعد جب اس کے حواس بحال ہوئے تو اس کے منہ سے نکلا

!!....اچھا تم لوگ باتیں کرو میں ابھی آتا ہوں

!!...اتنا کہہ کر حمزہ وہاں سے فوری رفو چکر ہو گیا

!!....تم یہاں کیسے اور اکبر کہاں ہے؟اور ایسی بھی کیا مصیبت آن پڑی ہے کہ تمہیں یہ کام کرنا پڑ رہا ہے

!!....وسیم کے لہجے میں حیرت شامل تھی

چھوڑو اس بات کو اور تم سناؤ کیسے ہو؟ بڑے ہینڈسم لگ رہے ہو ظالم.....آج بھی کالے رنگ کا سوٹ پہنتے ہو تو دیکھنے والا اپنے حواسوں میں نہیں رہتا.....ابھی کچھ دیر پہلے میں بھی تمہیں دیکھ کر حواس کھو بیٹھی تھی....!!

اس کی بات کا جواب دینے کی بجائے فاریہ نے ہونٹوں پر ایک زخمی مسکراہٹ سجائے اس کی تعریف کی....!!

فاریہ یہ میرے سوال کا جواب نہیں ہے میں پوچھ رہا ہوں کہ اکبر کہاں ہے؟اور تم یہ کام کیوں کر رہی ہو؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وسیم فل ٹینس لگ رہا تھا

اکبر نے مجھے طلاق دے دی ہے_____ شادی کرنے کے بعد اس نے مجھے بہت زلیل کیا بات بات پر مارتا تھا..... تمہارا سارا غصہ مجھ پر نکالتا تھا کہتا تھا کہ تمہارا چہتا تمہیں چھوڑ کر بھاگ گیا ہے اور پتہ نہیں کن کن لفظوں سے میرے دل کے ٹکڑے ٹکڑے کرتا تھا پاپا اور امی پر جب اس کی اصلیت ظاہر ہوئی تو تب تک وہ مجھے طلاق دے چکا تھا_____ اور کام اس لیے کر رہی ہوں کہ اب میں پاپا کے ساتھ نہیں رہتی اب میں ان سب سے الگ رہتی ہوں رشتوں سے اعتبار اٹھ گیا تھا میرا..... لیکن تم کیوں پوچھ رہے ہے!!..._____ پوچھ تو ایسے رہے ہو جیسے تمہیں میرے کام کرنے سے بڑی تکلیف ہو رہی ہے

!!....آخر میں بات کرتے کرتے اس کا لہجہ طنزیہ ہو گیا

ہاں مجھے ہوئی ہے مجھے تکلیف_____ تڑپا ہوں تمہیں کام کرتے ہوئے دیکھ کر جو پلکوں پر بیٹھائے جانے کے قابل ہو وہ کام کرے تو اچھا نہیں لگتا!!....

!!.....وسیم نے اس کے طنز کو نظر انداز کرتے ہوئے جواب دیا

اگر اتنی ہی پرواہ کرتے تھے تو مجھے اکیلا چھوڑ کر کیوں چلے گئے تھے..... تمہیں پتہ ہے میں کتنا تڑپی تھی کتنا روئی تھی میرا تو تمہارے علاوہ کوئی دوست بھی نہیں تھا جس کو میں اپنا دکھ بتا کر دل کا بوجھ ہلکا کر

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیتی_____ اگر چھوڑ کر ہی جانا تھا تو اتنا پیار دینے کی کیا ضرورت تھی؟ کیوں میری ہر بات کو مان کر میرا مان بڑھاتے تھے؟ میری پسند کے رنگ کیوں پہنتے تھے؟ میری ڈانٹ خاموشی سے سن کر مسکراتے کیوں تھے؟ مجھے یہ احساس کیوں دلایا تھا کہ تمہارے دل کی ریاست کی ملکہ صرف میں؟ کیوں میری ہر بات کو حکم کا درجہ دیتے تھے؟_____ !!

وہ بولنے پر آئی تو بولتی چلی گئی اور وہ صرف سنتا رہا تھا بات کرتے ہوئے فاریہ کی آنکھیں اشک بار تھی لیکن آج وہ دل کر بوجھ ہلکا کرنا چاہتی تھی....اور وہ اس کی کسی بات میں مداخلت نہیں کر رہا تھا...!!

تمہیں پتہ ہے مجھے حکم چلانے کی عادت ہو گئی تھی_____ اور یہ سب تمہاری وجہ سے ہوا تھا تم تو چلے گئے تھے پھر میں کس پر حکم چلاتی؟ اس لیے سب نے مجھ پر حکم چلایا اور میں خاموشی سے سب سہتی رہی_____ میری عادتیں بگاڑ کر کیوں چلے گئے تھے؟ جواب دو اب بولتے کیوں نہیں؟_____ تمہاری یہی فرمانبرداری میرا حوصلہ بڑھاتی تھی_____ بس سر جھکا کر ساری باتیں سنتے رہتے تھے اب بھی ایسا ہی کر رہے ہو میرا حوصلہ کیوں آزماتے ہو؟ تم کوئی ایسا کام کیوں نے کرتے کہ مجھے تم سے نفرت ہو جائے....!!

فاریہ بلک بلک کر رو پڑی تھی اور وہ اسے خاموشی دیکھتا رہا تھا

اس کے پاس کہنے کے لیے کچھ بھی نہیں تھا ناسوری ناشکریہ جیسے کسی الفاظ کی گنجائش تھی...!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

____دل میں آگ ہے یہ کیسے تو لگا گیا

___میرے اشکوں کو بھی رونا اب ہے آ گیا

_____دنیا میں کیا باقی رہا

_____کیوں جانے خواہشیں کرے تو دل لگی کی

!!_____سن سائیاں تیرے عشق دیاں خیراں منگیاں

فاریہ میں مانتا ہوں کہ میں تمہیں چھوڑ کر چلا گیا تھا لیکن میں ڈر کر نہیں بھاگا تھا مجھے مجبور کیا گیا تھا

_____لیکن فاریہ میں آج بھی تم سے بہت محبت کرتا ہوں تم آج بھی میرے لیے اتنی ہی اہم ہو جتنی پہلے کبھی تھی....!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!...جب وہ کافی دیر رو چکی تو وسیم نے اسے قائل کرنے کی کی کوشش کی

!!... چھوڑو یار یہ محبت تمہارے بس کا روگ نہیں ہے تم کوئی اور کام کرو

!!... کہتی ہوئی فاریہ وہاں سے چلی گئی اور وہ کھڑا دیکھتا رہ گیا

جاوید اور ہادیہ کی شادی بڑی دھوم دھام سے انجام پائی وسیم نے بھی ہر پروگرام میں بھرپور شرکت کی لیکن وہ جو بھی کر رہا تھا سب دکھاوے کے لیے کر رہا تھا تاکہ حمزہ لوگ اس کی وجہ سے پریشان نا ہوں لیکن حمزہ سب کچھ دیکھ رہا تھا اور نوٹ کر رہا تھا شادی کا پروگرام ختم ہوتے ہی فاریہ وہاں سے چلی گئی اور اب وسیم بھی جانے کی تیاری کر رہا تھا لیکن حمزہ سب سے الگ تھلگ باہر لان میں پڑی کرسیوں پر اکیلا اداس بیٹھا تھا....!!

حمزہ یار تم یہاں ہو...؟ میں کب سے تمہیں ڈھونڈ رہی ہوں؟

سعدیہ اس کو ڈھونڈتی ہوئی وہاں پہنچ گئی حمزہ نے نظر اٹھا کر دیکھا اور کوئی جواب دیئے بغیر دوبارہ سر جھکا کر بیٹھ گیا....!!

حمزہ میں جانتی ہوں.....ہادیہ آپ لوگوں کے لیے بہن سے بڑھ کر تھی یقیناً تم اس کے جانے سے اداس ہو_____ لیکن حمزہ بیٹیوں اور بہنوں کو تو جانا ہی پڑتا ہے...!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....سعدیہ بھی ساتھ والی کرسی پر بیٹھ گئی وہ سمجھ رہی تھی کہ شاید وہ ہادیہ کے چلے جانے سے اداس ہے

آپی جس گھر میں گئی ہے وہ محبت کرنے والے لوگ ہیں کیونکہ میں برہان کو اچھی طرح جانتا ہوں وہ جتنا اچھا دوست ہے اس سے بھی اچھا شوہر ثابت ہو گا اس لیے مجھے آپی کی طرف سے کوئی پریشانی نہیں ہے بلکہ میں تو خوش ہوں کہ وہ محبت کرنے والے لوگوں میں ہے!!...

!!...حمزہ نے دھیمے سے لہجے میں جواب دیا

لیکن حمزہ یہ خوشی تمہارے چہرے پر دیکھائی کیوں نہیں دی رہی_____ مجھے ایسا کیوں لگ رہا ہے کہ تم اداس ہو؟؟؟؟

!!...سعدیہ نے حیرت سے سوال کیا

اگر تم چہرے پڑھنے میں اتنی ماہر ہو تو کیا تم نے وسیم کا چہرہ نہیں پڑھا؟

وہ بھی تو اداس ہے لیکن پھر بھی مسکرا رہا تھا ہر بات پر جس پر نہیں بھی مسکرانا چاہیے اس پر بھی مسکرا رہا تھا.....پتہ ہے بندہ ایسا کب کرتا ہے؟جب کرب اپنی انتہا کو پہنچ چکا ہوتا ہے جب درد تکلیف نہیں دیتا بلکہ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مزہ دیتا ہے جب کہنے کے لیے الفاظ نہیں ہوتے _____ جب رونے کے لیے آنسوؤں کا ذخیرہ باقی نہیں

!!...رہتا جب اداس ہونے سے بھی ادسی کم نا ہو رہی ہو تو بندہ یونہی مسکرا مسکرا کر خود کو اذیت دیتا ہے

!!.....حمزہ کا اداس لہجہ سعدیہ کو ساری بات سمجھا گیا تھا کہ وہ وسیم کی وجہ سے پریشان ہے

میں نے تمہارا ہجر سہا ہے _____ محبوب کی جدائی کتنی تکلیف دیتی ہے یہ مجھ سے بہتر کوئی نہیں جانتا

!!!!...._____ پتہ ہے سعدیہ جب بھی کوئی محبت کرنے والا اداس ہو تو میں بھی اداس ہو جاتا ہوں

!!....حمزہ بہت دکھی لگ رہا تھا

حمزہ حد ہے یار میں گھر جا رہا ہوں اور تم لوگ یہاں گپیں لگا رہے ہو _____ بندہ مہمان کے پاس ہی بیٹھ جاتا

!!_____ ہے کہ چلو کچھ دیر باتیں ہی کر لیتے ہیں بڑے بے مروت ہو یار

!!.....وسیم کی آواز پر دونوں نے چونک کر دیکھا اور اپنی اپنی کرسیوں سے کھڑے ہو گئے

کیا مسئلہ ہے یار تم دونوں مجھے اس طرح گھور گھور کر کیوں دیکھ رہے ہو؟

وسیم نے مسکراتے ہوئے پوچھا

بڑے پکے ہو یار غم میں بھی مسکرا لیتے ہو؟؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حمزہ نے حیرت سے اسے دیکھا

!!.... غم؟ مجھے کس بات کا غم ہے..... آپ لوگوں کو ضرور کوئی غلط فہمی ہوئی ہے

!!.....وسیم نے ہنستے ہوئے جواب دیا

میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ جب سے تم نے فاریہ کو دیکھا ہے اندر ہی اندر تڑپ رہے ہو لیکن ہم پر ظاہر

!!.... نہیں کر رہے

!!.....حمزہ نے تلخی سے جواب دیا

ایسا کچھ نہیں ہے یار_____ میں اس کو بھول چکا ہوں..... اب وہ میری زندگی میں شامل نہیں ہے اس

!!.... لیے مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ وہ کیا کر رہی ہے اور کس حال میں ہے

!!...وسیم نے ایک بار پھر زبردستی مسکرانے کی کوشش کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ کھوکھلی ہنسی ہنس کر تم سمجھتے ہو کہ ہمیں بے وقوف بنالو گے تو تمہاری غلط فہمی ہے_____ اگر تمہیں کوئی فرق نہیں پڑتا پھر ساری رات سوئے کیوں نہیں تھے_____ جب سب لوگ سو چکے تھے تو تم لان میں بیٹھ کر سگریٹ کیوں پی رہے تھے شاید کچھ بھولنے کی ناکام کوشش کر رہے تھے؟

!!...حمزہ نے اس سے سوال کیا

!!____وہ...وہ تو بس ایسے ہی کبھی کبھی پی لیتا ہوں لیکن کسی کے سامنے نہیں پیتا اس لیے رات کو پی رہا تھا

وسیم حمزہ کے سوال پر گھبرا گیا اس کو نہیں پتہ تھا کہ اس کو رات کو حمزہ نے لان میں سگریٹ پیتے دیکھ لیا تھا....!!

جھوٹ مت بولو یار.....اور ایک بات میری کان کھول کر سن لو تم کہیں نہیں جا رہے جب تک میں نہیں چاہوں گا تم نہیں جا سکتے....!!!

!!...حمزہ نے بڑے مان کے ساتھ اس کو روکا تھا

!!.....لیکن حمزہ مجھے کام ہے یار اور مجھے واپس بھی جانا ہے

وسیم نے بے بسی سے کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہاں واپس جانا ہے؟ دبئی...؟

!!....حمزہ نے سوالیہ نظروں سے اس کی طرف دیکھا

!!....ہاں

کتنے دنوں کے لیے؟

!!.....حمزہ نے فوری دوسرا سوال کیا

!پتہ نہیں

!!!....اس نے سر جھکا کر جواب دیا

!!....ٹھیک ہے چلے جانا_____ لیکن ابھی مجھے تم سے کوئی کام ہے وہ کر لیں پھر چلے جانا

!!...حمزہ نے عام سے لہجے میں کہا

....لیکن حمزہ

!!.....پلیز یار صرف دو دن اور میری خاطر

!....حمزہ نے التجا کی

...اچھا ٹھیک ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....وسیم نے ہامی بھر لی

!!.....آو کمرے میں چل کر چائے پیتے ہیں

!!...حمزہ نے اسے ہاتھ سے پکڑ کر اندر کی طرف کھینچا اور مجبوراً اسے حمزہ کا ساتھ دینا پڑا

حمزہ یار تم مجھے کہاں لے آئے ہو.....؟

!!_____وسیم نے آس پاس دیکھتے ہوئے کہا اس وقت وہ اور حمزہ ایک گھر کے سامنے کھڑے تھے

!!...بڑے بے صبرے ہو یار تھوڑا انتظار تو کرو پتہ چل جائے گا

حمزہ نے دروازے کے ساتھ لگا ہوا گھنٹی کا بٹن دبایا وسیم حمزہ کی بات سن کر خاموش ہو گیا_____کچھ دیر بعد دروازہ کھلا اور سامنے فاریہ کو دیکھ کر ایک بار پھر وسیم کا دل اتھل پتھل ہوا اس نے حیرت سے حمزہ کی طرف دیکھا اور پھر فاریہ کی طرف دیکھا فاریہ کی حالت بھی کچھ ایسی ہی تھی شاید وہ بھی انکی آمد کی توقع نہیں کر رہی تھی اس لیے اچانک ان دونوں کو اپنے سامنے دیکھ کر نروس ہو گئی !!...اور ناہی اس کے منہ سے کوئی بات نکل رہی تھی

کیا آپ ہمیں اندر آنے کے لیے نہیں کہیں گی.....؟

!!....حمزہ کو ہی بولنا پڑا کیونکہ وہ دونوں تو ایک دوسرے کو بس گھور رہے تھے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.....جی.....کیوں نہیں آپ اندر آئیں

!!.....فاریہ دروازے سے ایک طرف ہو گئی

جیسے ہی وہ اندر داخل ہوئے تو سامنے ایک چھوٹی سی تقریباً 4 سال کی بچی کھڑی تھی جو بڑی حیران کن

!!... نظروں سے حمزہ اور وسیم کو دیکھ رہی تھی بچی کو دیکھ کر حمزہ اور وسیم کی نظریں بھی آپس میں ملی

!!....یہ میری بیٹی ہے ہانیہ

!!!...فاریہ انکی آنکھوں میں چھپے سوال کو پڑھ چکی تھی

ماما یہ انکل کون ہیں؟

!!....اس بچی نے معصومیت سے سوال کیا

!!.....بیٹا یہ دونوں آپکے انکل ہیں

!!....فاریہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

!!...ارے ماشاءاللہ ہماری ہانیہ تو بہت پیاری ہے

!! .... حمزہ نے آگے بڑھ کر اسے پیار کیا

!!....اچھا بیٹا جاؤ کھیلو جا کر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فاریہ نے اسے پچکارتے ہوئے کہا تو وہ بھاگتی ہوئی وہاں سے چلی گئی فاریہ ان دونوں کو لے کر ڈرائنگ روم

!!.....میں چلی گئی ڈرائنگ روم میں داخل ہوتے ہی حمزہ اور وسیم دونوں ہی چونک گئے

!!.....چونکنے کی وجہ سامنے دیوار پر بڑے سے خوبصورت فریم میں لگی وسیم کی تصویر تھی

!!.....بیٹھیں میں آپ کے لیے چائے بنا کر لاتی ہوں

!!...کہتے ہوئے فاریہ فوری وہاں سے کچن کی طرف چلی گئی

ارے محترمہ کہاں جا رہی ہیں آپ.....؟

!!....جیسے ہی ہادیہ اٹھ کر جانے لگی برہان نے فوری اس کا ہاتھ پکڑ کر ساتھ بیٹھا لیا

!!.....میرا نکاجیا ڈھولا.....آپ لوگوں کے لیے ناشتہ بنانے جا رہی ہوں

!!...ہادیہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

!!.....ارے چھوڑیں محترمہ آپ سامنے بیٹھی رہیں ناشتے کی ضرورت ہی نہیں ہے

!!..برہان نے اس کی آنکھوں میں دیکھ کر کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.... محبت سے پیٹ نہیں بھرتا اس کے لیے کچھ کھانا بہت ضروری ہے

!!....ہادیہ نے ہنستے ہوئے جواب دیا اور دوبارہ اٹھ کر جانے لگی

!!...ہادیہ میں بہت خوش قسمت ہوں کہ مجھے تمہارا ساتھ میسر ہے

!!.... برہان کے لب و لہجے میں محبت جھلک رہی تھی

!!.....اور میں دنیا کی سب سے خوش قسمت لڑکی ہوں کہ مجھے آپ جیسا چھوٹا سا پیارا سا ہینڈسم ہمسفر ملا

ہادیہ نے اس کے ناک سے پکڑے کر ہلایا اور محبت پاش نظروں سے اسے دیکھتی ہوئی ناشتہ بنانے کے لیے

!!...چلی گئی

!!.....فاریہ میں تم سے ایک بات کرنا چاہتا ہوں

وسیم نے جھجکتے ہوئے پوچھا.....اس وقت وہ دونوں اکیلے تھے کیونکہ حمزہ بہانے سے اٹھ کر چلا گیا تھا اور

!!....فاریہ کی بیٹی ہانیہ سے کھیل رہا تھا اور ہانیہ حمزہ کے ساتھ بہت خوش نظر آرہی تھی

ہاں بولو کیا بات ہے؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فاریہ نے ہانیہ اور حمزہ کی طرف دیکھتے ہوئے جواب دیا

!!.....میں...میں تم سے شادی کرنا چاہتا ہوں

!!...وسیم کی بات سن کر فاریہ نے زخمی نظروں سے مسکراتے ہوئے اسے دیکھا

یہ جانتے ہوئے بھی کہ میری ایک چار سال کی بیٹی ہے.....؟

!.....فاریہ نے حیرت سے پوچھا

مجھے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا مجھے تم سے منسوب ہر چیز سے محبت ہے_____ہانیہ کو ایک باپ سے بڑھ

!!....کر محبت دوں گا

وسیم نے عزم سے کہا

!!.....لیکن میں شادی نہیں کرنا چاہتی

فاریہ نے تیکھے لہجے میں جواب دیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن کیوں؟

تم ساری زندگی ایک بچی کے ساتھ اکیلی نہیں رہ سکتی_____ ہم اس معاشرے میں رہ رہے ہیں جہاں انسانوں کی شکل میں بھیڑیے دندناتے پھرتے ہیں اکیلی عورت کو دیکھ کر ان کے منہ سے رال ٹپکنے لگتی ہے_____ اور میں تمہیں اکیلا نہیں رہنے دوں گا اور پلیز یہ بھی مت کہنا کہ مجھے تم سے محبت نہیں رہی !!.... کیونکہ جن سے محبت نا ہو انکی تصویریں دیواروں سے نہیں لٹکائی جاتی

!!... وسیم نے سختی سے کہا تھا

اگر اتنی ہی پرواہ کرتے تھے تو چھوڑ کر چلے کیوں گئے تھے؟

فاریہ نے شکوہ کناں نظروں سے دیکھ کر کہا

خدا کی قسم میں تمہیں چھوڑ کر نہیں جانا چاہتا تھا مجھے جذباتی بلیک میل کر کے بھیج دیا گیا تھا اور مجھ سے وعدہ کیا گیا تھا کہ فاریہ صرف تمہاری ہے !!.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بات کرتے کرتے وسیم کی آواز تھوڑی اونچی ہو گئی تھی جس پر حمزہ نے چونک کر دیکھا ہانیہ بھی شاید ڈر گئی تھی اس کے چہرے سے ہنسی غائب ہو گئی تھی....!!

انکل_____ وہ والے انکل میری ماما کو کیوں ڈانٹ رہے ہیں....؟

...!!ہانیہ نے معصومیت بھری لہجے میں سوال کیا

نہیں بیٹا وہ انکل آپ کی ماما کو ڈانٹ نہیں رہے بلکہ سمجھا رہے ہیں!!

....!!حمزہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

کیا سمجھا رہے ہیں؟

...!!ہانیہ نے دوبارہ سوال کیا

انکل تمہاری ماما کو سمجھا رہے ہیں کہ وہ انکے ساتھ گھر چلیں کیوں کہ وہاں بہت سے لوگ انکا انتظار کر رہے ہیں...!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....حمزہ نے جواب دیا

لیکن ماما وہاں کیوں نہیں جانا چاہتی اور وہ کون لوگ ہیں جو ماما کا انتظار کر رہے ہیں....!؟

!!....ہانیہ سوال پر سوال کیے جا رہی تھی

!!...آپ کی ماما اس لیے نہیں جانا چاہتی کہ وہ ان لوگوں سے ناراض ہیں اچھا اب مجھے اپنا گھر تو دکھاؤ

!!...حمزہ نے مسکراتے ہوئے بات کو گھمایا

اور اگر اب پھر تمہیں بلیک میل کیا گیا کہ اسے چھوڑ دو تو کیا تم مجھے پھر چھوڑ دو گے...؟

!!...فاریہ کی آنکھوں میں نمی سی تیر گئی

فاریہ اب میں مر جاؤں گا لیکن تمہیں چھوڑ کر کبھی نہیں جاؤں گا تم سے دور رہ کر جتنی اذیت میں نے سہی

!!....ہے اب اور ہمت نہیں ہے مجھ میں

!!...وسیم نے اس کو یقین دلایا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمہیں پتہ ہے تمہارے جانے کے بعد میں نے کتنی ٹھوکریں کھائی ہیں...؟ مجھے کتنی باتیں سننی پڑی ہیں پلیز اب مجھے اب مجھے ان ٹھوکروں سے بچا لینا میں پل پل مرتی رہی ہوں اب کچھ دن چین سے جینا چاہتی ہوں...

!!....بات کرتے ہوئے فاریہ کی آنکھیں چھلک پڑیں

!!....رونا مت پلیز اب میں تمہیں رونے نہیں دوں گا

وسیم نے محبت سے اس کا ہاتھ پکڑ کہا اسے تسلی دی اور اس کی آنکھیں خوشی سے چمک اٹھیں

آج سعدیہ اور حمزہ کی منگنی تھی سب لوگ بہت خوش تھے کیونکہ سب لوگ خوش قسمت نہیں ہوتے ہر !!.....ایک کو من چاہا پیار نہیں ملتا

سب کچھ خیریت سے انجام پایا.....اور سعدیہ حمزہ کے نام سے منسوب کر دی گئی اور ادھر وسیم بھی فاریہ کو لے کر ایک لمبے عرصے بعد گاؤں پہنچ گیا تھا سب لوگ فاریہ سے بہت شرمندہ تھے کہ ان لوگوں نے !!...اس کے ساتھ اچھا نہیں کیا تھا.....فاریہ نے دل بڑا کر کے سب کو معاف کر دیا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!...بیٹا تم بھی مجھے معاف کر دینا.....میں نے تمہیں غلط سمجھا تھا

!!...حمید احمد نے وسیم کو گلے سے لگا کر کہا

اب معافیاں چھوڑیں اور یہ بتائیں کہ ہم اپنی بیٹی کو واپس اپنے گھر لے جانے کب آئیں....؟؟

!!...وسیم کا ماموں جوان کے ساتھ ہی گیا تھا نے ہنستے ہوئے حمید احمد سے پوچھا

!!...آپ کی بیٹی ہے جب چاہیں آ کر لے جائیں

!!...حمید احمد نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

وسیم کا ماموں بلکل بھی تاخیر نہیں چاہتا تھا اس لیے کچھ دیر صلاح مشورے کے بعد ایک ہفتے بعد کی تاریخ طے کر دی گئی...!؟

!!.....سال بعد 1

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حمزہ شادی کروانے کے بعد اسلام آباد شفٹ ہو چکا تھا کیونکہ وہ ابھی تک اعجاز شاہ کے ساتھ اسلام آباد والے پلانٹ پر ہی کام کر رہا تھا اس لیے اس نے شادی کے کچھ ماہ بعد ہی سعدیہ کو اسلام آباد بلا لیا تھا جاوید بھی انسپکٹر بن چکا تھا اور لاہور میں ہی کام کر رہا تھا جبکہ برہان اور وسیم بھی لاہور میں ہی کام کر رہے تھے شادی کو ایک سال پورا ہونے پر حمزہ اور سعدیہ نے ایک بار پھر سب دوستوں کو اکٹھا کرنے کا پروگرام بنایا اور ایک پارٹی رکھی گئی جس میں تمام دوستوں کو دعوت دی گئی جس میں فاریہ اور وسیم بھی شامل تھے ..... !!!!

حمزہ..... حمزہ..... کہاں ہو یار جلدی آؤ مجھے دیر ہو رہی ہے میں نے شاپنگ کے لیے بھی جانا ہے ....!!

سعدیہ نے ناشتے کی میز پر بیٹھے بیٹھے آواز لگائی ...!!

آ رہا ہوں یار صبر بھی کرو..... ایک تو بیٹھی بٹھائی حکم چلاتی رہتی ہے ....!!

آخری بات اس نے منہ میں ہی بڑبڑائی تھی کیونکہ اونچی آواز میں بات کرنے کا انجام اچھی طرح جانتا تھا ....!!

یہ لیں بیگم صاحبہ..... آپ کا ناشتہ اور چائے ....!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حمزہ نے اس کے سامنے آملیٹ اور پراٹھے کے ساتھ چائے کا کپ بھی رکھتے ہوئے بڑے مؤدب انداز میں کہا ... !!!

کتنے لیزی ہو یار..... کتنی دیر لگا دی ناشتہ بنانے میں _____ تمہیں پتہ ہے مجھے شاپنگ کے لیے دیر ہو رہی ہے !!

سعدیہ نے حمزہ کو گھوری سے نوازتے ہوئے کہا ...!!

صدقے جاؤں شاپنگ کے لیے جانا ہے کوئی آفس نہیں جانا کو لیٹ ہو گئی تو باس ناراض ہو جائے گا اور اتنی ہی لیٹ ہو رہی تھی تو خود ناشتہ بنا لیتی اسی بہانے میں بھی تمہارے ہاتھ کا ناشتہ کر لیتا ...!!

حمزہ نے جل کر جواب دیا ...!!

ابھی پچھلے ہفتے ہی تو کروایا تھا اپنے ہاتھ کا ناشتہ ....!!

سعدیہ نے چائے کا کپ اٹھاتے ہوئے اسے یاد دلایا ...!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جھوٹ مت بولو.... ہر روز میں خود ناشتہ بناتا ہوں اور تمہیں بھی بنا کر دیتا ہوں اور پھر آفس سے واپسی پر باہر سے ہی کھانا لے کر آتا ہوں تم نے کب بنایا ہے؟

حمزہ نے طنزیہ کہا

وہ جس دن تمہیں بخار تھا اور تم آفس بھی نہیں گئے تھے تو اس دن کس نے بنایا تھا؟ میں نے ہی بتایا تھا اور تم جو مجھے ناشتہ بنا کر دیتے ہیں وہ کوئی مجھے پر احسان نہیں کرتے ہیں یہ سب تم اپنے ہونے والے بچے کے لیے کرتے ہو_____ ورنہ تمہیں میری اتنی پرواہ کہاں!!____

!!.... سعدیہ نے بات ختم کرتے ہی جھوٹی موٹی کے ٹسوے بہانے شروع کر دیئے

سعدیہ.... کیا ہو گیا ہے یار میں تو مذاق کر رہا تھا میں ساری زندگی تمہیں ناشتہ بنا کر دینے کے لیے تیار ہوں

!!..... پلیز چپ ہو جاؤ ورنہ ہمارے ہونے والے بچے کی صحت پر اثر پڑے گا

!!... حمزہ نے اٹھ کر جلدی سے سعدیہ کو چپ کروانے کی کوشش کی

دیکھا میں نے کہا تھا نا کہ تمہیں میری پرواہ نہیں ہے تمہیں بس اپنے بچے کی پرواہ ہے..... میں تو بس

!!.... تمہارے لیے کام کرنے کی مشین ہوں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....سعدیہ کے رونے کی آواز مزید بلند ہوئی

!....کل سب لوگ آرہے ہیں میں ہادیہ آپی سے تمہاری شکایت کروں گی

!!...سعدیہ نے جذباتی بلیک میل کرنے کی کوشش کی جس میں وہ کامیاب بھی رہی

سوری....سوری.....آئی ایم رئیلی سوری میری جان....آئندہ مذاق میں بھی کچھ نہیں کہوں گا____خدا

!!...کے لیے چپ ہو جاؤ یار اور پلیز آپی کو مت بتانا ورنہ وہ مجھے نہیں چھوڑیں گی

!!...حمزہ نے سعدیہ کو چپ کرانے کی ہر ممکن کوشش کی

!! .....اچھا ٹھیک ہے نہیں بتاتی آپی کو_____لیکن میری ایک شرط ہے

!!...سعدیہ نے اپنے جھوٹی موٹی کے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا

مجھے تمہاری ہر شرط منظور ہے.....بتاؤ مجھے کیا کرنا؟

حمزہ بغیر سنے اس کی ہر شرط ماننے کے لیے تیار تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم ناشتہ مجھے اپنے ہاتھوں سے کرواؤ گے...؟

سعدیہ نے پراٹھے اور آملیٹ کی پلیٹ اس کی طرف کھسکاتے ہوئے کہا... حمزہ اس کی فرمائش پر ہلکا سا مسکرایا !!....وہ روزانہ کوئی نا کوئی بہانہ کر کے کھانا اسی کے ہاتھ سے کھاتی تھی

اچھا ٹھیک ہے میں خود ناشتہ کرواتا ہوں اپنی پیاری سے وائف کو.....ہوں اب خوش؟

حمزہ نے مسکراتے ہوئے ایک لقمہ توڑ کر اپنے ہاتھ سے اس کے منہ میں ڈالا اور خود چائے کا کپ اٹھا کر اس کے ہونٹوں سے لگایا تو اب کی بار دو خالص آنسوؤں کے قطرے اس کی جھیل جیسی خوبصورت آنکھوں سے !!..نکل کر حمزہ کے ہاتھوں پر گرے

اب کیوں رو رہی ہو_____؟

حمزہ نے ہلکا سا مسکراتے ہوئے سامنے پڑے باکس سے ایک ٹشو نکال کر اس کی طرف بڑھایا جس کو پکڑنے !!...کی بجائے سعدیہ نے روتے ہوئے حمزہ کے دونوں ہاتھوں کو مضبوطی سے پکڑ کر ان کو بوسہ دیا

کیا ہو گیا ہے یار اب تو میں نے تمہاری شرط مان لی ہے اب کیوں رو رہی ہو.....؟

!!...حمزہ نے اس کے آنسوؤں پونچھتے ہوئے کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خدا کرے کہ ہر لڑکی کے نصیب میں تمہارے جیسا محبت کرنے والا اور خیال رکھنے والا شوہر ہو

!!...سعدیہ سنجیدگی سے کہا

اچھا ٹھیک ہے مجھے آفس سے دیر ہو رہی ہے میں چلتا ہوں_____ کوشش کروں گا کہ جلدی آجاؤں

!!....کیونکہ کل کی پارٹی کے لیے تیاری بھی کرنی ہے

!!...کہتے ہوئے حمزہ نے کرسی پر پڑا ہوا اوسکٹ اٹھا کر پہنا اور خدا حافظ کہہ کر آفس کے لیے جانے لگا

!!...حمزہ آئی لو یو سو مچ

!! ....ابھی وہ دروازے تک ہی پہنچا تھا کہ اسے سعدیہ کی محبت بھری آواز سنائی دی

!!...آئی لو یو ٹو مائی ڈیئر

حمزہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا اور دروازہ کھول کر باہر نکل گیا...اور سعدیہ وہاں کھڑی اپنی قسمت پر

!!...رشک کر رہی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ساری تیاریاں مکمل ہو چکی تھی سارے مہمان پہنچ چکے تھے جن میں وسیم برہان جاوید سب لوگ اپنی اپنی بیویوں سمیت آئے تھے پارٹی شروع تھی.....!!

ارے واہ فاریہ ماشاءاللہ تم تو بہت پیاری لگ رہی ہو!!

سعدیہ اس کی تعریف کیے بنا نا رہہ سکی....!!

اوتھینک یو موٹو تم بھی بہت کیوٹ لگ رہی ہو....!!

فاریہ نے جواباً اسے چھیڑا جس پر وہاں موجود ہادیہ اور سونیا بھی کھل کھلا کر ہنس پڑیں...!!

فاریہ یار تم بھی_____ میں کسی کو بھی نہیں چھوڑوں گی تمہاری شکایت کرتی ہوں وسیم سے....!!

سعدیہ نے اسی دھمکی دی...!!

سچ کہوں تو تم بھی بہت پیاری لگ رہی ہو بلکل کسی پری کی مانند خوبصورت....!!

فاریہ نے اسے گلے سے لگاتے ہوئے کہا...!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....دیکھاو سیم کے نام سے ہی ڈر گئی

!!!...سعدیہ نے قہقہہ لگایا

ڈرنا چاہیے یار شوہر ہے میرا ناراض ہو گیا تو...؟

فاریہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

یار یہ حمزہ اور برہان لوگ نظر نہیں آرہے وہ کہاں چلے گئے ہیں...؟

!!!...ہادیہ نے ادھر ادھر نظریں دوڑاتے ہوئے پوچھا

!!.....حمزہ کا تو بہانہ ہے سیدھی طرح کہو کہ برہان نظر نہیں آرہا

!!....سونیا کی بات پر سب نے قہقہے لگائے

اور نہیں تو کیا_____اس کا چھوٹا سا پیارا سا شوہر کہیں گم ہو گیا تو؟

سعدیہ نے بھی اپنا حصہ ڈالنا مناسب سمجھا...اور ایک بار پھر سے نے ہنسنے پر زور دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہائے لیڈیز کیسی ہیں آپ سب.....؟

یہ حمزہ تھا جس کے ساتھ برہان جاوید اور وسیم بھی تھے سب کے ہاتھوں میں شربت کے گلاس پکڑ رکھے تھے جنہیں وہ چھوٹی چھوٹی چسکیاں لے کر پی رہے تھے...!!

حمزہ یار آج تو ساری لیڈیز پریاں نہیں لگ رہیں...؟

جاوید نے سونیا کی طرف دیکھ کر کہا تھا

جاوید بھائی باقی لیڈیز کا سہارا لے کر اپنی بیگم کی تعریف کر رہے ہیں آپ...!!

ہادیہ کی بات پر سب ہنس پڑے....!!

وسیم تم کیوں گھور گھور کر دیکھ رہے ہو نظر لگ جائے گی بچی کو...!!

سعدیہ نے مسکراتے ہوئے فاریہ کو سینے سے لگا لیا ... !!

ہاہاہاہاہا_____ سعدیہ باز آجاؤ....!!

وسیم مسکراتے ہوئے اسے وارننگ دی...!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حمزہ یار ایک بات تو بتاؤ جاوید لاہور میں ڈیوٹی کر رہا ہے وسیم لاہور ہے میں بھی لاہور میں ہی کام کر رہا ہوں ایک تم ہی ہو جس نے کیپیٹل (اسلام آباد) پر قبضہ کیا ہوا ہے اپنے باس سے کہو کہ تمہیں لاہور والے پلانٹ پر بھیج دے تاکہ ہم لوگ ہر روز ایک دوسرے سے مل سکیں....!!!

برہان نے اسے مشورے سے نوازا.....!!

ہاں حمزہ برہان بلکل ٹھیک کہہ رہا ہے

ہادیہ نے بھی برہان کی تائید کی...

یار وہ کوئی میرے باپ کی فیکٹری نہیں ہے جو میں اپنی من مرضیاں کرتا پھروں....!!

حمزہ نے ہنستے ہوئے جواب دیا....!!!

ابھی وہ باتیں کر رہی رہے تھے کہ اعجاز شاہ بھی وہاں پہنچ گیا جس کو دیکھ کر تمام لیڈیز خواتین والی سائیڈ پر چلیں گئی اعجاز شاہ کے ساتھ سخاوت صاحب بھی تھے....!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے سر آپ؟

!!...حمزہ نے بڑی گرم جوشی سے دونوں کا استقبال کیا

حمزہ صاحب بڑے بیوفا ہیں آپ اسلام آباد آکر بھول ہی گئے ٹھیک ہے کہ میں آپ کو پسند نہیں ہوں لیکن

!!...بندہ کبھی کبھار تو حال چال پوچھ ہی لیتا ہے

!!...سخاوت صاحب نے حمزہ سے شکوہ کیا

ہاہاہاہاہا.... نہیں سر ایسی کوئی بات نہیں ہے دراصل میں تھوڑا مصروف تھا_____ سر میں نے بھی

آپ کو بہت مس کیا اس لیے ماضی میں جو ہوا اس کے لیے آپ سے معذرت خواہ ہوں مجھے آپ سے اس

!!!...طرح بات نہیں کرنی چاہیے تھی

حمزہ نے سخاوت سے اپنے سابقہ رویے کی معافی مانگی جب حمزہ نے میٹنگ کے دوران سخاوت صاحب کو

!!...کھری کھری سنادی تھی

!!..... نہیں حمزہ تم میرے بچوں کی طرح ہو اور بڑے بچوں کی باتوں کو دل پر نہیں لیتے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!...سخاوت صاحب نے حمزہ کو گلے لگالیا

!!...کمال ہے بھئی ہمیں بھی کوئی پوچھے گا یا پھر ہم کوئی رومانوی فلم دیکھنے آئے ہیں

!!....اعجاز شاہ نے مسکراتے ہوئے مداخلت کی

!!...ہاہاہاہاہا....سوری سر بس ہم لوگ ذرا جذباتی ہو گئے تھے

!!.....حمزہ نے ہنستے ہوئے جواب دیا

حمزہ آج میں اس خوشی کے موقع پر ایک خوش خبری دینے آیا ہوں اور وہ یہ ہے کہ میں تمہیں لاہور واپس بھیج رہا ہوں اب تم لاہور پلانٹ پر جی ایم کی حیثیت سے کام کرو گے اور یہ سب میں سخاوت صاحب کی !!...سفارش پر کر رہا ہوں ورنہ میرا تمہیں اسلام آباد سے کہیں اور بھیجنے کا موڈ بلکل بھی نہیں تھا

اعجاز شاہ نے مسکراتے ہوئے اسے خوش خبری سنائی جس پر وہاں موجود سب کے چہرے خوشی سے کھل اٹھے خاص کر برہان بہت خوش لگ رہا تھا

!!....تھینک یو سو مچ سر

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حمزہ نے ایک بار پھر سخاوت صاحب اور اعجاز شاہ کا شکریہ ادا کیا کچھ دیر باتیں کرنے اور کھانا کھانے کے بعد اعجاز شاہ اور سخاوت صاحب واپس چلے گئے...!!

اب وہاں صرف جاوید برہان وسیم اور حمزہ ہی رہہ گئے تھے باقی مہمانوں کو رخصت کرنے کے بعد سعدیہ فاریہ ہادیہ اور سونیا بھی ان سب کے پاس آگئی اور سب لوگ حمزہ کو لاہور ٹرانسفر ہونے پر مبارکباد دے رہے تھے.....!!

ویسے یار ہم سب کتنے خوش قسمت ہیں کہ جس کو چاہا اسے پالیا....!!

حمزہ نے محبت بھری نظروں سے سعدیہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا...!!

اللہ کرے ہر کوئی ہماری طرح خوش قسمت ہو...!!

اس بار جاوید نے کہا تھا...!!

میرا تو یہ ماننا ہے جہاں یار ہوں وہاں جنت ہے اور میں اس لیے بھی خوش قسمت ہوں کہ میرے دوست آپ سب ہیں....!!

برہان نے بھی اپنی دل کی بات شئیر کی...!!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہر کوئی ہماری طرح خوش قسمت نہیں ہوتا یارو.....اور نا ہی ہر کہانی کا اینڈ ہماری کہانیوں جیسا ہوتا ہے کیونکہ ہر کہانی کا اینڈ اچھا نہیں ہوتا کچھ کہانیاں ایسی بھی ہوتی ہیں جن سے ہمیں عبرت پکڑنی چاہیے

!!...._____بیشک اوپر والا ہم سب پر مہربان ہے اور اللہ پاک ہم سب پر ہمیشہ اسی طرح مہربان رہے

...وسیم کی بات سن کر سب نے آمین کہا

بھول جانے کی دعا نا دے

اندھیرا ہی اچھا دیا نا دے

مجھ سے نرم لہجے میں بات مت کر

اس طرح وفاؤں کا صلہ نا دے

تم تو آشنا ہو میری ہر ادا سے

تو تو بے رخی کا گلہ نا دے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وسیم تجھ کو میں بھول جاؤں

کبھی وقت ایسا خدا نا دے

(محمد وسیم بلوچ)

ختم شد

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Tau lazawal Hota Hai | By Muhammad waseem (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel